جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	إِذَا	سَلَّمْتُمْ	مَّآ	اٰتَيْتُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ
گناہ	تم پر	جب	دے دو	جو	دینا ہے تم کو	دستور کے مطابق	اور	ڈرو	اللہ سے

جب کہ تم انہیں دے دو جو کچھ دستور کے مطابق مقرر ہوا تھا اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	الَّذِيْنَ	يُتَوَفَّوْنَ	مِنْكُمْ
اور	جان لو	کہ بیشک	اللہ	اس کو	جو تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	اور	وہ جو	مرجائیں	تم میں سے

اور خوب جان لو کہ بیشک اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے۔ اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں

وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ

وَيَذَرُوْنَ	اَزْوَاجًا	يَّتَرَبَّصْنَ	بِاَنْفُسِهِنَّ	اَرْبَعَةَ	اَشْهُرٍ	وَّعَشْرًا
اور چھوڑ جائیں	بیویاں	انتظار کریں	اپنی جانوں سے	چار	مہینے	اور دس دن

اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ عورتیں اپنے آپ کو چار مہینے دس دن انتظار میں رکھیں

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

فَاِذَا	بَلَغْنَ	اَجَلَهُنَّ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا	فَعَلْنَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ
پھر جب	پہنچ جائیں	اپنی عدت کو	تو نہیں	گناہ	تم پر	اس میں جو	کریں	اپنے آپ کیلئے

پھر جب وہ اپنی عدت پوری کر لیں تو کوئی حرج نہیں تم پر اس بات میں جو دستور (شرع) کے مطابق وہ اپنے حق

بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

بِالْمَعْرُوْفِ	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	وَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا
شریعت کے موافق	اور	اللہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	خبردار ہے	اور نہیں	گناہ	تم پر	اس بات میں

میں کریں اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب خبردار ہے۔ اور تم پر گناہ نہیں اس بات میں

عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ

عَرَّضْتُمْ	بِهٖ	مِنْ خِطْبَةِ	النِّسَآءِ	اَوْ	اَكْنَنْتُمْ	فِيْٓ	اَنْفُسِكُمْ	عَلِمَ
پوشیدہ طور پر دو	اسے	پیام سے	عورتوں کو	یا	چھپاؤ	میں	اپنی جانوں کے	جانتا ہے

جو پردہ رکھ کر تم عورتوں کے نکاح کا پیغام دو یا اپنے دل میں چھپا رکھو اللہ جانتا ہے کہ اب تم

اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ

اللّٰهُ	اَنَّكُمْ	سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ	وَ	لٰكِنْ	لَّا	تُوَاعِدُوْهُنَّ	سِرًّا	اِلَّآ	اَنْ
اللہ	بیشک تم	تم یاد کرو گے	اور	لیکن	نہ	وعدہ کروان سے	خفیہ	مگر	یہ کہ

ان کی یاد کرو گے ہاں ان سے خفیہ وعدہ نہ کرو مگر یہ کہ اتنی ہی بات کہو جو شرع میں

تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ۬ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ

تَقُوْلُوْا	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا	وَ	لَا	تَعْزِمُوْا	عُقْدَةَ	النِّكَاحِ	حَتّٰى	يَبْلُغَ
کہو تم	کہنا	شریعت کے موافق	اور	نہ	پکی کرو	گرہ	نکاح کی	یہاں تک کہ	پہنچ جائے

معروف ہے اور نکاح کی گرہ پکی نہ کرو جب تک لکھا ہوا حکم اپنی

الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

الْكِتٰبُ	اَجَلَهٗ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ
لکھا ہوا	اپنی میعاد کو	اور	جان لو	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو	تمہارے دل میں ہے

میعاد کو نہ پہنچ لے اور جان لو کہ اللہ تمہارے دل کی بات جانتا ہے تو اس

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

فَاحْذَرُوْهُ	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	لَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
تو اس سے ڈرو	اور	جان لو	کہ بیشک	اللہ	بخشنے والا	حلم والا ہے	نہیں	گناہ	تم پر

سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک اللہ بخشنے والا حلم والا ہے۔ تم پر کچھ مطالبہ نہیں

اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚ

اِنْ	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	مَا	لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ	اَوْ	تَفْرِضُوْا	لَهُنَّ	فَرِيْضَةً
اگر	طلاق دو تم	عورتوں کو	جب تک	تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا	یا	مقرر کرلیا ہو	ان کیلئے	کوئی مہر

اگر تم عورتوں کو طلاق دو جب تک تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو یا کوئی مہر مقرر نہ کر لیا ہو

وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا

وَّ	مَتِّعُوْهُنَّ	عَلَى	الْمُوْسِعِ	قَدَرُهٗ	وَ	عَلَى	الْمُقْتِرِ	قَدَرُهٗ	مَتَاعًا
اور	سامان دو ان کو	اوپر	مقدور کے	اسکی حیثیت سے	اور	اوپر	تنگدست کے	اسکی حیثیت سے	سامان ہے

اور ان کو کچھ سامان دے دو وسعت والے پر اُس کی وسعت کے مطابق اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق بھلے

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى	الْمُحْسِنِيْنَ	وَاِنْ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ
حسب دستور	حق ہے	اوپر	بھلائی کرنے والوں کے	اور اگر	طلاق دو تم ان کو	پہلے

طریقے سے ساز و سامان دینا ہے یہ احسان کرنے والوں پر حق ہے اور اگر تم نے انہیں چھونے (جماع کرنے) سے پہلے طلاق

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا

اَنْ	تَمَسُّوْهُنَّ	وَ	قَدْ	فَرَضْتُمْ	لَهُنَّ	فَرِيْضَةً	فَنِصْفُ	مَا
اس سے کہ	ہاتھ لگاؤ ان کو	اور	بے شک	مقرر کیا تم نے	ان کے لئے	حق مہر	تو آدھا ہے	جو

دے دی اور تم ان کے لیے مہر مقرر کر چکے تھے تو اس مہر کا مقرر کیا آدھا حصہ دینا ضروری ہے

فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ

فَرَضْتُمْ	اِلَّآ	اَنْ	يَّعْفُوْنَ	اَوْ	يَعْفُوَا	الَّذِيْ	بِيَدِهٖ	عُقْدَةُ	النِّكَاحِ	وَ	اَنْ
مقرر کیا تم نے	مگر	یہ کہ	وہ معاف کریں	یا	معاف کردے وہ	وہ	جس کے ہاتھ میں	اختیار ہے	نکاح کا	اور	یہ کہ

سوائے اس کے کہ وہ اپنا حق خود معاف کر دیں یا وہ شوہر جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے معاف کر دے یعنی بجائے نصف کے زیادہ یا پورا ادا

تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَیْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا

تَعْفُوْٓا	اَقْرَبُ	لِلتَّقْوٰی	وَ	لَا	تَنْسَوُا	الْفَضْلَ	بَیْنَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا
معاف کردو تم	یہ بہت قریب ہے	پرہیزگاری کے	اور	نہ	بھولو	احسان کرنا	آپس میں	بیشک	اللہ	اس کو جو

کردے اور اے مردو! اگر تم معاف کر دو تو یہ تقویٰ کے قریب تر ہے اور کشیدگی کے ان مواقع میں بھی آپس میں احسان کرنا نہ بھولا کرو، بے شک

تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی ق

تَعْمَلُوْنَ	بَصِیْرٌ	حٰفِظُوْا	عَلَی الصَّلَوٰتِ	وَ	الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی
تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	نگہبانی کرو	سب نمازوں کی	اور	بیچ کی نماز کی

اللہ تمہارے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔ سب نمازوں کی حفاظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی

وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ

وَ	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قٰنِتِیْنَ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	فَرِجَالًا	اَوْ
اور	کھڑے ہو	اللہ کیلئے	ادب سے	پھر اگر	تمہیں ڈر ہو	تو پیدل	یا

اور اللہ کے حضور (سراپا ادب اور) عاجز بن کر قیام کرو۔ پھر اگر تم (حالتِ) خوف میں ہو تو پیدل یا

رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ

رُكْبَانًا	فَاِذَآ	اَمِنْتُمْ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَمَا	عَلَّمَكُمْ	مَّا	لَمْ
سوار	پھر جب	تم امن میں ہو	تو یاد کرو	اللہ کو	جیسا کہ	اس نے تمہیں سکھایا	جو	نہیں

سوار ہونے کی حالت میں (نماز پڑھ لو) اس کے بعد جب تم بے خوف ہو جاؤ تو اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں

تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ

تَكُوْنُوْا	تَعْلَمُوْنَ	وَ	الَّذِیْنَ	یُتَوَفَّوْنَ	مِنْكُمْ	وَیَذَرُوْنَ
تھے تم	جانتے	اور	وہ جو	مر جائیں	تم میں سے	اور چھوڑ جائیں

سکھایا ہے وہ جو تم نہ جانتے تھے۔ اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں

اَزْوَاجًا ۚ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ

اَزْوَاجًا ۚ	وَّصِيَّةً	لِّاَزْوَاجِهِمْ	مَّتَاعًا	اِلَى الْحَوْلِ	غَيْرَ
بیویاں	وصیت ہو	اپنی عورتوں کیلئے	نان ونفقہ کی	سال تک	بغیر

وہ (مرنے سے پہلے) اپنی بیویوں کیلئے وصیت کر جائیں سال بھر تک انہیں خرچہ دینے کی بغیر

اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ

اِخْرَاجٍ	فَاِنْ	خَرَجْنَ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْ مَا	فَعَلْنَ
نکالنے کے	پھر اگر	خود نکل جائیں	تو نہیں	گناہ	تم پر	اس میں جو	وہ کریں

نکالے پھر اگر وہ (خود) نکل جائیں تو تم پر کوئی گناہ نہیں اس میں جو اپنے حق میں

فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾

فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ	مِنْ مَّعْرُوْفٍ	وَ	اللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ
اپنے معاملے میں	دستور کے مطابق	اور	اللہ	غالب	حکمت والا ہے

انہوں نے دستور کے مطابق کیا اور اللہ بہت غالب ہے بڑی حکمت والا۔

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ	مَتَاعٌ	بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى	الْمُتَّقِيْنَ
اور مطلقہ کے لئے	نان ونفقہ ہے	دستور کے مطابق	واجب ہے	اوپر	پرہیزگاروں کے

اور طلاق یافتہ عورتوں کیلئے بھی مناسب طور پر نان و نفقہ ہے یہ حق ہے پرہیزگاروں پر۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾ ع اَلَمْ تَرَ

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	اَلَمْ تَرَ
ایسے ہی	بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنی آیتیں	تاکہ تم	سمجھو	کیا نہ دیکھا تُو نے

اس طرح اللہ تعالیٰ اپنی آیات تمہارے لیے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھو۔ (اے حبیب ﷺ!) کیا

ع ۳۱ / ۱۵

اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ

حَذَرَ الْمَوْتِ	اُلُوْفٌ	هُمْ	وَ	مِنْ دِيَارِهِمْ	خَرَجُوْا	الَّذِيْنَ	اِلَى
موت کے ڈر سے	ہزاروں تھے	وہ	اور	اپنے گھروں سے	نکلے	ان کے جو	طرف

آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل

فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۫ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	اَحْيَاهُمْ	ثُمَّ	مُوْتُوْا	اللّٰهُ	لَهُمُ	فَقَالَ
اللہ	بے شک	زندہ کیا ان کو	پھر	مرجاؤ	اللہ نے	ان کو	تو فرمایا

گئے حالانکہ وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے تو اللہ نے انہیں حکم دیا مر جاؤ سو وہ مر گئے پھر انہیں زندہ فرما دیا، بیشک اللہ

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾

يَشْكُرُوْنَ	لَا	النَّاسِ	اَكْثَرَ	لٰكِنَّ	وَ	النَّاسِ	عَلَى	لَذُوْ فَضْلٍ
شکر کرتے	نہیں	لوگ	اکثر	لیکن	اور	لوگوں کے	اوپر	صاحب فضل ہے

لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن اکثر لوگ اس کا شکر ادا نہیں کرتے۔

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾

عَلِيْمٌ	سَمِيْعٌ	اللّٰهَ	اَنَّ	اعْلَمُوْٓا	وَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	قَاتِلُوْا	وَ
جاننے والا ہے	سننے والا	اللہ	کہ بیشک	جان لو	اور	اللہ کے راستے میں	لڑو	اور

(اے مسلمانو!) اللہ کی راہ میں جنگ کرو اور جان لو کہ بیشک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ

لَهٗ	فَيُضٰعِفَهٗ	حَسَنًا	قَرْضًا	اللّٰهَ	يُقْرِضُ	مَنْ ذَا الَّذِيْ
اس کے لئے	تو دگنا کرے اسے	اچھا	قرض	اللہ کو	قرض دے	کون ہے وہ جو

کون ہے وہ شخص جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے تو اللہ اسے بڑھا کر اس کیلئے کئی گنا کر دے

اَضۡعَافًا كَثِيۡرَةً ؕ وَ اللّٰهُ يَقۡبِضُ وَ يَبۡصُۜطُ ۠ وَ اِلَيۡهِ

اَضۡعَافًا	كَثِيۡرَةً	وَ	اللّٰهُ	يَقۡبِضُ	وَ	يَبۡصُطُ	وَ	اِلَيۡهِ
بہت گنا	بڑھادے	اور	اللہ	تنگی کرتا ہے	اور	کشائش کرتا ہے	اور	اسی کی طرف

اور اللہ تعالیٰ ہی تنگی پیدا کرتا ہے اور کشادگی بھی اور اسی کی طرف تم

تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمۡ تَرَ اِلَى الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ

تُرۡجَعُوۡنَ	اَلَمۡ تَرَ	اِلَى	الۡمَلَاِ	مِنۡۢ بَنِىۡۤ	اِسۡرَآءِيۡلَ
تم پھیرے جاؤ گے	کیا نہ دیکھا آپ نے	طرف	سرداروں کی	اولاد	یعقوب سے

لوٹائے جاؤ گے۔ کیا آپ ﷺ نے نہیں دیکھا اولادِ یعقوب کے ایک گروہ کو

مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰى ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِىٍّ لَّهُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلۡ

مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰى	اِذۡ	قَالُوۡا	لِنَبِىٍّ	لَّهُمُ	ابۡعَثۡ	لَنَا	مَلِكًا	نُّقَاتِلۡ
موسیٰ کے بعد	جب	بولے	نبی	اپنے سے	مقرر کر	ہمارے لئے	بادشاہ	تاکہ لڑیں ہم

موسیٰ علیہ السلام کے بعد جب انہوں نے اپنے ایک نبی سے کہا ہمارے لئے کوئی بادشاہ مقرر کر دو کہ

فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلۡ عَسَيۡتُمۡ اِنۡ كُتِبَ عَلَيۡكُمُ الۡقِتَالُ اَلَّا

فِىۡ	سَبِيۡلِ	اللّٰهِ	قَالَ	هَلۡ	عَسَيۡتُمۡ	اِنۡ	كُتِبَ	عَلَيۡكُمُ	الۡقِتَالُ	اَلَّا
میں	راہ	اللہ	فرمایا	کیا	قریب ہے کہ	اگر	لکھا جائے	تم پر	لڑائی کرنا	یہ کہ نہ

ہم اللہ کی راہ میں جہاد کریں نبی نے فرمایا کیا تم اس بات کے قریب ہو کہ تم قتال نہ کرو اگر تم پر قتال فرض کیا جائے؟

تُقَاتِلُوۡا ؕ قَالُوۡا وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَقَدۡ

تُقَاتِلُوۡا	قَالُوۡا	وَ	مَا لَنَاۤ	اَلَّا	نُقَاتِلَ	فِىۡ	سَبِيۡلِ	اللّٰهِ	وَ	قَدۡ
لڑو تم	بولے	اور	کیا ہے ہم کو	یہ کہ نہ	لڑیں ہم	میں	راہ	خدا کے	اور	بیشک

وہ بولے ہمیں کیا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں حالانکہ ہم نکالے گئے اپنے گھروں

وقف لازم

اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِيَارِنَا وَ اَبۡنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيۡهِمُ

اُخۡرِجۡنَا	مِنۡ دِيَارِنَا	وَ	اَبۡنَآئِنَا	فَلَمَّا	كُتِبَ	عَلَيۡهِمُ
نکالے گئے ہیں ہم	اپنے وطن سے	اور	اپنی اولاد سے	پھر جب	لکھا گیا	ان پر

اور اپنے اہل و عیال سے پھر جب ان پر قتال فرض ہوا تو ان میں سے

الۡقِتَالُ تَوَلَّوۡا اِلَّا قَلِيۡلًا مِّنۡهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِالظّٰلِمِيۡنَ ﴿۲۴۶﴾

الۡقِتَالُ	تَوَلَّوۡا	اِلَّا	قَلِيۡلًا	مِّنۡهُمۡ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيۡمٌ	بِالظّٰلِمِيۡنَ
لڑنا	تو پھر گئے	مگر	تھوڑے	ان میں سے	اور	اللہ	جاننے والا ہے	ظالموں کو

چند لوگوں کے سوا سب پھر گئے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

وَقَالَ لَهُمۡ نَبِيُّهُمۡ اِنَّ اللّٰهَ قَدۡ بَعَثَ لَكُمۡ طَالُوۡتَ مَلِكًا ؕ

وَ	قَالَ	لَهُمۡ	نَبِيُّهُمۡ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَدۡ بَعَثَ	لَكُمۡ	طَالُوۡتَ	مَلِكًا
اور	کہا	ان سے	ان کے نبی نے	بیشک	اللہ نے	یقیناً مقرر کیا ہے	تمہارے لئے	طالوت کو	بادشاہ

اور ان کے نبی نے ان سے فرمایا: "یقیناً اللہ تعالیٰ نے طالوت کو تمہارے لیے بادشاہ مقرر کیا ہے۔"

قَالُوۡۤا اَنّٰى يَكُوۡنُ لَهُ الۡمُلۡكُ عَلَيۡنَا وَنَحۡنُ اَحَقُّ بِالۡمُلۡكِ

قَالُوۡۤا	اَنّٰى	يَكُوۡنُ	لَهُ	الۡمُلۡكُ	عَلَيۡنَا	وَ	نَحۡنُ	اَحَقُّ	بِالۡمُلۡكِ
بولے	کیسے	ہوگی	اس کی	بادشاہت	ہم پر	اور	ہم	زیادہ حق دار ہیں	حکومت کے

انہوں نے جواب دیا: "ہمارے اوپر اس کی بادشاہت کیسے ہوسکتی ہے حالانکہ ہم بادشاہت کے

مِنۡهُ وَلَمۡ يُؤۡتَ سَعَةً مِّنَ الۡمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ

مِنۡهُ	وَ	لَمۡ	يُؤۡتَ	سَعَةً	مِّنَ الۡمَالِ	قَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ
اس سے	اور	نہیں	دیا گیا وہ	وسعت	مال کی	فرمایا	بیشک	اللہ نے

اس سے زیادہ حقدار ہیں اور اس کو مالی کشادگی بھی نہیں دی گئی؟" نبی نے فرمایا:

اُصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ

اصْطَفٰىهُ	عَلَيْكُمْ	وَ	زَادَهٗ بَسْطَةً	فِي الْعِلْمِ	وَالْجِسْمِ
چن لیا ہے اسے	تم پر	اور	اس کو وسعت دی	علم میں	اور جسم میں

"یقیناً اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارے مقابلے میں چنا ہے اور اسے علمی اور جسمانی کشادگی عطا کی ہے۔" اور اللہ تعالیٰ

وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ

وَاللّٰهُ	يُؤْتِيْ	مُلْكَهٗ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	وَقَالَ
اور اللہ	دیتا ہے	اپنا ملک	جسے	چاہے	اور	اللہ	وسعت والا	جاننے والا ہے	اور فرمایا

جسے چاہتا ہے اپنا ملک عطا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا جاننے والا ہے۔ اور ان سے ان

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ

لَهُمْ	نَبِيُّهُمْ	اِنَّ	اٰيَةَ	مُلْكِهٖٓ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	التَّابُوْتُ	فِيْهِ
ان کو	ان کے نبی نے	بے شک	نشانی	اس کی حکومت کی	یہ کہ	آئے گا تمہارے پاس	تابوت	اس میں

کے نبی نے فرمایا اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس صندوق آئے جس میں

سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ

سَكِيْنَةٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ	بَقِيَّةٌ	مِّمَّا	تَرَكَ	اٰلُ	مُوْسٰى	وَاٰلُ
دلوں کا چین ہے	تمہارے رب کی طرف سے	اور	کچھ بچی ہوئی ہیں	اس سے جو	چھوڑ گئے	آل	موسیٰ	اور آل

تمہارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون کی۔

هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

هٰرُوْنَ	تَحْمِلُهُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لَّكُمْ	اِنْ
ہارون	اٹھاتے لائیں گے	فرشتے	بے شک	اس میں	نشانی ہے	تمہارے لئے	اگر

اس کو فرشتے اٹھا کر لائیں گے۔ بے شک اس میں بڑی نشانی ہے تمہارے لئے

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ

بِالْجُنُوْدِ	طَالُوْتُ	فَصَلَ	فَلَمَّا	مُّؤْمِنِيْنَ	كُنْتُمْ
اپنے لشکروں کے ساتھ	طالوت	جدا ہوا	تو جب	ایمان والے	ہو تم

اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ پھر جب طالوت اپنے لشکروں کو لے کر شہر سے نکلا

قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ

مِنْهُ	شَرِبَ	فَمَنْ	بِنَهَرٍ	مُبْتَلِيْكُمْ	اللّٰهَ	اِنَّ	قَالَ
اس سے	پیے	تو جو	ایک نہر سے	عنقریب آزمانے گا تمہیں	اللہ	بیشک	بولا

تو اس نے کہا بے شک اللہ تمہیں ایک نہر کے ذریعے آزمانے والا ہے پس جس نے اس میں سے

فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ

مَنِ	اِلَّا	مِنِّيْٓ	فَاِنَّهٗ	يَطْعَمْهُ	لَّمْ	مَنْ	وَ	مِنِّيْ	فَلَيْسَ
وہ جو	مگر	مجھ سے ہے	تو بیشک وہ	پیے اس سے	نہ	جو	اور	مجھ سے	تو نہیں

پانی پیا سو وہ میرے ساتھیوں میں سے نہیں ہو گا اور جو اس کو

اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا

قَلِيْلًا	اِلَّا	مِنْهُ	فَشَرِبُوْا	بِيَدِهٖ	غُرْفَةًۢ	اغْتَرَفَ
کم نے	مگر	اس سے	تو سب نے پی لیا	اپنے ہاتھ سے	چلو لے لے	ایک چلو

نہیں پیے گا پس وہی میری جماعت سے ہو گا مگر جو شخص ایک چلو (کی حد تک)

مِّنْهُمْ ؕ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا

لَا	قَالُوْا	مَعَهٗ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	وَ	هُوَ	جَاوَزَهٗ	فَلَمَّا	مِّنْهُمْ
نہیں	بولے	اس کے ساتھ	جو ایماندار تھے	وہ	اور	وہ	گزرے	تو جب	ان سے

اپنے ہاتھ سے پی لے سو ان میں سے چند لوگوں کے سوا باقی سب نے اس سے پانی پی لیا پس جب طالوت

طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ط قَالَ الَّذِيْنَ

طَاقَةَ	لَنَا	الْيَوْمَ	بِجَالُوْتَ	وَ	جُنُوْدِهٖ	قَالَ	الَّذِيْنَ
طاقت	ہم میں	آج	جالوت سے	اور	اس کے لشکروں سے	بولے	وہ جنہیں

اور ان کے ایمان والے ساتھی نہر کے پار چلے گئے تو کہنے لگے آج ہم میں جالوت اور اس کی فوجوں

يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ لا كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ

يَظُنُّوْنَ	اَنَّهُمْ	مُّلٰقُوا	اللّٰهِ	كَمْ مِّنْ	فِئَةٍ	قَلِيْلَةٍ
یقین تھا	کہ بیشک وہ	ملنے والے ہیں	اللہ سے	بہت سی	جماعتیں	تھوڑی

سے مقابلے کی طاقت نہیں جو لوگ یہ یقین رکھتے تھے کہ وہ اللہ سے ملاقات کا شرف پانے والے ہیں،

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَ اللّٰهُ مَعَ

غَلَبَتْ	فِئَةً	كَثِيْرَةً	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	مَعَ
غالب آجاتی ہیں	جماعتوں	بہت پر	حکم	خداوندی سے	اور	اللہ	ساتھ ہے

کہنے لگے کئی مرتبہ اللہ کے حکم سے تھوڑی سی جماعت بڑی جماعت پر غالب آ جاتی ہے اور اللہ

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا

الصّٰبِرِيْنَ	وَلَمَّا	بَرَزُوْا	لِجَالُوْتَ	وَجُنُوْدِهٖ	قَالُوْا
صبر کرنیوالوں کے ساتھ	اور جب	سامنے آیا	جالوت	اور اس کا لشکر	تو کہا

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جب وہ جالوت اور اس کی فوجوں کے مقابل ہوئے تو

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

رَبَّنَآ	اَفْرِغْ	عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّثَبِّتْ	اَقْدَامَنَا	وَانْصُرْنَا	عَلَى
اے ہمارے رب	انڈیل	ہم پر	صبر	اور جمادے	ہمارے قدم	اور مدد کر ہماری	اوپر

عرض کرنے لگے اے ہمارے پروردگار ہم پر صبر اتار اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافر قوم

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَقَتَلَ دَاوٗدُ

الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ	فَهَزَمُوْهُمْ	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَقَتَلَ	دَاوٗدُ
قوم	کفار کے	تو بھگایا ان کو	حکم	خدا سے	اور قتل کیا	داؤد نے

کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ تو انہوں نے ان کو اللہ کے حکم سے شکست دے دی اور داؤد نے

جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ

جَالُوْتَ	وَ	اٰتٰىهُ	اللّٰهُ	الْمُلْكَ	وَالْحِكْمَةَ	وَ	عَلَّمَهٗ	مِمَّا	يَشَآءُ
جالوت کو	اور	دیا انہیں	اللہ نے	ملک	اور حکمت	اور	سکھایا اس کو	جو کچھ	چاہا

جالوت کو قتل کر دیا اور اللہ نے انہیں سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور جو چاہا انہیں علم عطا فرمایا

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ

وَ	لَوْلَا	دَفْعُ	اللّٰهِ	النَّاسَ	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لَّفَسَدَتِ	الْاَرْضُ
اور	اگر نہ	دفع کرتا	اللہ	لوگوں کو	بعض ان کے	بعض سے	تو ضرور تباہ ہو جاتی	زمین

اور اگر بعض لوگوں کا بعض لوگوں سے اللہ کا دور کرنا مقصود نہ ہوتا تو زمین ضرور تباہ ہو جاتی

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	ذُوْ	فَضْلٍ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	اللّٰهِ	نَتْلُوْهَا
اور لیکن	اللہ	صاحب	فضل ہے	اوپر	سارے جہان کے	یہ	آیتیں ہیں	اللہ کی	پڑھتے ہیں ان کو

لیکن اللہ تمام جہانوں پر فضل فرمانے والا ہے ۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں ہم آپ پر حق

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ	وَ	اِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ
آپ پر	ٹھیک ٹھیک	اور	بیشک آپ	یقیناً	رسولوں میں سے ہیں

کے ساتھ ان کی تلاوت فرماتے ہیں اور بے شک ضرور آپ رسولوں میں سے ہیں۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ

تِلْكَ	الرُّسُلُ	فَضَّلْنَا	بَعْضَهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	مِنْهُمْ	مَّنْ	كَلَّمَ	اللّٰهُ
یہ	رسول ہیں کہ	افضل کیا ہم نے	بعض کو	اوپر	بعض کے	ان میں سے	وہ ہیں کہ	کلام فرمایا	اللہ نے

یہ رسول (جن کا ذکر گزرا) ہم نے انہیں ایک دوسرے پر فضیلت دی۔ اُن میں سے کوئی وہ ہے جس سے اللہ نے (بلاواسطہ) کلام فرمایا اور

وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

وَرَفَعَ	بَعْضَهُمْ	دَرَجٰتٍ	وَاٰتَيْنَا	عِيْسَى	ابْنَ	مَرْيَمَ	الْبَيِّنٰتِ
اور بلند کیے	بعض کے	درجے	اور دیں ہم نے	عیسیٰ کو	بیٹے	مریم کے	نشانیاں

اُن میں سے ایک (محمد) کو (سب سے اوپر) کئی درجے اونچا کیا۔ اور ہم نے عیسیٰ بن مریم کو وہ روشن معجزے

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

وَاَيَّدْنٰهُ	بِرُوْحِ	الْقُدُسِ	وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَا	اقْتَتَلَ	الَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ
اور مدد کی ہم نے اسکی	روح	پاک سے	اور اگر	چاہتا	اللہ	نہ	لڑتے	وہ جو	ان کے بعد ہوئے

دیئے۔ اور ہم نے پاکیزہ روح (جبرئیل) کے ذریعے اُس کی مدد فرمائی۔ اور اگر اللہ (سب لوگوں کی ہدایت) چاہتا تو وہ لوگ

مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ

مِّنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْهُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَلٰكِنِ	اخْتَلَفُوْا	فَمِنْهُمْ
بعد	اس کے کہ	آئیں ان کے پاس	نشانیاں	اور لیکن	مختلف ہوئے	ان میں سے

جو اُن (رسولوں) کے بعد ہوئے اس کے بعد کہ اُن کے پاس روشن دلیلیں آچکیں آپس میں نہ لڑتے لیکن انہوں نے

مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۟ قف وَلٰكِنَّ

مَّنْ	اٰمَنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	كَفَرَ	وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَا	اقْتَتَلُوْا	وَلٰكِنَّ
وہ ہیں جو	ایمان لائے	اور ان سے	وہ ہیں	جو کافر ہوئے	اور اگر	چاہتا	اللہ	تو نہ	لڑتے	اور لیکن

(دین میں) اختلاف کیا پس اُن میں سے کوئی تو ایمان پر قائم رہا اور اُن میں سے کوئی کافر ہو گیا اور اگر اللہ چاہتا تو وہ نہ لڑتے

اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ

اللّٰه	يَفْعَلُ	مَا	يُرِيْدُ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اَنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰكُمْ
اللہ	کرتا ہے	جو	چاہے	اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	خرچ کرو	اس سے جو	ہم نے تمہیں دیا

لیکن اللہ وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کی راہ میں ہمارے دیئے میں سے خرچ کرو

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ط

مِنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَا	بَيْعٌ	فِيْهِ	وَلَا	خُلَّةٌ	وَ	لَا	شَفَاعَةٌ
اس سے پہلے	کہ	آئے	وہ دن	کہ نہ	خرید و فروخت ہو	اس میں	اور نہ	دوستی	اور	نہ	شفاعت

وہ دن آنے سے پہلے جس میں نہ خرید و فروخت ہے نہ (کافروں کیلئے) دوستی اور نہ شفاعت

وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ج

وَالْكٰفِرُوْنَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	اَللّٰهُ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	اَلْحَيُّ	الْقَيُّوْمُ
اور کافر	تو خود ہی	ظالم ہیں	اللہ ہے	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	زندہ	قائم رکھنے والا

اور کافر بڑے ہی ظالم ہیں۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط

لَا	تَاْخُذُهٗ	سِنَةٌ	وَ	لَا	نَوْمٌ	لَهٗ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ
نہیں	پکڑتی اسے	اونگھ	اور	نہ	نیند	اسی کا ہے	جو کچھ	میں	آسمانوں	اور جو کچھ	زمین میں ہے

وہ ہمیشہ سے زندہ ہے۔ قائم رکھنے والا ہے۔ اس کو نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

مَنْ ذَا الَّذِيْ	يَشْفَعُ	عِنْدَهٗ	اِلَّا	بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
کون ہے وہ جو	سفارش کرے	اس کے حضور	مگر	اس کے اذن سے	وہ جانتا ہے	جو	ان کے سامنے ہے

اسی کا ہے۔ کون ہے جو اس کے پاس سفارش کرے؟ مگر اس کے اذن کے بغیر وہ جانتا ہے جو کچھ اُن کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ

وَمَا	خَلْفَهُمْ	وَلَا	يُحِيطُونَ	بِشَيْءٍ	مِّنْ عِلْمِهِ	إِلَّا	بِمَا	شَاءَ
اور جو کچھ	پیچھے ہے	اور نہیں	احاطہ کرسکتی	کچھ	اس کے علم سے	مگر	جتنا	وہ چاہے

اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے۔اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرسکتے مگر جتنا وہ چاہے۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۚ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ

وَسِعَ	كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	وَلَا	يَئُودُهُ	حِفْظُهُمَا	وَهُوَ
سمائے ہوتے ہیں	اس کی کرسی میں	آسمان	اور زمین	اور نہیں	بھاری اسے	محافظت ان کی	اور وہ وہی ہے

اس کی کرسی میں آسمان اور زمین سمائے ہوئے ہیں۔اور ان دونوں کی حفاظت اُسے نہیں تھکاتی۔اور وہی بلند

الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ

الْعَلِيُّ	الْعَظِيمُ	لَا	إِكْرَاهَ	فِي الدِّينِ	قَدْ تَبَيَّنَ	الرُّشْدُ
بلند	بڑائی والا	نہیں	زبردستی	دین میں	بیشک ظاہر ہوگئی	ہدایت

مرتبہ،عظمت والا ہے۔ دین میں کوئی زبردستی نہیں، بے شک ہدایت گمراہی سے واضح طور پر

مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

مِنَ الْغَيِّ	فَمَنْ	يَكْفُرْ	بِالطَّاغُوتِ	وَيُؤْمِنْ	بِاللَّهِ	فَقَدِ	اسْتَمْسَكَ
گمراہی سے	تو جو	نہ مانے	شیطان کو	اور ایمان لائے	اللہ پر	تو بے شک	تھامی اس نے

الگ ہو چکی ہے سو جو کوئی معبودانِ باطل کا انکار کر دے اور اللہ پر ایمان لے آئے تو اس نے ایک ایسا مضبوط حلقہ تھام لیا

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۖ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٥٦﴾ اللَّهُ

بِالْعُرْوَةِ	الْوُثْقَىٰ	لَا	انْفِصَامَ	لَهَا	وَاللَّهُ	سَمِيعٌ	عَلِيمٌ	اللَّهُ
گرہ	محکم	نہیں	کھلنا	اس کو	اور اللہ	سنتا	جانتا ہے	اللہ

جس کیلئے ٹوٹنا (ممکن) نہیں اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ اللہ مددگار ہے

وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِیْنَ

وَالَّذِیْنَ	النُّوْرِ	اِلَى	مِّنَ الظُّلُمٰتِ	یُخْرِجُهُمْ	اٰمَنُوْا	الَّذِیْنَ	وَلِیُّ
اور جو لوگ	نور کے	طرف	اندھیروں میں سے	نکالتا ہے انہیں	ایمان لائے	ان کا جو	والی ہے

ایمان والوں کا وہ انہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکالتا ہے اور جنہوں نے

كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى

اِلَى	مِّنَ النُّوْرِ	یُخْرِجُوْنَهُمْ	الطَّاغُوْتُ	اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ	كَفَرُوْۤا
طرف	نور سے	نکالتے ہیں انہیں	شیطان ہیں	ان کے حمایتی	کفر کریں

کفر کیا ان کا دوست شیطان ہے وہ انہیں روشنی سے تاریکیوں کی طرف

الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ اَلَمْ تَرَ

اَلَمْ تَرَ	خٰلِدُوْنَ	فِیْهَا	هُمْ	اَصْحٰبُ النَّارِ	اُولٰٓىٕكَ	الظُّلُمٰتِ
کیا نہ دیکھا آپ نے	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	وہ	دوزخ والے ہیں	یہ لوگ	اندھیروں کے

نکالتا ہے یہی لوگ دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (اے محبوب)

اِلَى الَّذِیْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِیْ رَبِّهٖۤ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ

قَالَ	اِذْ	الْمُلْكَ	اللّٰهُ	اٰتٰىهُ	اَنْ	رَبِّهٖۤ	فِیْ	اِبْرٰهٖمَ	حَآجَّ	الَّذِیْ	اِلَى
کہا	جب	بادشاہی	اللہ نے	دی اسے	یہ کہ	اس کے رب	میں	ابراہیم سے	جھگڑا	اس کی جو	طرف

کیا آپ نے اس شخص کو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے جھگڑا کیا ان کے رب کے بارے میں اس پر

اِبْرٰهٖمُ رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ ۗ قَالَ

قَالَ	وَاُمِیْتُ	اُحْیٖ	اَنَا	قَالَ	وَیُمِیْتُ	یُحْیٖ	الَّذِیْ	رَبِّیَ	اِبْرٰهٖمُ
فرمایا	اور مارتا ہوں	زندہ کرتا	میں بھی	کہا	اور مارتا ہے	جلاتا ہے	وہ ہے جو	میرا رب	ابراہیم نے

کہ اللہ نے اسے سلطنت دی جب ابراہیم نے فرمایا میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے اس نے کہا میں بھی زندہ

ع ۳۴ — وقف لازم

اِبۡرٰھٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاۡتِىۡ بِالشَّمۡسِ مِنَ الۡمَشۡرِقِ فَاۡتِ بِهَا

اِبۡرٰھٖمُ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	يَاۡتِىۡ	بِالشَّمۡسِ	مِنَ الۡمَشۡرِقِ	فَاۡتِ	بِهَا
ابراہیم نے	بے شک	اللہ	لاتا ہے	سورج کو	پورب سے	تو نکال	اسے

کرتا ہوں اور مارتا ہوں ابراہیم نے فرمایا کہ بے شک اللہ سورج کو مشرق سے لاتا ہے تو اس

مِنَ الۡمَغۡرِبِ فَبُهِتَ الَّذِىۡ كَفَرَ‌ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ‌ۚ‏ ﴿۲۵۸﴾

مِنَ الۡمَغۡرِبِ	فَبُهِتَ	الَّذِىۡ	كَفَرَ	وَاللّٰهُ	لَا	يَهۡدِى	الۡقَوۡمَ	الظّٰلِمِيۡنَ
پچھم سے	تو حیران رہ گیا	وہ جو	کافر تھا	اور اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	ظالموں کو

کو مغرب سے لے آ تو کافر بد حواس ہو کر عاجز ہو گیا اور اللہ ظلم کرنے والے لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اَوۡ كَالَّذِىۡ مَرَّ عَلٰى قَرۡيَةٍ وَّهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوۡشِهَا‌ۚ قَالَ اَنّٰى

اَوۡ	كَالَّذِىۡ	مَرَّ	عَلٰى	قَرۡيَةٍ	وَّ	هِىَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوۡشِهَا	قَالَ	اَنّٰى
یا	اس کی طرح جو	گزرا	اوپر	ایک بستی کے	اور	وہ	گری ہوئی تھی	اوپر	اپنی چھتوں کے	بولا	کیونکر

یا اس شخص کی مانند جو گزرا ایک بستی پر جو اپنی چھتوں پر گری پڑی تھی اُس نے کہا: اس کے ہلاک ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ اس کو

يُحۡىٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعۡدَ مَوۡتِهَا‌ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ‌ؕ قَالَ

يُحۡىٖ	هٰذِهِ	اللّٰهُ	بَعۡدَ	مَوۡتِهَا	فَاَمَاتَهُ	اللّٰهُ	مِائَةَ	عَامٍ	ثُمَّ	بَعَثَهٗ	قَالَ
زندہ کرے گا	اس کو	اللہ	بعد	اسکی موت کے	تو ماردیا اسے	اللہ نے	سو	سال	پھر	اٹھایا اس کو	فرمایا

کیسے زندہ کرے گا؟'' پھر اللہ تعالیٰ نے اس کو سو برس تک کے لیے موت دے دی۔ پھر اس کو زندہ کیا اور پوچھا: ''تم کتنا

كَمۡ لَبِثۡتَ‌ؕ قَالَ لَبِثۡتُ يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ‌ؕ قَالَ بَلۡ لَّبِثۡتَ مِائَةَ

كَمۡ	لَبِثۡتَ	قَالَ	لَبِثۡتُ	يَوۡمًا	اَوۡ	بَعۡضَ	يَوۡمٍ	قَالَ	بَلۡ	لَّبِثۡتَ	مِائَةَ
کتنا	ٹھہرا تو	کہا	میں ٹھہرا	ایک دن	یا	بعض حصہ	دن کا	فرمایا	بلکہ	ٹھہرا تو	سو

عرصہ اس حالت میں رہے؟'' اُس نے کہا: '' میں ایک دن یا اس کا کچھ حصہ رہا۔'' اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''بلکہ تم سو برس تک اسی

عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى

عَامٍ	فَانْظُرْ	اِلٰى	طَعَامِكَ	وَشَرَابِكَ	لَمْ	يَتَسَنَّهْ	وَانْظُرْ	اِلٰى
سال	پس دیکھ	طرف	اپنے کھانے کے	اور اپنے پینے کے	نہیں	بلایا	اور دیکھ	طرف

حالت میں رہے ہو۔ پس اپنی کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو وہ بالکل خراب نہیں ہوئیں۔ اور تم اپنے گدھے کو دیکھو اور تاکہ

حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ

حِمَارِكَ	وَلِنَجْعَلَكَ	اٰيَةً	لِّلنَّاسِ	وَانْظُرْ	اِلَى	الْعِظَامِ	كَيْفَ
اپنے گدھے کے	اور تاکہ بنائیں ہم تجھ کو	نشانی	لوگوں کے لئے	اور دیکھ	طرف	ہڈیوں کے	کس طرح

ہم تمہیں لوگوں کے لیے نشانی بنا دیں۔ اور ہڈیوں کی طرف دیکھو کیسے ہم ان کا ڈھانچہ کھڑا کرتے

نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ۭ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ

نُنْشِزُهَا	ثُمَّ	نَكْسُوْهَا	لَحْمًا	فَلَمَّا	تَبَيَّنَ	لَهٗ	قَالَ	اَعْلَمُ	اَنَّ	اللّٰهَ
ہم انہیں اٹھان دیتے ہیں	پھر	پہناتے ہیں ان کو	گوشت	پھر جب	ظاہر ہوگیا	اس کو	کہا	میں خوب جانتا ہوں	بیشک	اللہ

ہیں۔ پھر ان پر گوشت چڑھاتے ہیں۔" پھر جب معاملہ اس پر واضح ہوگیا تو اس نے کہا: "میں جانتا ہوں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۵۹﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ

عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّ	اَرِنِيْ	كَيْفَ	تُحْيِ
اوپر	ہر ایک	چیز کے	قادر ہے	اور جب	کہا	ابراہیم نے	اے میرے رب	دکھا مجھ کو	کس طرح	زندہ کرے گا تو

ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔" اور (یاد کریں) جب ابراہیم نے عرض کی اے میرے رب مجھے دکھا کہ تو مردوں کو

الْمَوْتٰى ۭ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۭ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَىِٕنَّ قَلْبِيْ ۭ

الْمَوْتٰى	قَالَ	اَوَلَمْ	تُؤْمِنْ	قَالَ	بَلٰى	وَلٰكِنْ	لِّيَطْمَىِٕنَّ	قَلْبِيْ
مردوں کو	فرمایا	کیا نہیں	ایمان لایا تو	عرض کیا	کیوں نہیں	اور لیکن	تاکہ اطمینان پائے	میرا دل

کیسے زندہ کرے گا؟ فرمایا کیا تم یقین نہیں رکھتے انہوں نے عرض کی کیوں نہیں لیکن (یہ دیکھنا اس لیے ہے)

قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ

قَالَ	فَخُذْ	اَرْبَعَةً	مِّنَ الطَّيْرِ	فَصُرْهُنَّ	اِلَيْكَ	ثُمَّ	اجْعَلْ	عَلٰى	كُلِّ
فرمایا	تو لے	چار	پرندے	تو بلا لے ان کو	اپنے ساتھ بلالے	پھر	رکھ دے	اوپر	ہر

تاکہ میرا دل مطمئن ہو جائے اللہ نے فرمایا کہ تم پرندوں میں سے چار پرندے پکڑ لو پھر انہیں اپنی طرف مانوس کرلو پھر؟

جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ

جَبَلٍ	مِّنْهُنَّ	جُزْءًا	ثُمَّ	ادْعُهُنَّ	يَاْتِيْنَكَ	سَعْيًا	وَاعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ
پہاڑ کے	ان میں سے	ایک ٹکڑا	پھر	بلا انہیں	آئینگے تیرے پاس	دوڑتے ہوتے	اور جان لے	بیشک	اللہ

اُن میں سے ایک ایک حصہ ہر پہاڑ پر رکھ دو پھر اُن کو بلاؤ وہ تمہاری طرف دوڑتے ہوئے آئیں گے اور یقین رکھو کہ اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
غالب	حکمت والا ہے	کہاوت	ان کی جو	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	میں	راستے	اللہ کے

زبردست حکمت والا ہے۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال (اس) دانے کی سی ہے

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ

كَمَثَلِ	حَبَّةٍ	اَنْۢبَتَتْ	سَبْعَ	سَنَابِلَ	فِيْ	كُلِّ	سُنْۢبُلَةٍ	مِّائَةُ	حَبَّةٍ
اسکی سی ہے کہ	ایک دانہ	کہ اگائے	سات	بالیاں	میں	ہر	بالی کے	سو	دانہ ہے

جس سے سات بالیاں اُگیں (اور پھر) ہر بالی میں سو دانے ہوں (یعنی سات سو گنا اجر پاتے ہیں)

وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾ اَلَّذِيْنَ

وَاللّٰهُ	يُضٰعِفُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	اَلَّذِيْنَ
اور اللہ	بڑھاتا ہے	جس کے لئے	چاہے	اور اللہ	وسعت والا	جاننے والا ہے	وہ جو

اور اللہ جس کیلئے چاہتا ہے (اس سے بھی) اضافہ فرما دیتا ہے اور اللہ بڑی وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔ جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا

مَنًّا	اَنْفَقُوْا	مَآ	يُتْبِعُوْنَ	لَا	ثُمَّ	اللّٰهِ	سَبِيْلِ	فِيْ	اَمْوَالَهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
احسان	خرچ کیا	اس کے جو	پیچھے جتاتے	نہیں	پھر	اللہ کے	رستے	میں	اپنے مال	خرچ کرتے ہیں

اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں پھر اپنے خرچ کئے ہوئے کے پیچھے نہ احسان جتلاتے ہیں

وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

هُمْ	وَلَا	عَلَيْهِمْ	خَوْفٌ	وَلَا	رَبِّهِمْ	عِنْدَ	اَجْرُهُمْ	لَهُمْ	اَذًى	لَآ	وَّ
وہ	اور نہ	ان پر	اندیشہ ہوگا	اور نہ	ان کے رب کے	پاس	ان کا اجر	ان کے لئے ہے	تکلیف	نہ	اور

اور نہ اذیت دیتے ہیں، ان کیلئے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے اور (روز قیامت) ان پر نہ کوئی خوف ہو گا

يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ

يَّتْبَعُهَآ	مِّنْ صَدَقَةٍ	خَيْرٌ	مَغْفِرَةٌ	وَّ	قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ	يَحْزَنُوْنَ
جس کے بعد	اس صدقے سے کہ	بہتر ہے	بخشش	اور	بات اچھی	غم کھائیں گے

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اچھی بات اور (لوگوں سے) درگزر کرنا اس خیرات سے بہتر ہے جس (خرچ کرنے) کے

اَذًى ط وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿۲۶۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا

تُبْطِلُوْا	لَا	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	حَلِيْمٌ	غَنِيٌّ	وَاللّٰهُ	اَذًى
باطل کرو	نہ	ایمان لائے ہو	لوگو جو	اے	حلم والا	بے پرواہ ہے	اور اللہ	ستاتا ہو

بعد تکلیف پہنچے اور اللہ بے نیاز ہے بہت حلم والا۔ اے ایمان والو! اپنے صدقات کو ضائع نہ کرو احسان

صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى لا كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ

النَّاسِ	رِئَآءَ	مَالَهٗ	يُنْفِقُ	كَالَّذِيْ	وَالْاَذٰى	بِالْمَنِّ	صَدَقٰتِكُمْ
لوگوں کو	دکھاوے کیلئے	مال اپنا	جو خرچ کرتا ہے	اس کی طرح	اور دکھ دے کر	احسان جتا کر	اپنے صدقے

جتلا کر اور تکلیف پہنچا کر اس کی طرح جو اپنا مال لوگوں کے دکھاوے کیلئے خرچ کرتا ہے

وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ

وَلَا	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	فَمَثَلُهٗ	كَمَثَلِ	صَفْوَانٍ	عَلَيْهِ	تُرَابٌ
اور نہیں	ایمان لاتا	اللہ پر	اور دن	پچھلے پر	تو اسکی کہاوت ہے	جیسے	چکنی چٹان	اس پر	مٹی ہو

اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا تو اس کی مثال اس چکنے پتھر کی سی ہے جس پر (کچھ) مٹی ہو

فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا

فَاَصَابَهٗ	وَابِلٌ	فَتَرَكَهٗ	صَلْدًا	لَا	يَقْدِرُوْنَ	عَلٰى	شَيْءٍ	مِّمَّا
پھر پہنچی اسے	زور کی بارش	تو چھوڑا اسے	صاف ستھرا	نہیں	قادر ہیں	اوپر	کسی چیز کے	اس سے جو

پھر اس پر زور کی بارش ہوئی جس نے اسے صاف پتھر کر چھوڑا وہ اپنی کمائی سے کسی

كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ

كَسَبُوْا	وَاللّٰهُ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ	وَمَثَلُ	الَّذِيْنَ
کمایا انہوں نے	اور اللہ	نہیں	ہدایت دیتا	قوم	کفار کو	اور کہاوت	ان کی جو

چیز پر قادر نہ ہوں گے اور اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔ اور ان کی مثال جو

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمُ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ	اللّٰهِ	وَتَثْبِيْتًا	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ
خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	چاہتے ہوئے	رضا	اللہ کی	اور ثابت کرنے کو	اپنے دل سے

اپنے مال اللہ کی رضا چاہنے اور اپنے نفسوں کو پختہ کرنے کیلئے خرچ کرتے ہیں اس باغ کی سی ہے

كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ

كَمَثَلِ	جَنَّةٍ	بِرَبْوَةٍ	اَصَابَهَا	وَابِلٌ	فَاٰتَتْ	اُكُلَهَا	ضِعْفَيْنِ	فَاِنْ	لَّمْ
مثل ایک ہے کہ	باغ ہو	ٹیلے پر	پہنچے اسے	زور کی بارش	تو دے وہ	اپنا پھل	دگنا	پھر اگر	نہ

جو اونچی سطح پر ہو اس پر زور کا پانی پڑا تو اس کے پھل دوگنا ہوگئے پھر اگر زور کی بارش اسے

يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ

يُصِبْهَا	وَابِلٌ	فَطَلٌّ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	اَيَوَدُّ	اَحَدُكُمْ
پہنچے اسے	زور کی بارش	تو شبنم ہے	اور اللہ	اس کو جو	تم کرتے ہو	دیکھ رہا ہے	کیا پسند کرتا ہے	کوئی تم سے

نہ پہنچے تو شبنم کافی ہے اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔ کیا تم میں سے

اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اَنْ	تَكُوْنَ	لَهٗ	جَنَّةٌ	مِّنْ نَّخِيْلٍ	وَّ	اَعْنَابٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
یہ کہ	ہو	اس کا	باغ	کھجوروں کا	اور	انگوروں کا	بہتی ہوں	اس کے نیچے

کوئی پسند کرے گا کہ اس کے پاس کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو جس کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ

الْاَنْهٰرُ	لَهٗ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	وَاَصَابَهُ	الْكِبَرُ	وَلَهٗ	ذُرِّيَّةٌ
ندیاں	اس کیلئے ہوں	اس میں	ہر طرح کے	پھل	اور اسے آپکڑے	بڑھاپا	اور اسکے ہوں	بچے

بہتی ہوں، اس کیلئے اس میں ہر قسم کے پھل موجود ہوں اور اسے بڑھاپا آ پہنچے اور اس کے

ضُعَفَآءُ ۚۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ

ضُعَفَآءُ	فَاَصَابَهَآ	اِعْصَارٌ	فِيْهِ	نَارٌ	فَاحْتَرَقَتْ	كَذٰلِكَ
ناتواں وکمزور	پھر پہنچے اس کو	ایک بگولا	اس میں ہو	آگ	تو وہ باغ جل گیا	اسی طرح

کمزور بچے ہوں تو اس پر ایک بگولا آیا جس میں آگ ہو پس اس (آگ) نے اسے جلادیا اسی

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَفَكَّرُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں	تاکہ تم	غور کرو	اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو

طرح اللہ تم سے اپنی آیتیں بیان کرتا ہے تاکہ تم غور وفکر کرو۔ اے ایمان والو! ان پاکیزہ

أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْأَرْضِ ۖ

أَنْفِقُوْا	مِنْ طَيِّبٰتِ	مَا	كَسَبْتُمْ	وَمِمَّآ	أَخْرَجْنَا	لَكُمْ	مِّنَ الْأَرْضِ
کچھ دو	پاک چیزوں میں سے	جو	تم کماؤ	اور اس سے جو	ہم نے نکالا	تمہارے لئے	زمین سے

کمائیوں میں سے اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے اللہ کی راہ میں خرچ کرو

وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ

وَلَا	تَيَمَّمُوا	الْخَبِيْثَ	مِنْهُ	تُنْفِقُوْنَ	وَ	لَسْتُمْ	بِاٰخِذِيْهِ
اور نہ	قصد کرو	نکمی چیز کا	اس سے	خرچ کرتے ہو تم	اور	نہیں ہو تم	لینے والے اس کو

اور اس میں سے ردی چیز کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا ارادہ مت کرو کہ (اگر وہی تمہیں دیا جائے تو) تم خود

إِلَّآ أَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۗ وَاعْلَمُوْٓا أَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٢٦٧﴾

إِلَّآ	أَنْ	تُغْمِضُوْا	فِيْهِ	وَاعْلَمُوْٓا	أَنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ	حَمِيْدٌ
مگر	یہ کہ	چشم پوشی کرو	اس میں	اور جان لو	بے شک	اللہ	بے پرواہ	سراہا گیا ہے

اسے ہرگز نہ لو سوائے اس کے تم اس میں چشم پوشی کر لو اور جان لو کہ بے شک اللہ بے نیاز قابل تعریف ہے۔

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ

اَلشَّيْطٰنُ	يَعِدُكُمُ	الْفَقْرَ	وَيَأْمُرُكُمْ	بِالْفَحْشَآءِ	وَاللّٰهُ	يَعِدُكُمْ
شیطان	اندیشہ دلاتا ہے تم کو	محتاجی کا	اور حکم دیتا ہے تم کو	بے حیائی کا	اور اللہ	وعدہ فرماتا ہے تم سے

شیطان تمہیں تنگدستی کا خوف دلاتا ہے اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تم سے اپنی بخشش اور فضل کا وعدہ فرماتا ہے

مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦٨﴾ ۖ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ

مَّغْفِرَةً	مِّنْهُ	وَفَضْلًا	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	يُّؤْتِي	الْحِكْمَةَ	مَنْ
مغفرت کا	اپنی طرف سے	اور فضل کا	اور اللہ	وسعت والا	علم والا ہے	دیتا ہے	حکمت	جسے

اور اللہ بہت وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔ جسے چاہے حکمت عطا

يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۭ وَمَا يَذَّكَّرُ

يَّشَآءُ	وَمَنْ	يُّؤْتَ	الْحِكْمَةَ	فَقَدْ	اُوْتِيَ	خَيْرًا	كَثِيْرًا	وَمَا	يَذَّكَّرُ
چاہے	اور جس کو	دی گئی	حکمت	تو بیشک	ملی اسے	بھلائی	بہت	اور نہیں	نصیحت مانتے

فرماتا ہے اور جسے حکمت دی گئی تو بے شک اسے بہت بھلائی عطا کی گئی اور عقل والے ہی

اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ

اِلَّآ	اُولُوا	الْاَلْبَابِ	وَمَآ	اَنْفَقْتُمْ	مِّنْ نَّفَقَةٍ	اَوْ	نَذَرْتُمْ	مِّنْ نَّذْرٍ
مگر	صاحب	عقل لوگ	اور جو	تم خرچ کرو	کوئی خرچ کرنا	یا	نذر مانو تم	کوئی نذر

نصیحت قبول کرتے ہیں۔ اور جو بھی خرچ تم کرو یا کوئی نذر مانو تو بے شک اللہ

فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾ اِنْ تُبْدُوا

فَاِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُهٗ	وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ اَنْصَارٍ	اِنْ	تُبْدُوا
تو بیشک	اللہ	اسے جانتا ہے	اور نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی مددگار	اگر	تم ظاہر کرو

اسے جانتا ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اگر خیرات علانیہ

الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ

الصَّدَقٰتِ	فَنِعِمَّا	هِيَ	وَاِنْ	تُخْفُوْهَا	وَتُؤْتُوْهَا	الْفُقَرَآءَ	فَهُوَ
خیرات	تو اچھا ہے	یہ بھی	اور اگر	تم چھپاؤ اس کو	اور دے دو وہ	فقیروں کو	تو وہ بھی

دو تو وہ کیا ہی اچھی بات ہے اور اگر چھپا کر فقیروں کو دو یہ تمہارے لئے سب سے

خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَيُكَفِّرُ	عَنْكُمْ	مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
بہتر ہے	تمہارے لئے	اور دور کرے گا	تم سے	تمہاری برائیاں	اور اللہ	اس سے	جو تم کرتے ہو

بہتر ہے اور اس میں تمہارے کچھ گناہ کم ہوں گے اور جو تم کرتے ہو اللہ اس کی خبر

خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

خَبِيْرٌ	لَيْسَ	عَلَيْكَ	هُدٰىهُمْ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ
خبردار ہے	نہیں	آپ پر	ان کو ہدایت دینا	اور لیکن	اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے	چاہے

رکھنے والا ہے۔ اُن کو ہدایت دینا تمہاری ذمہ داری نہیں ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَلِاَنْفُسِكُمْ	وَمَا	تُنْفِقُوْنَ	اِلَّا	ابْتِغَآءَ
اور جو	تم خرچ کرو	مال	تو وہ تمہارے اپنے لئے ہے	اور نہیں	خرچ کرتے تم	مگر	واسطے چاہنے

اور مال میں سے جو کچھ تم خرچ کرو گے تو تمہاری اپنی جانوں کے لیے ہے۔ اور تم اللہ تعالیٰ کی رضا چاہنے

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ

وَجْهِ	اللّٰهِ	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ	يُّوَفَّ	اِلَيْكُمْ	وَاَنْتُمْ
رضامندی	اللہ کی	اور جو	تم خرچ کرو گے	مال سے	پورا دیا جائے گا	تم کو	اور تم

کے لیے ہی جو خرچ کرتے ہو اور مال میں سے جو کچھ تم خرچ کرو گے اس کا پورا پورا بدلہ تمہیں دیا جائے گا اور تم پر

لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لَا	تُظْلَمُوْنَ	لِلْفُقَرَآءِ	الَّذِيْنَ	اُحْصِرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
نہ	ظلم کئے جاؤ گے	واسطے فقیروں کے	وہ جو	روکے گئے	میں	راہ	اللہ کی

ظلم نہیں کیا جائے گا۔ صدقات ان فقراء کے لیے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں روکے

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ؗ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ

لَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ	ضَرْبًا	فِي	الْاَرْضِ	يَحْسَبُهُمُ	الْجَاهِلُ	اَغْنِيَآءَ
نہیں	طاقت رکھتے	چلنے کی	میں	زمین	خیال کرتا ہے ان کو	ناواقف	تونگر (غنی)

گئے ہوں۔ وہ زمین میں چلنے پھرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ ناواقف آدمی ان کے نہ مانگنے کی وجہ سے

مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ

مِنَ التَّعَفُّفِ	تَعْرِفُهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	لَا	يَسْئَلُوْنَ	النَّاسَ	اِلْحَافًا
سوال نہ کرنے کی وجہ سے	پہچان لے گا تو ان کو	ان کی صورت سے	نہیں	مانگتے وہ	لوگوں سے	گڑگڑا کر

انہیں مالدار سمجھ لیتا ہے۔ آپ انہیں ان کے چہرے کی علامات سے پہچان لو گے۔ وہ لوگوں سے چمٹ کر نہیں مانگتے۔

الربع ۵ ع

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ	اَلَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ
اور جو	خرچ کرو گے تم	مال	تو بیشک	اللہ	اس کو	جانتا ہے	وہ جو	خرچ کرتے ہیں

اور جو مال بھی تم خرچ کرو گے یقیناً اللہ تعالیٰ اُس کو جاننے والا ہے۔ جو لوگ (اللہ کی راہ میں)

اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

اَمْوَالَهُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ
اپنے مال	رات	اور دن	پوشیدہ	اور ظاہر	تو ان کے لئے ہے	اجر ان کا	نزدیک

شب و روز اپنے مال پوشیدہ اور ظاہری طور خرچ کرتے ہیں تو ان کیلئے ان کے رب کے پاس ان کا

وقف منزل

رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ

رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	يَاْكُلُوْنَ
ان کے رب کے	اور نہیں	اندیشہ ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	وہ جو	کھاتے ہیں

اجر ہے اور (روزِ قیامت) ان پر نہ کوئی خوف ہو گا نہ وہ غمگین ہوں گے۔ جو لوگ سود کھاتے ہیں

الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ

الرِّبٰوا	لَا	يَقُوْمُوْنَ	اِلَّا	كَمَا	يَقُوْمُ	الَّذِيْ	يَتَخَبَّطُهُ	الشَّيْطٰنُ	مِنَ الْمَسِّ
سود	نہیں	کھڑے ہوں گے	مگر	جیسے	کھڑا ہوتا ہے	وہ	جس کو بدحواس کردے	شیطان	چھو کر

وہ اُس شخص کی طرح کھڑے ہوں گے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ بنا دیا

وقف لازم

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّمَا	الْبَيْعُ	مِثْلُ	الرِّبٰوا	وَاَحَلَّ	اللّٰهُ
یہ	اس لیے کہ	وہ بولے	سوا اس کے نہیں کہ	تجارت	مثل	سود کے ہے	اور حلال کیا	اللہ نے

ہو۔ ایسا اس لیے ہوگا کہ انہوں نے کہا کہ یقیناً تجارت سود جیسی چیز ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ

الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ

الْبَيْعَ	وَحَرَّمَ	الرِّبٰوا	فَمَنْ	جَآءَهٗ	مَوْعِظَةٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ	فَانْتَهٰى	فَلَهٗ
تجارت کو	اور حرام کیا	سود کو	تو جس کے	پاس آئی اسکے	نصیحت	اس کے رب کی طرف سے	تو باز آگیا	تو اس کیلئے ہے

نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام ٹھہرایا ہے۔ پھر جس کے پاس اس کے رب کی طرف سے کوئی نصیحت

مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

مَا	سَلَفَ	وَاَمْرُهٗٓ	اِلَى	اللّٰهِ	وَمَنْ	عَادَ	فَاُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ
جو	گزر چکا	اور اس کا فیصلہ	طرف	اللہ کے ہے	اور جو	پھر ایسی حرکت کرے گا	تو وہی ہیں	دوزخ والے ہیں

آجائے، پھر وہ باز آجائے تو جو گزر چکا وہ اس کے لیے ہے۔ اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے۔ اور جو دوبارہ سود کھائیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٧٥﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	يَمْحَقُ	اللّٰهُ	الرِّبٰوا	وَيُرْبِي
وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	مٹاتا ہے	اللہ	سود کو	اور بڑھاتا ہے

تو وہی لوگ جہنمی ہیں۔ اُس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات

الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

الصَّدَقٰتِ	وَاللّٰهُ	لَا	يُحِبُّ	كُلَّ	كَفَّارٍ	اَثِيْمٍ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
خیرات کو	اور اللہ	نہیں	پسند کرتا	ہر	ناشکرے	گنہگار کو	بیشک	وہ جو	ایمان لائے

کو بڑھاتا ہے اور اللہ کسی ناشکرے، گناہ گار کو پسند نہیں کرتا۔ بے شک وہ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَوُا	الزَّكٰوةَ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ
اور کام کئے	اچھے	اور قائم کی	نماز	اور دی	زکوٰۃ	ان کے لئے	اجر ہے ان کا

اور اچھے کام کئے اور نماز قائم کی اور زکوٰۃ دی ان کا اجر ان کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
پاس	ان کے رب کے	اور نہیں	اندیشہ ہوگا	ان پر	اور	نہ	وہ	غم کھائیں گے

رب کے پاس ہے ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَذَرُوْا	مَا	بَقِيَ	مِنَ الرِّبٰوٓا	اِنْ	كُنْتُمْ
اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	ڈرو	اللہ سے	اور چھوڑو	جو	باقی ہے	سود	اگر	ہو تم

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور جو سود میں سے باقی رہ گیا ہے اُسے چھوڑ دو اگر تم اللہ پر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

مُّؤْمِنِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ	تَفْعَلُوْا	فَاْذَنُوْا	بِحَرْبٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
مسلمان	پھر اگر	نہ	کرو تم	تو تیار ہو جاؤ	لڑائی کے لئے	اللہ	اور اس کے رسول سے

ایمان رکھتے ہو۔ پس اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلانِ جنگ پر خبردار ہو جاؤ

وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾

وَاِنْ	تُبْتُمْ	فَلَكُمْ	رُءُوْسُ	اَمْوَالِكُمْ	لَا	تَظْلِمُوْنَ	وَلَا	تُظْلَمُوْنَ
اور اگر	تم توبہ کرو	تو تمہارے لئے ہے	راس	مال تمہارا	نہ	تم ظلم کرو	اور نہ	ظلم کئے جاؤ

اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لئے تمہارے اصل مال (جائز) ہیں نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔

وَاِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰی مَیْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَیْرٌ

وَاِنْ	کَانَ	ذُوْعُسْرَةٍ	فَنَظِرَةٌ	اِلٰی مَیْسَرَةٍ	وَاَنْ	تَصَدَّقُوْا	خَیْرٌ
اور اگر	ہو	تنگی والے	تو مہلت دینا ہے	آسانی تک	اور یہ کہ	صدقہ کردو تم	بہتر ہے

اور اگر قرض دار تنگدست ہو تو خوشحالی تک مہلت دی جانی چاہئے اور تمہارا قرض معاف کر دینا تمہارے

لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَاتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَی اللّٰهِ ۗ ق

لَکُمْ	اِنْ	کُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	وَاتَّقُوْا	یَوْمًا	تُرْجَعُوْنَ	فِیْهِ	اِلَی اللّٰهِ
تمہارے لئے	اگر	ہو تم	جانتے	اور ڈرو	اس دن سے	کہ پھروگے	اس میں	اللہ کی طرف

لئے بہتر ہے اگر تمہیں معلوم ہو۔ اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے

ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا کَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ ع یٰۤاَیُّهَا

ع ۳۸ ۸ ۲

ثُمَّ	تُوَفّٰی	کُلُّ	نَفْسٍ	مَّا	کَسَبَتْ	وَهُمْ	لَا	یُظْلَمُوْنَ	یٰۤاَیُّهَا
پھر	پورا دیا جائے گا	ہر	جان	جو	اس نے کمایا	اور وہ	نہ	ظلم کیے جائیں گے	اے

پھر ہر شخص کو پورا بدلہ دیا جائے گا جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکْتُبُوْهُ ؕ

الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا	تَدَایَنْتُمْ	بِدَیْنٍ	اِلٰۤی اَجَلٍ	مُّسَمًّی	فَاکْتُبُوْهُ
لوگو جو	ایمان لائے ہو	جب	تم قرض کا لین دین کرو	کس قرض کا	مدت تک	مقرر کے	تو اسے لکھ لو

ایمان والو! جب تم ایک مقررہ مدت تک قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لو

وَلْیَکْتُبْ بَّیْنَکُمْ کَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا یَاْبَ کَاتِبٌ اَنْ یَّکْتُبَ کَمَا

وَلْیَکْتُبْ	بَّیْنَکُمْ	کَاتِبٌ	بِالْعَدْلِ	وَلَا	یَاْبَ	کَاتِبٌ	اَنْ	یَّکْتُبَ	کَمَا
اور چاہیے کہ لکھے	تمہارے درمیان	لکھنے والا	انصاف سے	اور نہ	انکار کرے	لکھنے والا	یہ کہ	لکھے	جیسے

اور چاہیے کہ تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف کے ساتھ لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے

عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ

عَلَّمَهُ	اللّٰهُ	فَلْيَكْتُبْ	وَلْيُمْلِلِ	الَّذِىْ	عَلَيْهِ	الْحَقُّ	وَلْيَتَّقِ	اللّٰهَ
سکھایا اسے	اللہ نے	تو چاہیے کہ وہ لکھے	اور لکھاتا جائے	وہ کہ	جس کے ذمہ	حق ہے	اور چاہیے کہ ڈرے	اللہ سے

انکار نہ کرے جیسا کہ اللہ نے اسے سکھایا تو اسے چاہیے کہ وہ لکھ دے اور لکھوائے وہ شخص جس پر قرض ہے اور وہ اللہ سے

وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا

رَبَّهٗ	وَ	لَا	يَبْخَسْ	مِنْهُ	شَيْـًٔا	فَاِنْ	كَانَ	الَّذِىْ	عَلَيْهِ	الْحَقُّ	سَفِيْهًا
جو اس کا رب ہے	اور	نہ	کم کرے	اس سے	کوئی چیز	پھر اگر	ہو	وہ	جس پر	حق ہے	بے عقل

ڈرے جو اس کا رب ہے اور اس سے کچھ کم نہ کرے پس اگر وہ شخص جس پر قرض ہے بیوقوف

اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ

اَوْ	ضَعِيْفًا	اَوْ	لَا	يَسْتَطِيْعُ	اَنْ	يُّمِلَّ	هُوَ	فَلْيُمْلِلْ	وَلِيُّهٗ	بِالْعَدْلِ
یا	ناتوان ہو	یا	نہ	طاقت رکھتا ہو	یہ کہ	لکھائے	وہ	تو لکھائے	اس کا ولی	انصاف سے

یا ضعیف البدن ہو یا وہ طاقت نہ رکھتا ہو لکھوانے کی تو اس کا ولی انصاف سے لکھوا دے

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا

وَ	اسْتَشْهِدُوْا	شَهِيْدَيْنِ	مِنْ رِّجَالِكُمْ	فَاِنْ	لَّمْ	يَكُوْنَا
اور	گواہ کرلو	دو گواہ	اپنے مردوں میں سے	پھر اگر	نہ	ہوں

اور دو گواہ بنا لو اپنے مردوں میں سے پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ان گواہوں

رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ

رَجُلَيْنِ	فَرَجُلٌ	وَّامْرَاَتٰنِ	مِمَّنْ	تَرْضَوْنَ	مِنَ	الشُّهَدَاۗءِ	اَنْ
دو مرد	تو ایک مرد	اور دو عورتیں	جن کو	تم پسند کرو	ان کو	گواہوں سے	یہ کہ اگر

وَ	قَالَ	الْمَسِيْحُ	يٰبَنِيْٓ	اِسْرَاۗءِيْلَ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّيْ
اور	کہا	مسیح نے	اے اولاد	یعقوب	عبادت کرو	اللہ کی	جو میرا رب ہے

نے کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل عبادت کرو اللہ کی جو میرا اور تمہارا رب ہے

وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَ	رَبَّكُمْ	اِنَّهٗ	مَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدْ	حَرَّمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ
اور	تمہارا رب ہے	بیشک	جو	شرک کرے	اللہ کے ساتھ	تو بیشک	حرام کی	اللہ نے	اس پر

بے شک جو بھی اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی

الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٧٢﴾

الْجَنَّةَ	وَ	مَاْوٰىهُ	النَّارُ	وَ	مَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ	اَنْصَارٍ
جنت	اور	ٹھکانہ اس کا	آگ ہے	اور	نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی	مددگار

اور اس کا ٹھکانا (دوزخ کی) آگ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

وقف لازم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَ مَا

لَقَدْ	كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	ثَالِثُ	ثَلٰثَةٍ	وَ	مَا
بیشک	کافر ہو گئے	وہ جنہوں نے	کہا	بیشک	اللہ	تیسرا ہے	تین میں سے	اور	نہیں

بے شک وہ لوگ (بھی) کافر ہو گئے جنہوں نے کہا "یقیناً اللہ تین (خداؤں) میں سے تیسرا ہے"

مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَ اِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا

مِنْ	اِلٰهٍ	اِلَّآ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَ	اِنْ	لَّمْ	يَنْتَهُوْا	عَمَّا
کوئی	معبود	مگر	معبود	ایک	اور	اگر	نہ	باز آئے	اس سے جو

حالانکہ معبود تو ایک (اللہ) ہی ہے اور اگر وہ اس (کفر یہ بات) سے جو وہ کہہ رہے ہیں

يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾

يَقُوْلُوْنَ	لَيَمَسَّنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
کہتے ہیں	ضرور پہنچے گا	ان کو جو	کافر ہوئے	ان میں سے	عذاب	دردناک

باز نہ آئے تو ان میں سے جو کفر پر قائم رہے انہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا۔

اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

اَفَلَا	يَتُوْبُوْنَ	اِلَى	اللّٰهِ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ
کیا نہیں	توبہ کرتے	طرف	اللہ کی	اور بخشش مانگتے اس سے	اور اللہ	بخشنے والا

تو کیوں نہیں رجوع کرتے اللہ کی طرف اور اس سے بخشش مانگتے اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿٧٤﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ

رَّحِيْمٌ	مَا	الْمَسِيْحُ	ابْنُ	مَرْيَمَ	اِلَّا	رَسُوْلٌ	قَدْ
مہربان ہے	اس کے سوا نہیں کہ	مسیح	بیٹا	مریم کا ہے	مگر	رسول ہے	بیشک

مہربان ہے۔ مسیح ابن مریم رسول کے سوا (کچھ) نہیں ہیں یقیناً ان سے پہلے (بھی) بہت رسول گزر چکے ہیں

خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّيۡقَةٌ ؕ كَانَا

كَانَا	صِدِّيۡقَةٌ	اُمُّهٗ	وَ	الرُّسُلُ	مِنۡ قَبۡلِهِ	خَلَتۡ
وہ تھے	صدیقہ ہے	اس کی ماں	اور	رسول	اس سے پہلے	گزر چکے

اور ان کی والدہ بڑی صاحب صدق تھیں وہ دونوں کھانا بھی کھایا کرتے تھے (اے حبیب ﷺ) دیکھئے ہم ان کیلئے

يَاۡكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الۡاٰيٰتِ ثُمَّ انۡظُرۡ

انۡظُرۡ	ثُمَّ	الۡاٰيٰتِ	لَهُمُ	نُبَيِّنُ	كَيۡفَ	اُنۡظُرۡ	الطَّعَامَ	يَاۡكُلٰنِ
دیکھو	پھر	آیتیں	ان کیلئے	بیان کرتے ہیں ہم	کس طرح	دیکھو	کھانا	کھاتے

کس طرح آیتوں کو وضاحت سے بیان کرتے ہیں پھر ملاحظہ فرمایئے کہ وہ کس طرح (حق سے)

اَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿۷۵﴾ قُلۡ اَتَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا

لَا	مَا	اللّٰهِ	مِنۡ دُوۡنِ	اَتَعۡبُدُوۡنَ	قُلۡ	يُؤۡفَكُوۡنَ	اَنّٰى
نہیں	ان کی جو	اللہ کے	سوا	کیا عبادت کرتے ہو	فرمادو	پھیرے جاتے ہیں	کہاں

پھیرے جا رہے ہیں۔ فرما دیجئے کیا تم اللہ کے سوا اس کی عبادت کرتے ہو جو نہ

يَمۡلِكُ لَكُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۷۶﴾

الۡعَلِيۡمُ	السَّمِيۡعُ	هُوَ	وَاللّٰهُ	نَفۡعًا	لَا	وَّ	ضَرًّا	لَكُمۡ	يَمۡلِكُ
جاننے والا	سننے والا	وہی ہے	اور اللہ	نفع کا	نہ	اور	نقصان کا	تمہارے لئے	اختیار رکھتے

تمہارے لئے کسی نقصان کا مالک ہے نہ نفع کا اور اللہ ہی تو خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لَا تَغۡلُوۡا فِىۡ دِيۡنِكُمۡ غَيۡرَ الۡحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوۡۤا

تَتَّبِعُوۡۤا	لَا	وَ	الۡحَقِّ	غَيۡرَ	فِىۡ دِيۡنِكُمۡ	تَغۡلُوۡا	لَا	يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ	قُلۡ
پیروی کرو	نہ	اور	حق کے	سوا	اپنے دین میں	زیادتی کرو	نہ	اے کتابیو	فرمادو

فرما دیجئے اے اہل کتاب! اپنے دین میں ناحق زیادتی نہ کرو اور اس قوم کی نفسانی خواہشات

أَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَأَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّ

أَهْوَآءَ	قَوْمٍ	قَدْ	ضَلُّوْا	مِنْ قَبْلُ	وَأَضَلُّوْا	كَثِيْرًا	وَّ
خواہشات کی	اس قوم کی	جو	گمراہ ہوئے	پہلے سے	اور گمراہ کیا	بہتوں کو	اور

کی پیروی نہ کرو جو پہلے سے گمراہ ہو چکی ہے اور بہت سے لوگوں کو انہوں نے گمراہ کیا

ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۷۷﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ

ضَلُّوْا	عَنْ	سَوَآءِ	السَّبِيْلِ	لُعِنَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ بَنِيْٓ
گمراہ ہوئے	وہ	سیدھی	راہ سے	لعنت کیے گئے	جو	کافر ہوئے	بنی

اور وہ راہ راست سے بہک گئے ہیں۔ بنی اسرائیل میں سے جنہوں نے کفر کیا ان پر

إِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

إِسْرَآءِيْلَ	عَلٰى	لِسَانِ	دَاوٗدَ	وَعِيْسَى	ابْنِ	مَرْيَمَ
اسرائیل سے	اوپر	زبان	داؤد	اور عیسیٰ	بیٹے	مریم کے

داؤد علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی یہ اس وجہ سے

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ

ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَّكَانُوْا	يَعْتَدُوْنَ	كَانُوْا	لَا	يَتَنَاهَوْنَ
یہ	بسبب اس کے کہ	نافرمانی کی انہوں نے	اور تھے	وہ حد سے بڑھے ہوئے	تھے	نہ	روکتے

کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے تجاوز کرتے تھے۔ بری بات سے آپس میں

عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَرٰى

عَنْ مُّنْكَرٍ	فَعَلُوْهُ	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ	تَرٰى
بری باتوں سے	جو کرتے تھے	بہت برا ہے	جو	وہ تھے	کیا کرتے	آپ دیکھیں گے

ایک دوسرے کو نہیں روکتے تھے ضرور یہ بہت ہی برا کام کرتے تھے۔ ان میں

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا

كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	يَتَوَلَّوْنَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَبِئْسَ	مَا
بہتوں کو	ان میں سے	محبت کرتے ہیں	ان سے جو	کافر ہیں	بہت برا ہے	جو

آپ اکثر کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں کیا ہی بری چیز انہوں نے

قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ فِي

قَدَّمَتْ	لَهُمْ	اَنْفُسُهُمْ	اَنْ	سَخِطَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَ	فِي
آگے بھیجا	ان کے لئے	ان کی جانوں نے	یہ کہ	ناراض ہوا	اللہ	ان پر	اور	میں

اپنے لئے خود آگے بھیجی ہے یہ کہ اللہ کا ان پر غضب ہوا اور وہ

الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَ لَوْ كَانُوْا

الْعَذَابِ	هُمْ	خٰلِدُوْنَ	وَ	لَوْ	كَانُوْا
عذاب	وہ	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور	اگر	وہ

عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور اگر وہ اللہ پر

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ النَّبِيِّ وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا

يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	النَّبِيِّ	وَ	مَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مَا
ایمان لاتے	اللہ	اور	نبی پر	اور	اس پر جو	اتارا گیا	اس کی طرف	تو نہ

اور نبی (آخر الزمان) پر اور اس (کتاب) پر جو ان کی طرف نازل کی گئی ہے

اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

اتَّخَذُوْهُمْ	اَوْلِيَآءَ	وَ	لٰكِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ
پکڑتے ان کو	دوست	اور	لیکن	بہت سے	ان میں سے

ایمان لے آتے تو ان (دشمنانِ اسلام) کو دوست نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿۸۱﴾ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ

لِّلَّذِيْنَ	عَدَاوَةً	النَّاسِ	اَشَدَّ	لَتَجِدَنَّ	فٰسِقُوْنَ
ان کے لئے جو	دشمنی میں	لوگوں کے	بہت سخت	ضرور تم پاؤ گے	فاسق ہیں

لوگ نافرمان ہیں۔ آپ ایمان والوں کی دشمنی میں سب لوگوں سے

اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَ لَتَجِدَنَّ

لَتَجِدَنَّ	وَ	اَشْرَكُوْا	وَالَّذِيْنَ	الْيَهُوْدَ	اٰمَنُوْا
ضرور پاؤ گے تم	اور	مشرک ہیں	اور ان کو جو	یہود کو	مسلمان ہیں

زیادہ سخت یہود اور مشرکین کو پاؤ گے۔ اور ایمان والوں کے ساتھ دوستی میں

اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا

اِنَّا	قَالُوْٓا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لِّلَّذِيْنَ	مَّوَدَّةً	اَقْرَبَهُمْ
بیشک ہم	کہا	ان کو جنہوں نے	جو مسلمان ہیں	ان لوگوں کیلئے	محبت میں	زیادہ قریب ان کے

زیادہ قریب ان کو پاؤ گے جنہوں نے کہا کہ یقیناً

نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا

وَرُهْبَانًا	قِسِّيْسِيْنَ	مِنْهُمْ	بِاَنَّ	ذٰلِكَ	نَصٰرٰى
اور درویش	علماء ہیں	ان میں سے	اس لئے کہ	یہ	نصاریٰ ہیں

ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اس لیے کہ ان میں عالم اور راہب ہیں

وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

يَسْتَكْبِرُوْنَ	لَا	وَّاَنَّهُمْ
تکبر کرتے	نہیں	اور وہ

اور یقیناً وہ تکبر نہیں کرتے۔

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

وَ	اِذَا	سَمِعُوْا	مَآ	اُنْزِلَ	اِلَى	الرَّسُوْلِ	تَرٰٓى	اَعْيُنَهُمْ	تَفِيْضُ	مِنَ الدَّمْعِ
اور	جب	سنا انہوں نے	جو	اتارا گیا	طرف	رسول کی	دیکھو تو	انکی آنکھیں	بہتی ہیں	آنسوؤں سے

اور جب سنتے ہیں (قرآن) جو نازل کیا گیا اس رسول ﷺ کی طرف تو آپ ان کی آنکھیں دیکھتے ہیں کہ آنسوؤں سے

مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ج يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ

مِمَّا	عَرَفُوْا	مِنَ الْحَقِّ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ	اٰمَنَّا	فَاكْتُبْنَا	مَعَ
کہ انہوں نے	پہچانا	حق کو	کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہم ایمان لائے	تو لکھ ہم کو	ساتھ

تر ہوتی ہیں اس لئے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو لکھ دے ہمیں (حق کی) گواہی

الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ لا

الشّٰهِدِيْنَ	وَ	مَا لَنَا	لَا	نُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَمَا	جَآءَنَا	مِنَ الْحَقِّ
گواہوں کے	اور	کیا ہے ہم کو	کہ نہ	ایمان لائیں ہم	اللہ پر	اور جو	آیا ہمارے پاس	حق

دینے والوں میں۔ اور ہمیں کیا ہے کہ ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر اور اس پر جو حق ہمارے پاس آیا

وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ

وَ	نَطْمَعُ	اَنْ	يُّدْخِلَنَا	رَبُّنَا	مَعَ	الْقَوْمِ	الصّٰلِحِيْنَ	فَاَثَابَهُمُ	اللّٰهُ
اور	ہم امید رکھتے ہیں	یہ کہ	داخل کرے ہم کو	ہمارا رب	ساتھ	قوم	نیکوں کے	تو بدلہ دیا ان کو	اللہ نے

اور کیوں نہ امید کریں ہم اس بات کی کہ ہمارا رب ہمیں شامل کر دے نیک لوگوں کے ساتھ۔ تو اللہ نے ان کے

بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط وَ

بِمَا	قَالُوْا	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَ
بسبب اسکے جو	کہا انہوں نے	باغوں کا کہ	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور

اس کہنے کے بدلے انہیں ایسے باغ دے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہوں گی اور ہمیشہ ان میں رہیں گے

ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

ذٰلِكَ	جَزَآءُ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ
یہ	بدلہ ہے	نیکوں کا	اور	وہ جنہوں نے	کفر کیا	اور	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	یہ ہیں	لوگ

یہ جزا ہے نیک عمل کرنے والوں کی۔ اور وہ جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں وہی

الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ

الْجَحِيْمِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تُحَرِّمُوْا	طَيِّبٰتِ	مَآ	اَحَلَّ	اللّٰهُ
جہنمی	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	حرام کرو	ستھری چیزیں	جو	حلال کیں	اللہ نے

دوزخ والے ہیں۔ اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں انہیں (اپنے اوپر) حرام مت ٹھہراؤ

لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَكُلُوْا مِمَّا

لَكُمْ	وَ	لَا	تَعْتَدُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ	وَ	كُلُوْا	مِمَّا
تمہارے لئے	اور	نہ	حد سے بڑھو	بیشک	اللہ	نہیں	پسند کرتا	حد سے بڑھنے والوں کو	اور	کھاؤ	اس سے جو

اور نہ (ہی) حد سے بڑھو بے شک اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ اور جو حلال پاکیزہ

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اَنْتُمْ	بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ
دیا تم کو	اللہ نے	حلال	پاک	اور	ڈرو	اللہ سے	کہ جس پر	تم	سب	ایمان لائے ہو

رزق اللہ نے تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے کھایا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو جس پر ایمان تم رکھتے ہو۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ

لَا	يُؤَاخِذُكُمُ	اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ	فِيْٓ	اَيْمَانِكُمْ	وَ	لٰكِنْ	يُّؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	عَقَّدْتُّمُ
نہیں	پکڑتا تم کو	اللہ	غلط فہمی کی	میں	تمہاری قسموں	اور	لیکن	گرفت فرماتا ہے تمہاری	جنہیں	تم نے مضبوط کیا

اللہ تمہاری بے مقصد قسموں پر تمہاری گرفت نہیں فرمائے گا لیکن تمہارا مواخذہ کرے گا تمہاری پکی قسموں

الْاَیْمَانَ ۚ فَکَفَّارَتُهٗۤ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا

الْاَیْمَانَ	فَکَفَّارَتُهٗۤ	اِطْعَامُ	عَشَرَةِ	مَسٰکِیْنَ	مِنْ اَوْسَطِ	مَا
قسموں کو	تو ان کا کفارہ	کھلانا ہے	دس	مسکینوں کو	اوسط	اس کا جو

پر تو ایسی قسموں کے توڑنے کا کفارہ دس مسکینوں کو کھانا دینا ہے درمیانی قسم کا کھانا جو تم اپنے

تُطْعِمُوْنَ اَهْلِیْکُمْ اَوْ کِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ

تُطْعِمُوْنَ	اَهْلِیْکُمْ	اَوْ	کِسْوَتُهُمْ	اَوْ	تَحْرِیْرُ	رَقَبَةٍ	فَمَنْ	لَّمْ	یَجِدْ
کھلاتے ہو تم	اپنے گھر والوں کو	یا	ان کو کپڑے دینا	یا	آزاد کرنا	ایک غلام کا	تو جو	نہ	پائے

گھر والوں کو کھلاتے ہو یا ان مسکینوں کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا تو جو (ان میں سے کچھ) نہ پائے

فَصِیَامُ ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ ؕ ذٰلِكَ کَفَّارَةُ اَیْمَانِکُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْۤا

فَصِیَامُ	ثَلٰثَةِ	اَیَّامٍ	ذٰلِكَ	کَفَّارَةُ	اَیْمَانِکُمْ	اِذَا	حَلَفْتُمْ	وَاحْفَظُوْۤا
تو روزے رکھے	تین	دن کے	یہ	بدلہ ہے	تمہاری قسموں کا	جب	تم قسم کھاؤ	اور حفاظت کرو

تو تین دن کے روزے (رکھے) یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھاؤ (اور اسے توڑ بیٹھو) اور اپنی

اَیْمَانَکُمْ ؕ کَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ یٰۤاَیُّهَا

اَیْمَانَکُمْ	کَذٰلِكَ	یُبَیِّنُ	اللّٰهُ	لَکُمْ	اٰیٰتِهٖ	لَعَلَّکُمْ	تَشْکُرُوْنَ	یٰۤاَیُّهَا
اپنی قسموں کی	اسی طرح	بیان فرماتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنی آیتیں	تا کہ تم	شکر کرو	اے

قسموں کی حفاظت کرو اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے تا کہ تم شکر ادا کرو۔ اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ

الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنَّمَا	الْخَمْرُ	وَالْمَیْسِرُ	وَ	الْاَنْصَابُ	وَ	الْاَزْلَامُ	رِجْسٌ
وہ جو	ایمان لائے ہو	اسکے سوا نہیں کہ	شراب	اور جوا	اور	بت	اور	پانسے	ناپاک

ایمان والو! اس کے سوا کچھ نہیں کہ شراب اور جوا اور بت اور جوئے کے تیر (سب) ناپاک ہیں

مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ

مِّنْ عَمَلِ	الشَّيْطٰنِ	فَاجْتَنِبُوْهُ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ
کام ہیں	شیطانی	بچو ان سے	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اسکے سوا نہیں کہ	چاہتا ہے

شیطانی کاموں سے (ہیں) تو تم ان سے اجتناب کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ یقیناً شیطان

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ

الشَّيْطٰنُ	اَنْ	يُّوْقِعَ	بَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةَ	وَالْبَغْضَآءَ	فِي الْخَمْرِ	وَ	الْمَيْسِرِ
شیطان	یہ کہ	ڈالے	تم میں	عداوت	اور دشمنی	شراب میں	اور	جوئے میں

یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوے کے ذریعے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دے

وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿٩١﴾

وَ	يَصُدَّكُمْ	عَنْ ذِكْرِ	اللّٰهِ	وَ	عَنِ الصَّلٰوةِ	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّنْتَهُوْنَ
اور	روک دے تم کو	یاد سے	اللہ کی	اور	نماز سے	تو کیا	تم	باز آئے

اور تمہیں اللہ تعالیٰ کی یاد اور نماز سے روک دے پس کیا تم باز نہیں آؤ گے۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	وَ	احْذَرُوْا	فَاِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	فَاعْلَمُوْٓا
اور حکم مانو	اللہ کا	اور حکم مانو	رسول کا	اور	ہوشیار رہو	پھر	اگر تم منہ پھیرو	تو جان لو

اور اللہ ہی کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو اور ان کی نافرمانی سے بچو۔ پھر اگر تم پھر جاؤ تو جان لو

اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٩٢﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اَنَّمَا	عَلٰى	رَسُوْلِنَا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	لَيْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
سوا اسکے نہیں کہ	اوپر	ہمارے رسول کے	پہنچانا ہے	ظاہر	نہیں	اوپر	ان کے جو	ایمان لائے	اور عمل کئے

ہمارے رسول کے ذمہ صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔ ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوۡۤا اِذَا مَا اتَّقَوۡا وَّ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا

الصّٰلِحٰتِ	جُنَاحٌ	فِيمَا	طَعِمُوۡۤا	اِذَامَا	اتَّقَوۡا	وَّ	اٰمَنُوۡا	وَ	عَمِلُوا
اچھے	کوئی گناہ	اس میں جو	کھاچکے	جبکہ	ڈریں	اور	ایمان لائے	اور	عمل کئے

اس میں کوئی گناہ نہیں جو وہ کھاپی چکے ہیں جبکہ وہ بچتے رہے اورایمان لائے اور اعمالِ صالحہ کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوۡا وَّاٰمَنُوۡا ثُمَّ اتَّقَوۡا وَّ اَحۡسَنُوۡا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

الصّٰلِحٰتِ	ثُمَّ	اتَّقَوۡا	وَّ	اٰمَنُوۡا	ثُمَّ	اتَّقَوۡا	وَّاَحۡسَنُوۡا	وَ	اللّٰهُ	يُحِبُّ
اچھے	پھر	ڈریں	اور	ایمان لائے	پھر	ڈریں	اور نیک رہیں	اور	اللہ	پسند کرتا ہے

پھر پرہیز کرتے رہے اورایمان لائے پھر صاحبانِ تقویٰ ہوئے اور صاحبانِ احسان بن گئے اور اللہ نیک رویہ رکھنے والوں سے

الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۹۳﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَيَبۡلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَىۡءٍ مِّنَ الصَّيۡدِ

الۡمُحۡسِنِيۡنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	لَيَبۡلُوَنَّكُمُ	اللّٰهُ	بِشَىۡءٍ	مِّنَ الصَّيۡدِ
نیکوں کو	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو	تمہیں ضرور آزمائے گا	اللہ	کچھ ایسے	بعض شکار سے

محبت فرماتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کسی قدر (ایسے) شکار سے تمہیں ضرور آزمائے گا جس تک تمہارے

تَنَالُهٗۤ اَيۡدِيۡكُمۡ وَرِمَاحُكُمۡ لِيَعۡلَمَ اللّٰهُ مَنۡ يَّخَافُهٗ بِالۡغَيۡبِ ۚ

تَنَالُهٗۤ	اَيۡدِيۡكُمۡ	وَ	رِمَاحُكُمۡ	لِيَعۡلَمَ	اللّٰهُ	مَنۡ	يَّخَافُهٗ	بِالۡغَيۡبِ
جسے پہنچے	تمہارے ہاتھ	اور	تمہارے نیزے	تاکہ ظاہر کرے	اللہ	اس کو جو	اس سے ڈرتا ہے	بن دیکھے

ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکتے ہیں تاکہ اللہ اس شخص کی پہچان کروادے جو اس سے غائبانہ ڈرتا ہے پھر جو شخص اس کے بعد

فَمَنِ اعۡتَدٰى بَعۡدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۹۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

فَمَنِ	اعۡتَدٰى	بَعۡدَ	ذٰلِكَ	فَلَهٗ	عَذَابٌ	اَلِيۡمٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
تو جو	حد سے بڑھے	بعد	اس کے	تو اسکے لئے	عذاب ہے	دردناک	اے	وہ جو	ایمان لائے ہو

(بھی) حد سے تجاوز کر جائے تو اس کیلئے دردناک عذاب ہے۔ اے ایمان والو! احرام کی

لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ

لَا	تَقْتُلُوا	الصَّيْدَ	وَاَنْتُمْ	حُرُمٌ	وَ	مَنْ	قَتَلَهٗ	مِنْكُمْ	مُتَعَمِّدًا	فَجَزَآءٌ
نہ	مارو	شکار	جب تم ہو	احرام میں	اور	جو	مارے اس کو	تم میں سے	جان بوجھ کر	تو بدلہ اس کا

حالت میں تم شکار نہ کرو اور جس نے تم میں سے جان بوجھ کر شکار کیا تو (اس کا) بدلہ ہے

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ

مِثْلُ	مَا	قَتَلَ	مِنَ النَّعَمِ	يَحْكُمُ	بِهٖ	ذَوَا عَدْلٍ	مِنْكُمْ	هَدْيًا	بٰلِغَ
مثل اسکے ہے	جو	مارا	مویشی سے	فیصلہ کریں	اس کا	دو انصاف والے	تم میں سے	قربانی	پہنچتی

مویشیوں میں سے اسی کی مثل جو اس نے شکار کیا تو تم میں سے دو منصف یہ فیصلہ کریں اس حال میں کہ یہ قربانی کعبہ پہنچ جائے یا

الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ

الْكَعْبَةِ	اَوْ	كَفَّارَةٌ	طَعَامُ	مَسٰكِيْنَ	اَوْ	عَدْلُ	ذٰلِكَ	صِيَامًا	لِيَذُوْقَ
کعبہ کو	یا	کفارہ دے	کھانا	مسکینوں کو	یا	برابر	اس کے	روزے	تاکہ چکھے

کفارہ ہے مسکینوں کا کھانا۔ یا اتنے روزے رکھ لے تاکہ وہ اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھے

وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ

وَبَالَ	اَمْرِهٖ	عَفَا	اللّٰهُ	عَمَّا	سَلَفَ	وَ	مَنْ	عَادَ	فَيَنْتَقِمُ	اللّٰهُ	مِنْهُ
وبال	کام اپنے کا	معاف کیا	اللہ نے	اس سے جو	گزر چکا	اور	جو	اب کرے گا	تو بدلہ لے گا	اللہ	اس سے

اللہ نے معاف فرمایا جو گزر گیا اور جو پھر یہ کام کرے تو اللہ اس سے بدلہ لے گا

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا

وَ	اللّٰهُ	عَزِيْزٌ	ذُو انْتِقَامٍ	اُحِلَّ	لَكُمْ	صَيْدُ	الْبَحْرِ	وَ	طَعَامُهٗ	مَتَاعًا
اور	اللہ	غالب	بدلہ لینے والا ہے	حلال کیا گیا	تمہارے لئے	شکار	دریا کا	اور	اس کا کھانا	سامان ہے

اور اللہ بڑا غالب ہے بدلہ لینے والا۔ دریا میں شکار کرنا اور اس کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے

لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا

لَكُمْ	وَ	لِلسَّيَّارَةِ	وَحُرِّمَ	عَلَيْكُمْ	صَيْدُ	الْبَرِّ	مَادُمْتُمْ	حُرُمًا	وَ	اتَّقُوا
تمہارے لئے	اور	مسافروں کیلئے	اور حرام ہے	تم پر	شکار	خشکی کا	جب تک رہو تم	احرام میں	اور	ڈرو

تمہارے اور مسافروں کے فائدے کیلئے اور تم پر خشکی میں شکار کرنا حرام ہے جب تک تم احرام میں ہو اور اللہ سے ڈرتے رہو

اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	جَعَلَ	اللّٰهُ	الْكَعْبَةَ	الْبَيْتَ	الْحَرَامَ
اللہ سے	وہ کہ	اس کی طرف	اکٹھے کیے جاؤ گے	باعث کیا	اللہ نے	کعبہ کو	گھر	ادب والے

جس کے حضور تم سب جمع کیے جاؤ گے۔ اللہ نے ادب والے گھر کعبہ کو لوگوں کے قیام کا باعث کیا

قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ۭ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا

قِيٰمًا	لِّلنَّاسِ	وَالشَّهْرَ	الْحَرَامَ	وَ	الْهَدْيَ	وَالْقَلَآئِدَ	ذٰلِكَ	لِتَعْلَمُوْٓا
ٹھہرنے کے لئے	لوگوں کے	اور مہینہ	حرمت والا	اور	قربانی	اور قلادہ والی	یہ کہ	اس لئے کہ تم جان لو کہ

اور حرمت والے مہینہ اور حرم کی قربانی اور گلے میں علامت آویزاں جانوروں کو شعائر بنایا ہے یہ اس لئے کہ تم یقین

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ
بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو	آسمانوں میں ہے	اور	جو	زمین میں ہے	اور	بیشک	اللہ	ہر	چیز کو

کرو کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کا علم

عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ ط

عَلِيْمٌ	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
جانتا ہے	جان لو	بیشک	اللہ	سخت	عذاب والا ہے	اور	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے

رکھنے والا ہے۔ جان رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

مَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	تُبْدُوْنَ	وَ	مَا
نہیں	اوپر	رسول کے	مگر	پہنچانا	اور اللہ	جانتا ہے	جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور	جو

رسول پر پہنچا دینے کے سوا کچھ ذمہ داری نہیں اور اللہ وہ (سب) کچھ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ

تَكْتُمُوْنَ	قُلْ	لَا	يَسْتَوِي	الْخَبِيْثُ	وَ	الطَّيِّبُ	وَ	لَوْ	اَعْجَبَكَ	كَثْرَةُ
تم چھپاتے ہو	فرمادو	نہیں	برابر	گندا	اور	ستھرا	اور	اگرچہ	پسند آئے تجھ کو	کثرت

تم چھپاتے ہو۔ فرما دیجئے پاک اور ناپاک (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے اگرچہ تمہیں

الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ يٰۤاَيُّهَا

الْخَبِيْثِ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا
گندے کی	تو ڈرو	اللہ سے	اے عقل والو	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اے

ناپاک کی کثرت بھلی لگے پس اے عقلمند لوگو! تم اللہ سے ڈرا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْئَلُوْا

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَسْئَلُوْا	عَنْ اَشْيَآءَ	اِنْ	تُبْدَ لَكُمْ	تَسُؤْكُمْ	وَاِنْ	تَسْئَلُوْا
وہ جو	ایمان لائے ہو	نہ	سوال کرو	چیزوں سے	اگر	ظاہر کی جائیں تمہارے لیے تو	بری لگیں تم کو	اور اگر	سوال کروگے

ایمان والو! وہ باتیں نہ پوچھو کہ اگر تمہارے لئے ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور اگر تم پوچھوگے

عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

عَنْهَا	حِيْنَ	يُنَزَّلُ	الْقُرْاٰنُ	تُبْدَ لَكُمْ	عَفَا	اللّٰهُ	عَنْهَا	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ
ان سے	جبکہ	اتارا جاتا ہے	قرآن	ظاہر کی جائینگی تمہارے لیے	معاف کیا	اللہ نے	اس سے	اور	اللہ	بخشنے والا

ایسے وقت جب کہ قرآن نازل کیا جا رہا ہے تو تم پر ظاہر کردی جائیں گی اللہ نے ان سے درگزر فرمائی ہے اور اللہ بہت بخشنے والا ہے

حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

حَلِيْمٌ	قَدْ	سَاَلَهَا	قَوْمٌ	مِّنْ قَبْلِكُمْ	ثُمَّ	اَصْبَحُوْا	بِهَا	كٰفِرِيْنَ
حلم والا ہے	بیشک	پوچھا تھا یہی	ایک قوم نے	تم سے پہلے	پھر	ہو گئے	اس سے	منکر

نہایت حلم والا۔ بے شک ایسی باتیں تم سے پہلے ایک قوم نے پوچھی تھیں پھر وہ ان باتوں کا انکار کرنے والے ہو گئے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ

مَا	جَعَلَ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَحِيْرَةٍ	وَّ	لَا	سَآئِبَةٍ	وَّ	لَا	وَصِيْلَةٍ	وَّ	لَا	حَامٍ
نہیں	بنایا	اللہ نے	بحیرہ سے	اور	نہ	سائبہ	اور	نہ	وصیلہ	اور	نہ	حام

اللہ نے نہ تو بحیرہ کو (امرِ شرعی) مقرر کیا ہے اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حام کو

وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

وَّ	لٰكِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَ	اَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْقِلُوْنَ
اور	لیکن	وہ جو	کافر ہیں	افتراء باندھتے ہیں	اوپر	اللہ کے	جھوٹا	اور	اکثر ان کے	نہیں	عقل رکھتے

لیکن کافر لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں اور ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا

وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا	اِلٰى	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَاِلَى	الرَّسُوْلِ	قَالُوْا	حَسْبُنَا
اور	جب	کہا جاتا ہے	ان سے	آؤ	طرف	اس کے جو	اتاری	اللہ نے	اور طرف	رسول کی	تو کہتے ہیں	کافی ہے ہم کو

اور جب ان سے کہا جائے آؤ اس طرف جو اللہ نے نازل کیا اور رسول کی طرف تو کہتے ہیں کہ ہمیں وہ بہت ہے

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـــًٔا

مَا	وَجَدْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا	اَوَ	لَوْ	كَانَ	اٰبَآؤُهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	شَيْـــًٔا
وہ جو	پایا ہم نے	اس پر	باپ دادا اپنے کو	کیا	اگرچہ	ہوں	باپ دادا ان کے	نہ	جانتے	کچھ بھی

جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا کیا بھلا اگرچہ ان کے آباؤ اجداد کچھ بھی نہ جانتے ہوں

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ

مَّنْ	يَضُرُّكُمْ	لَا	اَنْفُسَكُمْ	عَلَيْكُمْ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	يَهْتَدُوْنَ	لَا	وَّ
جو	نقصان دے گا تم کو	نہ	اپنی جانوں کو	بچاؤ	ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	راہ پاتے	نہ	اور

اور نہ ہدایت یافتہ ہوں؟۔ اے ایمان والو! تم اپنی جانوں کی فکر کرو تمہیں کوئی گمراہ نقصان نہیں پہنچا سکتا

ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

كُنْتُمْ	بِمَا	فَيُنَبِّئُكُمْ	جَمِيْعًا	مَرْجِعُكُمْ	اللّٰهِ	اِلَى	اهْتَدَيْتُمْ	اِذَا	ضَلَّ
تم	جو	وہ بتائے گا تم کو	سب کو	تم کو لوٹنا	اللہ کی ہے	طرف	تم ہدایت پر ہو	جب	گمراہ ہوا

اگر تم ہدایت یافتہ ہو چکے ہو تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے پھر وہ تمہیں ان (کاموں) سے خبردار فرما دے گا

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ

اَحَدَكُمُ	حَضَرَ	اِذَا	بَيْنِكُمْ	شَهَادَةُ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	تَعْمَلُوْنَ
ایک تمہارے کو	حاضر ہو	جب	تم میں	گواہی	ایمان لائے ہو	وہ جو	اے	کرتے تھے

جو تم کرتے رہے تھے۔ اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کو موت آئے تو وصیت کرتے وقت تمہارے

الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ

مِنْ غَيْرِكُمْ	اٰخَرٰنِ	اَوْ	مِّنْكُمْ	عَدْلٍ	ذَوَا	اثْنٰنِ	الْوَصِيَّةِ	حِيْنَ	الْمَوْتُ
اوروں سے	دو	یا	تم میں سے	انصاف	صاحب	دو آدمی	وصیت کے	وقت	موت

درمیان گواہی (کیلئے) تم میں سے دو عادل شخص ہوں یا تمہارے غیروں میں سے (کوئی) دوسرے دو شخص ہوں

اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ

الْمَوْتِ	مُّصِيْبَةُ	فَاَصَابَتْكُمْ	الْاَرْضِ	فِي	ضَرَبْتُمْ	اَنْتُمْ	اِنْ
موت کا	حادثہ	تو پہنچے تم کو	زمین	میں	چلو تم	تم	اگر

اگر تم ملک میں سفر کر رہے ہو پھر (اسی حال میں) تمہیں موت کی مصیبت آ پہنچے تو تم ان دونوں کو نماز کے بعد روک لو اگر تمہیں (ان

تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ

تَحْبِسُوْنَهُمَا	مِنْۢ بَعْدِ	الصَّلٰوةِ	فَيُقْسِمٰنِ	بِاللّٰهِ	اِنِ	ارْتَبْتُمْ
روکو دونوں کو	بعد	نماز کے	تو قسم کھائیں	اللہ کی	اگر	تم شک کرو

پر) شک گزرے تو وہ دونوں اللہ کی قسمیں کھائیں کہ ہم اس کے عوض کوئی قیمت حاصل نہیں کریں گے خواہ

لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ

لَا نَشْتَرِيْ	بِهٖ	ثَمَنًا	وَّ	لَوْ	كَانَ	ذَا قُرْبٰى	وَلَا	نَكْتُمُ	شَهَادَةَ	اللّٰهِ	اِنَّآ
نہیں خریدیں گے	اس کے ساتھ	قیمت	اور	اگرچہ	ہو	رشتہ دار	اور نہ	چھپائیں گے ہم	گواہی	اللہ کی	بیشک ہم

کوئی (کتنا ہی) قرابت دار ہو اور نہ ہم اللہ کی (مقرر کردہ) گواہی کو چھپائیں گے اگر چھپائیں تو) ہم اس وقت گنہگاروں

اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ

اِذًا	لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ	فَاِنْ	عُثِرَ	عَلٰٓى	اَنَّهُمَا	اسْتَحَقَّآ	اِثْمًا	فَاٰخَرٰنِ	يَقُوْمٰنِ
اس وقت	گنہگار ہوں گے	پھر اگر	پتہ چلے	اس کا کہ	وہ	کر رہے ہیں	گناہ	تو دو اور	کھڑے ہوں

میں ہو جائیں گے۔ پھر اگر معلوم ہو جائے کہ وہ دونوں (گواہ) کسی گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں تو دوسرے

مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ

مَقَامَهُمَا	مِنَ الَّذِيْنَ	اسْتَحَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْاَوْلَيٰنِ	فَيُقْسِمٰنِ	بِاللّٰهِ
ان کی جگہ	اس سے	جو حق لے کر	ان پر	پہلے دو گواہوں نے	تو قسم کھائیں	اللہ کی

دو گواہ ان کی جگہ کھڑے ہو جائیں ان لوگوں میں سے جن کا حق پہلے گواہوں نے ضائع کیا تو وہ اللہ کی قسم اٹھائیں

لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا

لَشَهَادَتُنَآ	اَحَقُّ	مِنْ شَهَادَتِهِمَا	وَ	مَا	اعْتَدَيْنَآ	اِنَّآ	اِذًا
کہ ہماری گواہی	سچی ہے	ان کی گواہی سے	اور	نہیں	حد سے بڑھے ہم	بیشک ہم	اس وقت

کہ ان کی گواہی سے ہماری گواہی زیادہ ٹھیک ہے اور ہم نے حد سے تجاوز نہیں کیا (اگر ہم ایسا کریں تو) اس

لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ

اَوْ	وَجْهِهَآ	عَلٰى	بِالشَّهَادَةِ	يَّاْتُوْا	اَنْ	اَدْنٰٓى	ذٰلِكَ	الظّٰلِمِيْنَ	لَمِنَ
یا	روبرو	اس کے	گواہی	لائیں	یہ کہ	بہت قریب ہے	یہ	ظالموں سے	ہوں گے

وقت ہم ظالموں میں سے ہوں گے۔ یہ طریقہ اس بات کے زیادہ قریب ہے کہ گواہی دینے والے گواہی دیں جیسا کہ گواہی

يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ

اللّٰهُ	وَ	وَاسْمَعُوْا	اللّٰهَ	اتَّقُوا	وَ	اَيْمَانِهِمْ	بَعْدَ	اَيْمَانٌ	تُرَدَّ	اَنْ	يَخَافُوْٓا
اللہ	اور	اور سنو	اللہ سے	ڈرو	اور	ان کی قسم کے	بعد	قسم	رد کردی گا	یہ کہ	خوف کرو

دینے کا حق ہے یا وہ ڈریں کہ لوٹائی جائیں گی قسمیں ان کی قسموں کے بعد اور اللہ سے ڈرتے رہو اور (اس کا حکم) سنو

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٨﴾ ع يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ

فَيَقُوْلُ	الرُّسُلَ	اللّٰهُ	يَجْمَعُ	يَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ	الْقَوْمَ	يَهْدِى	لَا
پھر فرمائے گا	رسولوں کو	اللہ	جمع فرمائے گا	جس دن	بے حکموں کو	قوم	ہدایت دیتا	نہیں

اور اللہ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں فرماتا۔ جس دن اللہ جمع فرمائے گا رسولوں کو پھر فرمائے گا

مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿١٠٩﴾ اِذْ قَالَ

قَالَ	اِذْ	الْغُيُوْبِ	عَلَّامُ	اَنْتَ	اِنَّكَ	لَنَا	عِلْمَ	لَا	قَالُوْا	اُجِبْتُمْ	مَاذَآ
فرمائے گا	جب	غیبوں کا	جاننے والا	تو ہی ہے	بیشک تو	ہم کو	علم	نہیں	کہیں گے	جواب دیئے گئے تم	کیا

تمہیں کیا جواب ملا عرض کریں گے ہمیں کچھ علم نہیں بے شک تو ہی ہے سب غیبوں کا خوب جاننے والا ہے۔ جب اللہ

اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِىْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ

اِذْ	وَالِدَتِكَ	عَلٰى	وَ	عَلَيْكَ	نِعْمَتِىْ	اذْكُرْ	مَرْيَمَ	ابْنَ	يٰعِيْسَى	اللّٰهُ
جب	والدہ اپنی کے	اوپر	اور	اپنے اوپر	میرا احسان	یاد کرو	مریم کے	بیٹے	اے عیسیٰ	اللہ

فرمائے گا اے مریم کے بیٹے عیسیٰ علیہ السلام یاد کرو میرا احسان اپنے اوپر اور اپنی والدہ پر جب میں نے

ع ٤
وقف لازم

أَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۫ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَإِذْ

أَيَّدْتُّكَ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ	تُكَلِّمُ	النَّاسَ	فِي	الْمَهْدِ	وَ	كَهْلًا	وَ	إِذْ
میں نے تیری مدد کی	ساتھ روح القدس کے	باتیں کرتا تھا تو	لوگوں سے	میں	جھولے میں	اور	پکی عمر میں	اور	جب

پاک روح سے تمہاری مدد کی کہ لوگوں سے باتیں کرو جھولے میں اور پکی عمر کے ہو کر اور جب

عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيْلَ ۚ وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ

عَلَّمْتُكَ	الْكِتٰبَ	وَ	الْحِكْمَةَ	وَالتَّوْرٰىةَ	وَالْإِنْجِيْلَ	وَإِذْ	تَخْلُقُ	مِنَ الطِّيْنِ
میں نے سکھائی تجھ کو	کتاب	اور	حکمت	اور توریت	اور انجیل	اور جب	بناتا تو	مٹی سے

میں نے تجھے سکھائی کتاب اور حکمت اور توریت اور انجیل اور مٹی سے

كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِإِذْنِيْ

كَهَيْـَٔةِ	الطَّيْرِ	بِإِذْنِيْ	فَتَنْفُخُ	فِيْهَا	فَتَكُوْنُ	طَيْرًا	بِإِذْنِيْ
صورت	پرندے کی	میرے حکم سے	پھر تو پھونکتا	اس سے	تو ہو جاتا	پرندہ	میرے حکم سے

پرندے کی سی صورت میرے حکم سے بناتے پھر اس میں پھونک مارتے تو وہ میرے حکم سے اڑنے لگتی

وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِيْ ۚ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِإِذْنِيْ ۚ

وَتُبْرِئُ	الْأَكْمَهَ	وَ	الْأَبْرَصَ	بِإِذْنِيْ	وَ	إِذْ	تُخْرِجُ	الْمَوْتٰى	بِإِذْنِيْ
اور تندرست کرتا تھا تو	مادرزاد اندھے کو	اور	سفید داغ والے کو	میرے حکم سے	اور	جب	نکالتا تو	مردوں کو	میرے حکم سے

اور تم مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو میرے حکم سے ٹھیک کر دیتے تھے اور جب تم مردوں کو میرے حکم سے

وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ

وَ	إِذْ	كَفَفْتُ	بَنِيْٓ	إِسْرَآءِيْلَ	عَنْكَ	إِذْ	جِئْتَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَقَالَ	الَّذِيْنَ
اور	جب	روکا میں نے	بنی	اسرائیل کو	تجھ سے	جبکہ	لایا تو ان کے پاس	روشن نشانیاں	تو کہا	انہوں نے جو

زندہ نکالتے اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے روکا جب تم ان کے پاس روشن نشانیاں لے کر آئے تو

كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى

كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	اِذْ	اَوْحَيْتُ	اِلَى
کافر تھے	ان میں سے	نہیں	یہ	مگر	جادو	کھلا ہوا	اور	جب	میں نے وحی کی	طرف

ان میں کافروں نے کہا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور جب میں نے حواریوں کے دل

الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا

الْحَوَارِيّٖنَ	اَنْ	اٰمِنُوْا	بِيْ	وَ	بِرَسُوْلِيْ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَاشْهَدْ	بِاَنَّنَا
حواریوں کی	یہ کہ	ایمان لاؤ	مجھ پر	اور	میرے رسول پر	وہ بولے	ہم ایمان لائے	اور گواہ رہ	ہم

میں (یہ) ڈال دیا کہ تم مجھ پر اور میرے پیغمبر (عیسیٰ علیہ السلام) پر ایمان لاؤ (تو) انہوں نے کہا ہم ایمان لے آئے اور تو گواہ ہو جا کہ

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ

مُسْلِمُوْنَ	اِذْ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	يٰعِيْسَى	ابْنَ	مَرْيَمَ	هَلْ	يَسْتَطِيْعُ
مسلمان ہیں	جب	کہا	حواریوں نے	اے عیسیٰ	بیٹے	مریم کے	کیا	طاقت رکھتا ہے

ہم یقیناً مسلمان ہیں۔ اور (یہ بھی یاد کرو) جب حواریوں نے کہا اے عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم کیا تمہارا رب ایسا کر سکتا ہے

رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۭ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ

رَبُّكَ	اَنْ	يُّنَزِّلَ	عَلَيْنَا	مَآئِدَةً	مِّنَ السَّمَآءِ	قَالَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنْ	كُنْتُمْ
تیرا رب	یہ کہ	اتارے	ہم پر	خوان	آسمان سے	اس نے کہا	ڈرو	اللہ سے	اگر	ہو تم

کہ ہم پر آسمان سے (کھانے کا) خوان اتار دے (تو) عیسیٰ علیہ السلام نے (جواباً) کہا (لوگو) اللہ سے ڈرو اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ

مُّؤْمِنِيْنَ	قَالُوْا	نُرِيْدُ	اَنْ	نَّاْكُلَ	مِنْهَا	وَ	تَطْمَئِنَّ	قُلُوْبُنَا	وَ	نَعْلَمَ	اَنْ
مومن	بولے	ہم چاہتے ہیں	یہ کہ	کھائیں ہم	اس سے	اور	مطمئن ہوں	ہمارے دل	اور	ہم جانیں	یہ کہ

صاحب ایمان ہو۔ حواریوں نے کہا ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ ہم اسے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہم جان لیں کہ

قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ

قَدْ	صَدَقْتَنَا	وَنَكُوْنَ	عَلَيْهَا	مِنَ الشّٰهِدِيْنَ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ
بیشک	آپ نے ہم سے سچ فرمایا	اور ہوں ہم	اس پر	گواہوں میں سے	عرض کی	عیسیٰ	بیٹے

آپ نے ہم سے سچ کہا تھا اور ہم اس پر گواہی دینے والوں میں سے ہو جائیں۔ عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم نے دُعا:"

مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

مَرْيَمَ	اللّٰهُمَّ	رَبَّنَآ	اَنْزِلْ	عَلَيْنَا	مَآئِدَةً	مِّنَ السَّمَآءِ	تَكُوْنُ	لَنَا	عِيْدًا
مریم نے	اے اللہ	ہمارے رب	اتار	ہم پر	خوان	آسمان سے	کہ ہو	ہمارے لئے	عید

اے اللہ ہمارے رب! آسمان سے ہم پر ایک خوان اُتار جو ہمارے پہلوں اور بعد میں آنے والوں کے لیے عید بن جائے۔ اور تیری

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ج وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالَ

لِّاَوَّلِنَا	وَاٰخِرِنَا	وَاٰيَةً	مِّنْكَ	وَارْزُقْنَا	وَاَنْتَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ	قَالَ
ہمارے پہلوں	اور ہمارے پچھلوں کی	اور نشانی	تجھ سے	اور رزق دے ہم کو	اور تو ہے	بہتر	رزق دینے والا	فرمایا

طرف سے ایک نشانی ہو جائے اور ہمیں رزق عطا فرما اور تو بہترین رزق عطا فرمانے والا ہے"۔ اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ اِنِّىْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّىْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا

اللّٰهُ	اِنِّىْ	مُنَزِّلُهَا	عَلَيْكُمْ	فَمَنْ	يَّكْفُرْ	بَعْدُ	مِنْكُمْ	فَاِنِّىْٓ	اُعَذِّبُهٗ	عَذَابًا
اللہ نے	بیشک میں	اتارنے والا ہوں اس کو	تم پر	تو جو	کفر کرے گا	بعد اس کے	تم میں سے	تو میں یقیناً	عذاب دوں گا اس کو	ایسا عذاب

نے فرمایا:" میں یہ خوان تم پر ضرور نازل کرنے والا ہوں پھر اس کے بعد تم میں سے جو شخص انکار کرے گا تو اس کو میں یقیناً

لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

لَّآ	اُعَذِّبُهٗٓ	اَحَدًا	مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ	وَ	اِذْ	قَالَ	اللّٰهُ	يٰعِيْسَى	ابْنَ	مَرْيَمَ
کہ نہ	عذاب دوں گا وہ	کسی کو بھی	جہان والوں سے	اور	جب	فرمائے گا	اللہ	اے عیسیٰ	بیٹے	مریم کے

ایسا عذاب دوں گا جو دنیا میں سے کسی کو نہ دیا ہوگا"۔ اور جب اللہ تعالیٰ فرمائیگا کہ اے عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم!

وَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ

ءَاَنْتَ	قُلْتَ	لِلنَّاسِ	اتَّخِذُوْنِيْ	وَ	اُمِّيَ	اِلٰهَيْنِ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	قَالَ
کیا تو نے	کہا تھا	لوگوں کو کہ	بنالو مجھ کو	اور	میری ماں کو	دو خدا	سوا	اللہ کے	کہے گا

کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری والدہ کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ معبود بنا لو وہ کہیں گے:

سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ

سُبْحٰنَكَ	مَا	يَكُوْنُ	لِيْٓ	اَنْ	اَقُوْلَ	مَا	لَيْسَ	لِيْ	بِحَقٍّ	اِنْ	كُنْتُ قُلْتُهٗ
پاک ہے تو	نہیں	ہے	میرے لئے	یہ کہ	کہوں میں	وہ جو	نہیں ہے	میرے لئے	حق	اگر	میں نے کہا ہے اس کو

تو پاک ہے۔ میرا یہ کام نہ تھا کہ میں وہ بات کہتا جس کا مجھے کوئی حق نہ تھا۔ اگر میں نے وہ کہا ہوتا

فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ

فَقَدْ	عَلِمْتَهٗ	تَعْلَمُ	مَا	فِيْ نَفْسِيْ	وَ	لَآ	اَعْلَمُ	مَا	فِيْ نَفْسِكَ
تو تو یقیناً	جانتا ہے اس کو	تو جانتا ہے	جو	میرے جی میں ہے	اور	نہیں	جانتا میں	جو	تیرے علم میں ہے

تو ضرور تیرے علم میں ہوتا۔ جو میرے دل میں ہے تو جانتا ہے اور میں وہ نہیں جانتا جو تیرے جی میں ہے۔

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ

اِنَّكَ	اَنْتَ	عَلَّامُ	الْغُيُوْبِ	مَا	قُلْتُ	لَهُمْ	اِلَّا	مَآ	اَمَرْتَنِيْ	بِهٖٓ	اَنِ
بیشک	تو ہی ہے	جاننے والا	غیبوں کا	نہیں	کہا میں نے	ان کو	مگر	جو	حکم دیا تو نے مجھ کو	اس کا	یہ کہ

یقیناً تو ہی چھپی باتوں کو جاننے والا ہے"۔ میں نے انہیں سوائے اس (بات) کے کچھ نہیں کہا تھا جس کا تو نے مجھے حکم دیا تھا

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ

اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَ	رَبَّكُمْ	وَ	كُنْتُ	عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا	مَّا دُمْتُ	فِيْهِمْ
عبادت کرو	اللہ کی	جو میرا رب ہے	اور	تمہارا رب ہے	اور	میں تھا	ان پر	گواہ	جب تک میں رہا	ان میں

کہ تم (صرف) اللہ کی عبادت کیا کرو جو میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے اور میں ان (کے عقائد و اعمال) پر اس

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنتَ أَنتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

فَلَمَّا	تَوَفَّيْتَنِي	كُنتَ	أَنتَ	الرَّقِيبَ	عَلَيْهِمْ	وَأَنتَ	عَلَىٰ	كُلِّ	شَيْءٍ
پھر جب	تو نے مجھے اٹھالیا	تو تھا	تو ہی	نگاہ رکھتا تھا	ان پر	اور تو	اوپر	ہر	شے کے

پھر جب تو نے مجھے اٹھالیا تو تو ہی ان (کے حالات) پر نگہبان تھا اور تو وقت تک) خبردار رہا جب تک میں ان لوگوں میں موجود رہا

شَهِيدٌ ﴿١١٧﴾ إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۖ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ

شَهِيدٌ	إِن	تُعَذِّبْهُمْ	فَإِنَّهُمْ	عِبَادُكَ	وَ	إِن	تَغْفِرْ لَهُمْ	فَإِنَّكَ	أَنتَ
گواہ ہے	اگر	تو ان کو عذاب دے	تو وہ	بندے ہیں تیرے	اور	اگر	بخش دے ان کو	تو بے شک	تو ہی ہے

ہر چیز پر گواہ ہے۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے (ہی) بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو بے شک تو ہی

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١١٨﴾ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ ۚ

الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ	قَالَ	اللَّهُ	هَٰذَا	يَوْمُ	يَنفَعُ	الصَّادِقِينَ	صِدْقُهُمْ
غالب	حکمت والا	فرمائے گا	اللہ	یہ	دن ہے	جو نفع دے گا	سچوں کو	ان کا سچ

بڑا غالب حکمت والا ہے۔ اللہ فرمائے گا یہ ہے وہ دن جس میں سچوں کو ان کا سچ نفع دے گا ان کیلئے باغ ہیں

لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ رَّضِيَ

لَهُمْ	جَنَّاتٌ	تَجْرِي	مِن تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	خَالِدِينَ	فِيهَا	أَبَدًا	رَّضِيَ
ان کیلئے	باغ ہیں	رواں ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہنے والے	اس میں	ہمیشہ تک	راضی ہوا

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور ان میں ہمیشہ ابد تک رہیں گے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ

اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١١٩﴾ لِلَّهِ مُلْكُ

اللَّهُ	عَنْهُمْ	وَرَضُوا	عَنْهُ	ذَٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيمُ	لِلَّهِ	مُلْكُ
اللہ	ان سے	اور وہ راضی ہوئے	اس سے	یہ ہے	کامیابی	بڑی	اللہ ہی کیلئے ہے	سلطنت

اللہ سے راضی ہوئے یہی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ اللہ ہی کیلئے ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٢٠﴾

قَدِيْرٌ	شَيْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	هُوَ	وَ	فِيْهِنَّ	مَا	وَ	الْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ
قادر ہے	چیز کے	ہر	اوپر	وہ	اور	ان میں ہے	جو	اور	اور زمین کی	آسمانوں کی

سلطنت آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان میں ہے اور وہ جو چاہے اس پر قادر ہے۔

ایاتہا ۱۶۵ — ٦ سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ ۵۵ — رکوعاتہا ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

الظُّلُمٰتِ	جَعَلَ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ	الَّذِيْ	لِلّٰهِ	اَلْحَمْدُ
اندھیریاں	بنائی	اور	زمین	اور	آسمان	پیدا کیے	جس نے	اللہ کو ہیں	سب خوبیاں

سب خوبیاں اللہ کو ہے جس نے آسمان اور زمین بنائے اور تاریکیوں اور روشنی کو پیدا کیا

وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

خَلَقَكُمْ	الَّذِيْ	هُوَ	يَعْدِلُوْنَ	بِرَبِّهِمْ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	ثُمَّ	النُّوْرَ	وَ
تم کو پیدا کیا	وہ ہے جس نے	وہ اللہ	برابر ٹھہراتے ہیں	اپنے رب کے ساتھ	کافر ہیں	وہ جو	پھر	نور	اور

اس پر بھی یہ کافر لوگ اپنے رب کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿٢﴾

تَمْتَرُوْنَ	اَنْتُمْ	ثُمَّ	عِنْدَهٗ	مُّسَمًّى	اَجَلٌ	وَ	اَجَلًا	قَضٰٓى	ثُمَّ	مِّنْ طِيْنٍ
شک کرتے ہو	تم	پھر	اس کے پاس	مقرر ہے	ایک مدت	اور	ایک مدت	مقرر کی	پھر	مٹی سے

سے پیدا کیا پھر ایک مدت مقرر کی اور ایک مقررہ مدت اسی کے پاس ہے۔ پھر تم لوگ شک کرتے ہو۔

وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ

وَ	هُوَ	اللّٰهُ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	فِي	الْاَرْضِ	يَعْلَمُ	سِرَّكُمْ	وَ جَهْرَكُمْ	وَ	يَعْلَمُ
اور	وہ ہی	اللہ ہے	میں	آسمانوں	اور	میں	زمین	جانتا ہے	پوشیدہ تمہارا	اور ظاہر تمہارا	اور	جانتا ہے

اور آسمانوں میں اور زمین میں وہی اللہ (معبودِ برحق) ہے جو تمہاری پوشیدہ اور تمہاری ظاہر (سب باتوں) کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کما

مَا تَكْسِبُوْنَ ۝۳ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

مَا	تَكْسِبُوْنَ	وَ	مَا	تَاْتِيْهِمْ	مِّنْ	اٰيَةٍ	مِّنْ اٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا
جو	تمہارے کام	اور	نہیں	آتیں ان کے پاس	کوئی	نشانی	نشانیوں میں سے	ان کے رب کی	مگر	تھے	اس سے

رہے ہو وہ (اسے بھی) جانتا ہے۔ اور ان کے رب کی نشانیوں میں سے ان کے پاس کوئی نشانی نہیں آئی مگر (یہ کہ) وہ اس سے

مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ

مُعْرِضِيْنَ	فَقَدْ	كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَهُمْ	فَسَوْفَ	يَاْتِيْهِمْ
منہ پھیرنے والے	بیشک	جھٹلایا انہوں نے	حق کو	جبکہ	آیا ان کے پاس	تو جلد ہی	آئینگی ان کے پاس

روگردانی کرتے تھے۔ تو بے شک انہوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان کے پاس آیا پس عنقریب ان کے پاس

اَنْۢبٰۗؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ

اَنْۢبٰۗؤُا	مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَلَمْ	يَرَوْا	كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ
خبریں	اس کی کہ	تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	کیا نہ	دیکھا انہوں نے کہ	کتنی	ہلاک کیں ہم نے	ان سے پہلے

اس چیز کی خبریں آجائیں گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک

مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَاۗءَ

مِّنْ قَرْنٍ	مَّكَّنّٰهُمْ	فِي الْاَرْضِ	مَا	لَمْ	نُمَكِّنْ	لَّكُمْ	وَ	اَرْسَلْنَا	السَّمَاۗءَ
سنگتیں	جگہ دی ہم نے ان کو	زمین میں	اتنی کہ	نہیں	جگہ دی ہم نے	تم کو	اور	بھیجی ہم نے	آسمان سے

کر دیں جنہیں ہم نے زمین میں ایسی قوت دی تھی جو تمہیں نہیں دی اور ہم نے ان پر موسلا دھار

عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

عَلَيْهِمْ	مِّدْرَارًا	وَ	جَعَلْنَا	الْاَنْهٰرَ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهِمْ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ
ان پر	موسلادار بارش	اور	بنائیں ہم نے	نہریں	کہ چلتی ہیں	ان کے نیچے	تو ہم نے ہلاک کیا ان کو

بارشیں برسائیں اور ہم نے نہریں بنائیں جو ان کے نیچے بہتی تھیں تو ان کے گناہوں کی وجہ سے ہم نے

بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٦﴾ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ

بِذُنُوْبِهِمْ	وَاَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	قَرْنًا	اٰخَرِيْنَ	وَ	لَوْ	نَزَّلْنَا	عَلَيْكَ
ان کے گناہوں کے سبب	اور پیدا کی ہم نے	بعد ان کے	سنگت	دوسری	اور	اگر	اتارتے ہم	آپ پر

انہیں ہلاک کر دیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری قوم پیدا کر دی۔ اور اگر ہم آپ پر

كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ

كِتٰبًا	فِيْ قِرْطَاسٍ	فَلَمَسُوْهُ	بِاَيْدِيْهِمْ	لَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ
کتاب	کاغذوں میں	پھر چھوتے اس کو	اپنے ہاتھوں سے	تو کہتے	وہ جو	کافر ہیں	نہیں	یہ

کاغذ میں لکھی ہوئی کتاب نازل کرتے کہ وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھوتے جب بھی کافر کہتے کہ یہ نہیں!

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا

اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	قَالُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	مَلَكٌ	وَ	لَوْ	اَنْزَلْنَا	مَلَكًا
مگر	جادو	کھلا ہوا	اور	بولے	کیوں نہیں	اتارا گیا	اس پر	فرشتہ	اور	اگر	اتارتے ہم	فرشتہ

یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور بولے ان پر کوئی فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا اور اگر ہم فرشتہ اتارتے

لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ﴿٨﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا

لَقُضِيَ	الْاَمْرُ	ثُمَّ	لَا	يُنْظَرُوْنَ	وَ	لَوْ	جَعَلْنٰهُ	مَلَكًا	لَّجَعَلْنٰهُ	رَجُلًا
فیصلہ ہو جاتا	کام کا	پھر	نہ	مہلت دیے جاتے	اور	اگر	بناتے ہم اس کو	فرشتہ	تو بناتے اس کو	مرد

تو کام تمام ہو گیا ہوتا پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی۔ اور اگر ہم رسول کو فرشتہ بناتے تو اسے بھی آدمی ہی بناتے اور ہم ان پر وہی شبہ ڈال دیتے جو شبہ

وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

وَلَلَبَسْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّا	يَلْبِسُوْنَ	وَ	لَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ قَبْلِكَ
اور ضرور شبہ کرتے	ان پر	جو	شبہاب کررہے ہیں	اور	بیشک	ٹھٹھا کیا گیا	رسولوں کے ساتھ	آپ سے پہلے

کررہے ہیں (یعنی اس کی بھی ظاہری صورت دیکھ کر کہتے ہیں کہ یہ ہماری مثل بشر ہے۔) اور بے شک آپ سے پہلے (بھی) رسولوں کے ساتھ مذاق کیا

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع قُلْ

ربع

فَحَاقَ	بِالَّذِيْنَ	سَخِرُوْا	مِنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	قُلْ
تو گھیر لیا	ان کو جنہوں نے	ٹھٹھا کیا تھا	ان میں سے	اس نے جس کو	تھے	وہ کہ	ٹھٹھا کرتے	فرمادیں

جاتا رہا پھر ان میں سے جن لوگوں نے مذاق اڑایا اسی نے آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ فرما دیجئے

سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ قُلْ

سِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	ثُمَّ	انْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	قُلْ
سیر کرو	زمین میں	پھر	دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں کا	فرمایئے

زمین میں چلو پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔ (ان سے) فرمایئے

لِّمَنْ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ

لِّمَنْ	مَّا	فِى السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	قُلْ	لِّلّٰهِ	كَتَبَ	عَلٰى	نَفْسِهِ
کس کا ہے	جو	آسمانوں میں	اور	زمین ہے	فرمادیں	اللہ کیلئے	لکھ لی ہے اس نے	اوپر	اپنے کرم کے ذمے

کس کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، (آپ ہی انہیں) فرمائیں سب کچھ اللہ ہی کا ہے اس نے (محض اپنے کرم سے)

الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

الرَّحْمَةَ	لَيَجْمَعَنَّكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	لَا	رَيْبَ	فِيْهِ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
رحمت	ضرور جمع کرے گا تم کو	طرف	دن	قیامت کے	نہیں	شک	اس میں	وہ جنہوں نے	خسارہ دیا

اس نے رحمت کرنا اپنے اوپر لازم کرلیا ہے بے شک وہ تمہیں ضرور جمع فرمائے گا قیامت کے دن جس میں کوئی شک نہیں جن لوگوں

أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢﴾ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ

اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	وَ	لَهٗ	مَا	سَكَنَ	فِي	الَّيْلِ	وَ	النَّهَارِ	وَ	هُوَ
اپنی جانوں کو	وہی	نہیں	ایمان لاتے	اور	اسی کا ہے	جو	بستا ہے	میں	رات	اور	دن میں	اور	وہ

نے اپنی جانوں کو نقصان میں ڈالا تو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ رات اور دن میں ہے اور وہ سب

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ

السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	اَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَتَّخِذُ	وَلِيًّا	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ
سننے والا	جاننے والا ہے	فرمادیں	کیا سوا	اللہ کے	میں بناؤں	والی	جو پیدا کرنے والا	آسمانوں

کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ آپ ﷺ فرمادیجئے کیا اللہ کے سوا کسی اور کو ولی بنالوں وہ اللہ جس نے آسمان اور

وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ

وَ	الْاَرْضِ	وَ	هُوَ	يُطْعِمُ	وَ	لَا	يُطْعَمُ	قُلْ	اِنِّيْٓ	اُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	اَوَّلَ	مَنْ
اور	زمین کا ہے	اور	وہ	کھلاتا ہے	اور	نہیں	کھلایا جاتا	فرمادیں	بیشک میں	حکم دیا گیا ہے	یہ کہ	ہوں میں	پہلا	جو

زمین پیدا کئے اور وہ کھلاتا ہے اور کھانے سے پاک ہے آپ فرما دیجئے مجھے حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے

اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٤﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ

اَسْلَمَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ
گردن رکھے	اور	نہ ہونا	مشرکوں میں سے	فرمادو	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اگر	نافرمانی کروں میں

فرمانبردار بن جاؤں اور تم ہرگز شرک کرنے والوں سے نہ ہونا۔ فرمادیجئے کہ بے شک میں (تو) بڑے عذاب کے دن سے

رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ

رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ	عَظِيْمٍ	مَنْ	يُّصْرَفْ	عَنْهُ	يَوْمَئِذٍ	فَقَدْ
اپنے رب کی	عذاب سے	دن	بڑے کے	جو شخص کہ	پھیرا گیا	اس سے	اس دن عذاب	تو بیشک

ڈرتا ہوں اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں۔ اس دن جس شخص سے وہ (عذاب) پھیر دیا گیا تو بے شک (اللہ نے)

رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا

رَحِمَهٗ	وَ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْمُبِيْنُ	وَ	اِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	فَلَا
رحم ہوا اس پر	اور	یہ ہے	کامیابی	کھلی	اور	اگر	پہنچائے تجھے	اللہ	کوئی تکلیف	تو نہیں

اس پر رحم فرمایا اور یہی کھلی کامیابی ہے۔ اور اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے

كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

كَاشِفَ	لَهٗٓ	اِلَّا	هُوَ	وَ	اِنْ	يَّمْسَسْكَ	بِخَيْرٍ	فَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ
کوئی دور کرنے والا	اس کو	مگر	وہی	اور	اگر	پہنچائے تجھے	کوئی بھلائی	تو وہ	اوپر	ہر	شے کے

سوا اسے کوئی دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ جو چاہے اس پر

قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾ قُلْ اَيُّ

قَدِيْرٌ	وَ	هُوَ	الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهٖ	وَ	هُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	قُلْ	اَيُّ
قادر ہے	اور	وہ	غالب ہے	اوپر	اپنے بندوں کے	اور	وہ	حکمت والا	خبردار ہے	فرمادیں	کون سی

قادر ہے۔ اور وہی غالب ہے اپنے (سب) بندوں پر اور وہی ہے نہایت حکمت والا خوب خبردار۔ ان سے پوچھو

شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ

شَيْءٍ	اَكْبَرُ	شَهَادَةً	قُلِ	اللّٰهُ	شَهِيْدٌ	بَيْنِيْ	وَ	بَيْنَكُمْ	وَ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ
چیز	بڑی ہے	گواہی میں	فرمادو	اللہ	گواہ ہے	میرے	اور	تمہارے درمیان	اور	وحی کیا گیا	میری طرف

کہ کس کی گواہی سب سے بڑی ہے؟ فرمادیجیے کہ اللہ تعالیٰ کی۔ وہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہے اور میری طرف یہ قرآن وحی کیا

هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ

هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	لِاُنْذِرَكُمْ	بِهٖ	وَ	مَنْ	بَلَغَ	اَئِنَّكُمْ	لَتَشْهَدُوْنَ	اَنَّ	مَعَ	اللّٰهِ
یہ	قرآن	تاکہ میں ڈراؤں تم کو	ساتھ اس کے	اور	جسے	پہنچے	کیا تم	گواہی دیتے ہو	کہ بیشک	ساتھ	اللہ کے

گیا ہے تاکہ میں اس کے ذریعے تمہیں بھی خبردار کروں اور اُن کو بھی جن تک یہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کے ساتھ کچھ

اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ

اٰلِهَةً	اُخْرٰى	قُلْ	لَا	اَشْهَدُ	قُلْ	اِنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَاحِدٌ	وَ	اِنَّنِيْ	بَرِيْٓءٌ
کہ بیشک وہ	آچکا ہے	حکم	تیرے رب کا	اور	یقیناً وہ	آنے والا ہے ان کو	عذاب	جو نہیں ہے

کو چھوڑو تمہارے رب کا حکم پہنچ چکا ہے اور ان پر نہ لوٹنے والا عذاب

مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

مَرْدُوْدٍ	وَ	لَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِیْٓءَ بِهِمْ	وَ	ضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا
واپس کیا گیا	اور	جب	آئے	ہمارے بھیجے ہوئے	لوط کے پاس	تو بددل ہوا	اور	تنگ ہوگیا	ان کی وجہ سے	سینے میں

آ کر رہے گا۔ اور جب ہمارے فرشتے لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو لوط علیہ السلام ان کی آمد پر غمگین ہوئے اور ان کی وجہ سے ان کا

وَقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ

وَ	قَالَ	هٰذَا	يَوْمٌ	عَصِيْبٌ	وَ	جَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	يُهْرَعُوْنَ	اِلَيْهِ	وَ	مِنْ قَبْلُ
اور	کہا	یہ ہے	دن	سخت	اور	آئی اسکے پاس	اسکی قوم	دوڑتی ہوئی	اسکی طرف	اور	اسے پہلے

سینہ تنگ ہوا اور انہوں نے کہا کہ یہ دن بڑا سخت ہے۔ اور ان کے (منکر) لوگ ان کی طرف بھاگتے ہوئے آئے اور وہ پہلے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	قَالَ	يٰقَوْمِ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِيْ	هُنَّ
تھے وہ	کام کرتے	برے	کہا	اے میری قوم	یہ ہیں	میری بیٹیاں	وہ

ہی سے برے کام کرتے تھے لوط علیہ السلام نے فرمایا اے میرے (نافرمان) لوگو! یہ میری (امت کی) بیٹیاں ہیں (تم ان سے

اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ لَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ

اَطْهَرُ لَكُمْ	فَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَ	لَا	تُخْزُوْنِ	فِيْ ضَيْفِيْ	اَلَيْسَ	مِنْكُمْ
پاک ہیں تمہارے لیے	تو ڈرو	اللہ سے	اور	نہ	رسوا کرو مجھے	میرے مہمانوں میں	کیا نہیں ہے	تم میں سے

نکاح کرلو) وہ تمہارے لئے بہت پاکیزہ ہیں تو اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں مجھے رسوا نہ کرو کیا تم میں کوئی (بھی) نیک

رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ج

رَجُلٌ	رَّشِيْدٌ	قَالُوْا	لَقَدْ	عَلِمْتَ	مَا لَنَا	فِيْ بَنٰتِكَ	مِنْ	حَقٍّ
کوئی آدمی	نیک چلن	بولے	یقیناً	تمہیں معلوم ہے کہ	نہیں ہے ہمارے لیے	تمہاری بیٹیوں میں	کوئی	حق

سیرت آدمی نہیں ہے۔ بولے تمہیں معلوم ہے کہ تمہاری قوم کی بیٹیوں میں ہمارا کوئی حق نہیں اور تم ضرور جانتے ہو جو ہماری

وَ اِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ

وَ	اِنَّكَ	لَتَعْلَمُ	مَا	نُرِيْدُ	قَالَ	لَوْ اَنَّ	لِيْ بِكُمْ	قُوَّةً	اَوْ	اٰوِيْٓ	اِلٰى	رُكْنٍ
اور	یقیناً تم	جانتے ہو	جو	ہم چاہتے ہیں	کہا	کاش ہوتی	مجھے تمہارے مقابل	طاقت	یا	میں پناہ لیتا	طرف	قلعے

خواہش ہے۔ بولے کاش تمہارے مقابلے کیلئے میرے پاس بھی قوت ہوتی یا کسی مضبوط پائے

شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ

شَدِيْدٍ	قَالُوْا	يٰلُوْطُ	اِنَّا	رُسُلُ	رَبِّكَ	لَنْ يَّصِلُوْٓا	اِلَيْكَ	فَاَسْرِ
مضبوط کی	بولے	اے لوط	بیشک ہم	بھیجے ہوئے ہیں	تمہارے رب کے	وہ بھی نہیں پہنچیں گے	تمہاری طرف	پھر رات کو لے جاؤ

کی پناہ لیتا۔ وہ بولے اے لوط علیہ السلام! ہم تمہارے رب کے بھیجے ہوئے ہیں وہ تجھ تک نہیں پہنچ سکیں گے

بِاَهۡلِكَ بِقِطۡعٍ مِّنَ الَّيۡلِ وَلَا يَلۡتَفِتۡ مِنۡكُمۡ اَحَدٌ اِلَّا امۡرَاَتَكَ

بِاَهۡلِكَ	بِقِطۡعٍ	مِّنَ الَّيۡلِ	وَ	لَا	يَلۡتَفِتۡ	مِنۡكُمۡ	اَحَدٌ	اِلَّا	امۡرَاَتَكَ
اپنے گھر والوں کو	کچھ حصے میں	رات کے	اور	نہ	پیچھے دیکھے	تم میں سے	کوئی	مگر	تمہاری بیوی

آپ اپنے گھر والوں کے ساتھ رات کے ایک حصے میں نکل جاؤ اور تم میں سے کوئی پیچھے نہ دیکھے، سوائے

اِنَّهٗ مُصِيۡبُهَا مَاۤ اَصَابَهُمۡ اِنَّ مَوۡعِدَهُمُ الصُّبۡحُ اَلَيۡسَ

اِنَّهٗ	مُصِيۡبُهَا	مَاۤ	اَصَابَهُمۡ	اِنَّ	مَوۡعِدَهُمُ	الصُّبۡحُ	اَلَيۡسَ
بیشک وہ	پہنچنے والا ہے اس کو	جو	پہنچے گا ان کو	بیشک	ان کا وعدہ	صبح ہے	کیا نہیں ہے

تمہاری بیوی کے اس پر وہی مصیبت آنے والی ہے جو ان پر آ پہنچی ہے ان کے وعدے کا وقت صبح ہے

الصُّبۡحُ بِقَرِيۡبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمۡرُنَا جَعَلۡنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا

الصُّبۡحُ	بِقَرِيۡبٍ	فَلَمَّا	جَآءَ	اَمۡرُنَا	جَعَلۡنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا
صبح	قریب	پھر جب	آیا	ہمارا حکم	تو کیا ہم نے	اس کا اوپر	اس کے نیچے

کیا صبح قریب ہی نہیں۔ پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اس (بستی) کے اوپر کے حصے کو

وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهَا حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنۡدَ

وَ	اَمۡطَرۡنَا	عَلَيۡهَا	حِجَارَةً	مِّنۡ سِجِّيۡلٍ	مَّنۡضُوۡدٍ	مُّسَوَّمَةً	عِنۡدَ
اور	بارش برسائی ہم نے	اس پر	پتھروں کی	کنکروں والے	تہ بہ تہ کی	جو نشاندار تھے	پاس

اس کے نیچے کا حصہ کر دیا اور اس پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر برسائے لگاتار۔ جو آپ کے رب کی طرف سے

رَبِّكَ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ بِبَعِيۡدٍ ﴿۸۳﴾ وَاِلٰى مَدۡيَنَ اَخَاهُمۡ

رَبِّكَ	وَ	مَا	هِيَ	مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ	بِبَعِيۡدٍ	وَ	اِلٰى	مَدۡيَنَ	اَخَاهُمۡ
آپ کے رب	اور	نہیں	وہ	ظالموں سے	کچھ دور	اور	طرف	مدین کی	ان کے بھائی

نشان کیے ہوئے تھے اور (پتھر برسانے کی) ظالموں سے یہ سزا کچھ دور نہیں۔ اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو

شُعَيْبًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۘ وَلَا تَنْقُصُوا

شُعَيْبًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	وَلَا	تَنْقُصُوا
شعیب کو	کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ کی	نہیں ہے	تمہارے لیے	کوئی	معبود	سوائے اسکے	اور نہ	کم کرو

(بھیجا) انہوں نے فرمایا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں اور ناپ

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ	اِنِّيْٓ	اَرٰىكُمْ	بِخَيْرٍ	وَّ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ
ماپ	اور تول	بیشک میں	دیکھتا ہوں تم کو	بھلائی سے	اور	بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب

اور تول میں کمی نہ کرو بے شک میں تمہیں خوشحال دیکھتا ہوں اور بے شک میں تم پر گھیر لینے والے دن کے عذاب

يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ

يَوْمٍ	مُّحِيْطٍ	وَ	يٰقَوْمِ	اَوْفُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ
دن	گھیرنے والے سے	اور	اے میری قوم	پورا کرو	ماپ	اور تول	انصاف سے

سے ڈرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری کرو

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾

وَ	لَا	تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ	وَ	لَا	تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ
اور	نہ	کم دو	لوگوں کو	ان کی چیزیں	اور	نہ	پھرو	زمین میں	فساد مچاتے

اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو اور زمین میں فساد نہ مچاتے پھرو۔

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ

بَقِيَّتُ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	مَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ
جو بچے	اللہ کا دیا	بہتر ہے	تمہارے لیے	اگر	ہو تم	مومن	اور	نہیں	میں	تم پر

اگر تم ایمان لے آؤ تو اللہ کی دی ہوئی بچت وہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تمہیں یقین ہو اور میں کچھ

بِحَفِيْظٍ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا

بِحَفِيْظٍ	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	اَصَلٰوتُكَ	تَاْمُرُكَ	اَنْ	نَّتْرُكَ	مَا
نگہبان	بولے	اے شعیب	کیا تمہاری نماز	تم کو حکم دیتی ہے	یہ کہ	ہم چھوڑ دیں	جو

تم پر نگہبان نہیں۔ وہ کہنے لگے اے شعیب علیہ السلام! کیا تمہاری نماز تجھے یہ تلقین کرتی ہے کہ ہم انہیں جن کی

يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ

يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ	فِيْٓ اَمْوَالِنَا	مَا	نَشٰٓؤُا	اِنَّكَ	لَاَنْتَ	الْحَلِيْمُ
پوجتے تھے	ہمارے باپ	یا یہ کہ ہم نہ کریں	اپنے مالوں میں	جو	ہم چاہیں	بیشک تو	یقیناً تو	بردبار ہے

عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے چھوڑ دیں یا یہ کہ اپنے مال میں جو چاہیں نہ کریں بے شک تو ہی بردبار

الرَّشِيْدُ ﴿٨٧﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

الرَّشِيْدُ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰي	بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّيْ
نیک چلنی	کہا	اے میری قوم	بھلا بتلاؤ	اگر	ہوں میں	اوپر	دلیل کے	اپنے رب سے

اور سمجھدار ہے۔ ارشاد فرمایا اے میری قوم! کیا تم نے غور کیا کہ میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں اور اس نے

وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰي مَآ اَنْهٰىكُمْ

وَ	رَزَقَنِيْ	مِنْهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَمَآ	اُرِيْدُ	اَنْ	اُخَالِفَكُمْ	اِلٰي مَآ	اَنْهٰىكُمْ
اور	اس نے مجھ کو رزق دیا	اپنی طرف سے	رزق	اچھا	اور نہیں	چاہتا ہوں	یہ کہ	مخالفت کروں میں تمہاری	اس چیز میں جو	میں تمہیں روکتا ہوں

مجھے اپنی طرف سے عمدہ رزق دیا ہے اور میں نہیں چاہتا کہ جس بات سے میں تمہیں روکتا ہوں اسی کو میں خود کرنے لگوں

عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا

عَنْهُ	اِنْ	اُرِيْدُ	اِلَّا	الْاِصْلَاحَ	مَا اسْتَطَعْتُ	وَ	مَا	تَوْفِيْقِيْٓ	اِلَّا
اس سے	نہیں	چاہتا میں	مگر	درستی	جتنی میری طاقت ہے	اور	نہیں ہے	میری توفیق	مگر

میں تو صرف جہاں تک مجھ سے ہو سکے اصلاح چاہتا ہوں اور میری توفیق تو صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے اسی پر میں

بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ

بِاللّٰهِ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	اُنِيْبُ	وَ	يٰقَوْمِ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	شِقَاقِيْٓ
اللہ سے	اسی پر	میں نے بھروسہ کیا	اور اسی کی طرف	رجوع ہوتا ہوں	اور	اے میری قوم	تم کو مجرم نہ بنادے	میری ضد

بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! میری مخالفت تمہارے لیے

اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ

اَنْ	يُّصِيْبَكُمْ	مِّثْلُ	مَا	اَصَابَ	قَوْمَ	نُوْحٍ	اَوْ	قَوْمَ	هُوْدٍ	اَوْ	قَوْمَ
یہ کہ	پہنچے تم کو	مثل	اس کی جو	پہنچا	قوم	نوح کو	یا	قوم	ہود کو	یا	قوم

اس کا سبب نہ بن جائے کہ تم پر بھی وہ (عذاب) آ جائے جو نوح علیہ السلام کے (انکار کرنے والے) لوگوں یا ہود علیہ السلام کے لوگوں یا صالح

صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

صٰلِحٍ	وَ	مَا	قَوْمُ	لُوْطٍ	مِّنْكُمْ	بِبَعِيْدٍ	وَاسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا
صالح کو	اور	نہیں ہے	قوم	لوط	تم سے	کچھ دور	بخشش مانگو	اپنے رب سے	پھر	توبہ کرو

علیہ السلام کے لوگوں پر آیا تھا اور لوط علیہ السلام کے لوگوں کا حال تم سے کچھ دور نہیں۔ اور اپنے رب سے بخشش مانگو پھر اس کی طرف رجوع

اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا

اِلَيْهِ	اِنَّ	رَبِّيْ	رَحِيْمٌ	وَّدُوْدٌ	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	مَا	نَفْقَهُ	كَثِيْرًا	مِّمَّا
اس کی طرف	بیشک	میرا رب	مہربان ہے	محبت کرنے والا	بولے	اے شعیب	نہیں	سمجھتے ہم	بہت سی	وہ باتیں

کرو بے شک میرا رب بے حد رحم فرمانے والا محبت کرنے والا ہے۔ بولے اے شعیب علیہ السلام تمہاری باتیں ہماری سمجھ میں

تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ؗ وَمَآ

تَقُوْلُ	وَ	اِنَّا	لَنَرٰىكَ	فِيْنَا	ضَعِيْفًا	وَ	لَوْ	لَا	رَهْطُكَ	لَرَجَمْنٰكَ	وَ	مَا
جو تو کہتا ہے	اور	بیشک	ہم دیکھتے ہیں تجھے	اپنے اندر	کمزور	اور	اگر	نہ ہوتی	تیری برادری	تو تجھ پر ہم پتھراؤ کرتے	اور	نہیں

نہیں آتیں اور بے شک ہم تمہیں اپنے میں کمزور دیکھتے ہیں اور اگر تمہارا خاندان نہ ہوتا تو ہم نے تم پر پتھراؤ کر دیا ہوتا اور ہماری

أَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿٩١﴾ قَالَ يٰقَوْمِ أَرَهْطِيْٓ أَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

أَنْتَ	عَلَيْنَا	بِعَزِيْزٍ	قَالَ	يٰقَوْمِ	أَرَهْطِيْٓ	أَعَزُّ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ
تو	ہم پر	غالب	کہا	اے میری قوم	کیا میری برادری	زیادہ عزت ہے	تم پر	اللہ سے

کہا اے میری قوم! کیا تم پر اللہ سے زیادہ ہے میرے خاندان کا دباؤ اور اسے نگاہ میں تم ہم پر زور آور نہیں ہو۔

وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ إِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٩٢﴾

وَاتَّخَذْتُمُوْهُ	وَرَآءَكُمْ	ظِهْرِيًّا	إِنَّ	رَبِّيْ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ
اور پکڑ لیا تم نے اس کو	اپنے پیچھے	ڈالا ہوا	بیشک	میرا رب	تمہارے عملوں کو	گھیرنے والا ہے

پیٹھ کے پیچھے ڈال رکھا یقیناً میرا رب اس کا احاطہ کیے ہوئے ہے جو تم کرتے ہو۔ بے شک جو کچھ تم کرتے ہو تم نے اپنی

وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ إِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ

وَ	يٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	إِنِّيْ	عَامِلٌ	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ
اور	اے میری قوم	عمل کرو	اوپر	اپنی جگہ کے	بیشک میں بھی	عمل کرنے والا ہوں	جلد ہی	جان لو گے	کہ کس کے

اور اے میری قوم! تم اپنی طریقے پر کام کرو میں بھی اپنے طریقے پر کام کرتا ہوں تم جلدی

يَّأْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا إِنِّيْ مَعَكُمْ

يَّأْتِيْهِ	عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ	وَ	مَنْ	هُوَ	كَاذِبٌ	وَ	ارْتَقِبُوْٓا	إِنِّيْ	مَعَكُمْ
آتا ہے	عذاب	جو رسوا کرے اسے	اور	کون ہے	وہ	جھوٹا	اور	انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ

جان لو گے کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ

رَقِيْبٌ ﴿٩٣﴾ وَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

رَقِيْبٌ	وَ	لَمَّا	جَآءَ	أَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	شُعَيْبًا	وَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ
انتظار کرنے والا ہوں	اور	جب	آیا	ہمارا حکم	نجات دی ہم نے	شعیب کو	اور	ان کو	جو ایمان لائے	اس کے ساتھ

انتظار کرتا ہوں۔ اور جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اپنی رحمت سے شعیب علیہ السلام کو اور ان کو جو اس کے ساتھ

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا	وَاَخَذَتِ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ دِيَارِهِمْ
اپنی رحمت سے	اور پکڑ لیا	ان کو جنہوں نے	ظلم کیا	چنگھاڑ نے	پھر ہو گئے	اپنے گھروں میں

ایمان لائے تھے بچا لیا اور ظالموں کو ایک کڑک نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے

جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا

جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ	لَّمْ	يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَا	بُعْدًا	لِّمَدْيَنَ	كَمَا
گھٹنوں کے بل	گویا کہ	نہ	بسے تھے وہ	اس میں	خبردار	دوری ہے	مدین والوں کو	جیسے کہ

پڑے رہ گئے۔ گویا وہاں کبھی آباد ہی نہ تھے خبردار (اللہ کی رحمت سے) دوری ہے مدین کیلئے جیسے

بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾

بَعِدَتْ	ثَمُوْدُ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَ	سُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ
دوری ہوئی	ثمود کو	اور	بیشک	بھیجا ہم نے	موسیٰ کو	اپنی آیتوں	اور	غلبے	کھلے کے ساتھ

دور ہوئی قوم ثمود۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور کھلے غلبے کے ساتھ بھیجا۔

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ

اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَ	مَلَا۟ئِهٖ	فَاتَّبَعُوْۤا	اَمْرَ	فِرْعَوْنَ	وَمَاۤ	اَمْرُ	فِرْعَوْنَ
طرف	فرعون کے	اور	اسکے سرداروں کی	پس پیروی کی انہوں نے	حکم	فرعون کی	اور نہیں	حکم	فرعون کا

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو درباری فرعون کے کہنے پر چلے اور فرعون کا

بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ

بِرَشِيْدٍ	يَقْدُمُ	قَوْمَهٗ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فَاَوْرَدَهُمُ	النَّارَ	وَ	بِئْسَ	الْوِرْدُ
راستی پر	آگے چلتا ہوگا	اپنی قوم کے	دن	قیامت کے	پھر لے جائے گا ان کو	دوزخ پر	اور	برا ہے	گھاٹ

حکم درست نہ تھا۔ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے ہوگا تو انہیں دوزخ میں پہنچائے گا اور وہ کیا ہی بُری جگہ ہے

ع ۸ / ۱۲ / ۹

الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ

الْمَوْرُوْدُ	وَاُتْبِعُوْا	فِیْ هٰذِهٖ	لَعْنَةً	وَّيَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	بِئْسَ	الرِّفْدُ
گھاٹ پر اترنے والوں کا	اور پیچھے لگا گئے	اس دنیا میں	لعنت	اور دن	قیامت کے	بری ہے	مہمانی

جس میں وہ پہنچیں گے ۔ اور ان کے پیچھے یہاں اور روزِ قیامت کو لعنت لگا دی گئی ہے کیا ہی برا صلہ ہے

الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ

الْمَرْفُوْدُ	ذٰلِكَ	مِنْ اَنْۢبَآءِ	الْقُرٰى	نَقُصُّهٗ	عَلَيْكَ	مِنْهَا	قَآئِمٌ
مہمانوں کی	یہ ہیں	خبریں	بستیوں کی	بیان کرتے ہیں ہم	آپ پر	اس میں سے	کچھ تو کھڑی ہیں

یہ صلہ جس کو ملے ۔ یہ بستیوں کی کچھ خبریں ہیں جو ہم آپ کو سنا رہے ہیں ان میں کچھ آباد بھی ہیں

وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ

وَّ	حَصِيْدٌ	وَ	مَا	ظَلَمْنٰهُمْ	وَ	لٰكِنْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَمَآ	اَغْنَتْ
اور	کوئی کٹی ہوئی	اور	نہیں	ظلم کیا ہم نے ان پر	اور	لیکن	ظلم کیا انہوں نے خود	اپنی جانوں پر	پھر نہ	کام آئے

اور اُجڑی ہوئی بھی۔ اور ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم کیا تو

عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ

عَنْهُمْ	اٰلِهَتُهُمُ	الَّتِیْ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ شَیْءٍ	لَّمَّا	جَآءَ
ان کے	ان کے معبود	وہ جو	پکارتے تھے	سوائے	اللہ کے	کچھ بھی	جبکہ	آیا

ان کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے ان کے کچھ کام نہ آئے جب آپ کے رب کا حکم آ گیا

اَمْرُ رَبِّكَ ۭ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ

اَمْرُ	رَبِّكَ	وَ	مَا	زَادُوْهُمْ	غَيْرَ	تَتْبِيْبٍ	وَ	كَذٰلِكَ	اَخْذُ	رَبِّكَ
حکم	آپ کے رب کا	اور	نہ	زیادہ کیا ان کو	سوائے	تباہی کے	اور	اسی طرح ہے	پکڑ	آپ کے رب کی

اور انہوں نے ان کیلئے ہلاکت کے سوا کچھ نہ بڑھایا۔ اور اسی طرح ہے آپ کے رب کی پکڑ

إِذَآ أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظٰلِمَةٌ ۭ إِنَّ أَخْذَهٗٓ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ

إِذَآ	أَخَذَ	الْقُرٰى	وَهِيَ	ظٰلِمَةٌ	إِنَّ	أَخْذَهٗٓ	أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ	إِنَّ
جب	پکڑتا ہے	بستیوں کو	اور وہ	ظالم ہوں	بیشک	اس کی پکڑ	بہت سخت دردناک ہے	بیشک

جب وہ بستیوں کو اس حال میں پکڑتا ہے کہ وہ ظالم ہوتی ہیں بے شک اس کی پکڑ بہت دردناک اور نہایت سخت ہے۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ۭ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّمَنْ	خَافَ	عَذَابَ	الْاٰخِرَةِ	ذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّجْمُوْعٌ	لَّهُ
اس میں	البتہ نشانی ہے	اس کیلئے جو	ڈرے	عذاب	آخرت سے	یہ	دن ہے کہ	اکٹھے ہوں گے	اس کیلئے

اس میں نشانی ہے اس کے لئے جو آخرت کے عذاب سے ڈرے یہ وہ دن ہے جس میں سب

النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿١٠٣﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ إِلَّا لِأَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿١٠٤﴾ ۭ

النَّاسُ	وَ	ذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّشْهُوْدٌ	وَ	مَا	نُؤَخِّرُهٗٓ	إِلَّا	لِأَجَلٍ	مَّعْدُوْدٍ
لوگ	اور	یہ	دن ہے	حاضری کا	اور	نہیں	پیچھے کرتے ہم اس کو	مگر	مدت	مقرر تک

لوگ اکٹھے ہوں گے اور وہ دن حاضری کا ہے۔ اور ہم اسے پیچھے نہیں ہٹاتے مگر ایک شمار کردہ مدت کیلئے۔

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿١٠٥﴾ فَأَمَّا

يَوْمَ	يَأْتِ	لَا	تَكَلَّمُ	نَفْسٌ	إِلَّا	بِإِذْنِهٖ	فَمِنْهُمْ	شَقِيٌّ	وَّ	سَعِيْدٌ	فَأَمَّا
جس دن	آئے گا	نہ	بولے گا	کوئی آدمی	مگر	اس کی اجازت سے	تو بعض ان سے	بدبخت ہیں	اور	خوش نصیب	پھر

جس دن وہ آپہنچے گا تو اس کی اجازت کے بغیر کوئی بولے گا بھی نہیں پھر ان میں بدبخت بھی ہوں گے اور نیک بخت بھی۔ پھر وہ

الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿١٠٦﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

الَّذِيْنَ	شَقُوْا	فَفِي النَّارِ	لَهُمْ	فِيْهَا	زَفِيْرٌ	وَّ	شَهِيْقٌ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
وہ جو	بدبخت ہوئے	وہ دوزخ میں ہیں	ان کیلئے	اس میں	گدھے کی باریک	اور	موٹی آواز ہوگی	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

جو بدبخت ہوں گے وہ آگ میں ہوں گے جہاں ان کی چیخیں اور کراہیں ہوں گی۔ وہ اس (آگ) میں

مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَاشَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ

مَادَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا	مَاشَآءَ	رَبُّكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	فَعَّالٌ
جبتک رہیں	آسمان	اور زمین	مگر	جو چاہے	آپ کا رب	بیشک	آپ کا رب	کرنے والا ہے

ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین رہیں گے مگر جتنا تمہارا رب چاہے بے شک آپ کا رب جو چاہتا ہے

لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِى الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

لِّمَا	يُرِيْدُ	وَ	اَمَّا	الَّذِيْنَ	سُعِدُوْا	فَفِى	الْجَنَّةِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
جو کچھ	وہ ارادہ کرے	اور	پھر	وہ جو	خوش نصیب ہیں	تو وہ	جنت میں ہوں گے	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں

کر گزرتا ہے۔ اور وہ لوگ جو خوش نصیب ہوئے وہ جنت میں ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے

مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَاشَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ

مَادَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَ	الْاَرْضُ	اِلَّا	مَاشَآءَ	رَبُّكَ	عَطَآءً	غَيْرَ
جب تک رہیں	آسمان	اور	زمین	مگر	جو چاہے	آپ کا رب	بخشش	نہ

جب تک آسمان اور زمین رہیں گے مگر جس قدر آپ کا رب چاہے یہ وہ عطا ہے

مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا

مَجْذُوْذٍ	فَلَا تَكُ	فِىْ مِرْيَةٍ	مِّمَّا	يَعْبُدُ	هٰٓؤُلَآءِ	مَا	يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا
ختم ہونے والی	پھر نہ ہو تو	شک میں	اس سے	جو پوجتے ہیں	یہ لوگ	نہیں	پوجتے وہ	مگر

جو ختم نہ ہوگی۔ اے سننے والے پھر تو ان کی طرف سے دھوکہ میں نہ پڑیں اس سے جسے یہ کافر پوجتے ہیں یہ ویسا ہی پوجتے ہیں

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ

كَمَا	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَ	اِنَّا	لَمُوَفُّوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ	غَيْرَ
جیسے	پوجتے تھے	ان کے باپ دادا	پہلے سے	اور	بیشک ہم	پورا دینے والے ہیں ان کو	ان کا حصہ	نہ

جیسا پہلے ان کے باپ دادا پوجتے تھے اور بے شک ہم ان کا حصہ انہیں بھرپور دیں گے جس

مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا

مَنْقُوْصٍ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَ	لَوْلَا
کم کیا گیا	اور	بیشک	دی ہم نے	موسیٰ کو	کتاب	تو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور	اگر نہ

میں کمی نہ ہوگی۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اگر آپ کے رب کی ایک بات پہلے

كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ

كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ رَّبِّكَ	لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَ	اِنَّهُمْ	لَفِيْ	شَكٍّ	مِّنْهُ
ہوتی بات	جو پہلے گزر چکی	آپ کے رب کی طرف سے	تو فیصلہ کیا جاتا	ان کے درمیان	اور	بیشک وہ ہیں	یقیناً	شک میں	اس سے

سے طے نہ کی گئی ہوتی تو فوراً ان کا فیصلہ کر دیا جاتا اور بے شک وہ اس کی طرف سے دھوکا ڈالنے

مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

مُرِيْبٍ	وَاِنَّ	كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ	رَبُّكَ	اَعْمَالَهُمْ	اِنَّهٗ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ
دھوکہ دینے والے	اور بیشک	ہر ایک کو	اس وقت	ضرور پورا دے گا ان کو	تمہارا رب	ان کے عمل	بیشک وہ	اس چیز سے	جو کرتے ہو تم

والے شک میں ہیں۔ مگر ان میں ہر ایک کو آپ کا رب ان کے عمل کا بدلہ پورا دے گا بے شک وہ ان کے

خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ

خَبِيْرٌ	فَاسْتَقِمْ	كَمَآ	اُمِرْتَ	وَ	مَنْ	تَابَ	مَعَكَ	وَ	لَا	تَطْغَوْا	اِنَّهٗ
خبردار ہے	اور قائم رہو	جیسا	تمہیں حکم دیا گیا ہے	اور	جو	توبہ کرے	تمہارے ساتھ	اور	نہ	سرکشی کرو	بیشک وہ

عملوں سے باخبر ہے۔ پس جیسا تمہیں حکم دیا گیا ہے قائم ہو جاؤ اس پر اور وہ بھی (ہو جائیں) جن نے تمہارے ساتھ رجوع کر لیا ہے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	لَا	تَرْكَنُوْٓا	اِلَى	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	فَتَمَسَّكُمُ
اس چیز سے	جو کرتے ہو تم	دیکھنے والا ہے	اور	نہ	جھکو	طرف	ان کی جنہوں نے	ظلم کیا	تو پکڑے گی تم کو

اور حد سے تجاوز نہ کرنا وہ تمہارے عملوں کو دیکھ رہا ہے۔ اور (اے مسلمانوں) مائل نہ ہوں ان لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم کیا

النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

النَّارُ	وَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	ثُمَّ	لَا	تُنْصَرُوْنَ
آگ	اور	نہیں	تمہارے لیے	سوائے	اللہ کے	کوئی	حمایتی	پھر	نہ	مدد دیے جاؤ گے تم

ورنہ تمہیں (دوزخ کی) آگ پہنچے گی اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی مددگار نہ ہوگا پھر تمہاری (کچھ) مدد نہ کی جائے گی۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

وَ	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	طَرَفَيِ	النَّهَارِ	وَ	زُلَفًا	مِّنَ الَّيْلِ	اِنَّ	الْحَسَنٰتِ	يُذْهِبْنَ
اور	قائم کر	نماز	دن کے دونوں	کناروں	اور	کچھ حصے	رات میں	بیشک	نیکیاں	مٹا دیتی ہیں

اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں میں (یعنی صبح و شام) اور کچھ رات کے حصوں میں بے شک نیکیاں دور کر دیتی ہیں

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

السَّيِّاٰتِ	ذٰلِكَ	ذِكْرٰى	لِلذّٰكِرِيْنَ	وَاصْبِرْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُضِيْعُ	اَجْرَ
برائیوں کو	یہ	نصیحت ہے	نصیحت لینے والوں کے لیے	اور صبر کرو	پس بیشک	اللہ	نہیں	ضائع کرتا	اجر

برائیوں کو یہ نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔ اور صبر کرو یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْ لَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ

الْمُحْسِنِيْنَ	فَلَوْ	لَا	كَانَ	مِنَ الْقُرُوْنِ	مِنْ قَبْلِكُمْ	اُولُوْا	بَقِيَّةٍ
نیکوں کا	پھر کیوں	نہ	ہوئے	سنگتوں میں	تم سے پہلے	باقی	صلاحیت والے

اجر ضائع نہیں کرتا۔ تو کیوں نہ ہوئے تم سے پہلی امتوں میں ایسے اہل خیر کہ

يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ

يَّنْهَوْنَ	عَنِ الْفَسَادِ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّنْ	اَنْجَيْنَا	مِنْهُمْ
جو روکتے	فساد سے	زمین میں	مگر	تھوڑے	ان میں سے	جو نجات دی ہم نے	ان سے

زمین میں فساد سے روکتے ہاں ان میں تھوڑے تھے وہی جن کو ہم نے نجات دی اور

وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ

وَ	اتَّبَعَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مَآ	اُتْرِفُوْا	فِيْهِ	وَكَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	وَمَا	كَانَ
اور	پیروی کی	جنھوں نے	ظلم کیا	اس کی	جو عیش دیے گئے	اس میں	اور تھے وہ	گنہگار	اور نہیں	ہے

ظالم اسی آسائشوں کے پیچھے پڑے رہے جو انہیں دی گئیں تھیں اور وہ گنہگار تھے۔ اور آپ کا

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ

رَبُّكَ	لِيُهْلِكَ	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ	وَّ	اَهْلُهَا	مُصْلِحُوْنَ	وَ	لَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ
آپ کا رب	کہ ہلاک کرے	بستیوں کو	ظلم سے	اور	اسکے رہنے والے	نیک ہوں	اور	اگر	چاہے	تمہارا رب

رب ایسا تو نہیں ہے کہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کردے جب کہ ان کے رہنے والے نیکی کرنے والے ہوں۔ اور اگر تمہارا

لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ

لَجَعَلَ	النَّاسَ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّ	لَا يَزَالُوْنَ	مُخْتَلِفِيْنَ	اِلَّا	مَنْ
تو بنادے	لوگوں کو	امت	ایک	اور	ہمیشہ رہیں گے	اختلاف کرتے	مگر	جس پر

رب چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی اُمت بنا دیتا لیکن وہ اختلاف کرتے ہی رہیں گے۔ مگر جن پر

رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ

رَّحِمَ	رَبُّكَ	وَ	لِذٰلِكَ	خَلَقَهُمْ	وَ	تَمَّتْ	كَلِمَةُ	رَبِّكَ	لَاَمْلَئَنَّ
رحم کرے	آپ کا رب	اور	اسی لیے	ان کو پیدا کیا	اور	پوری ہوئی	بات	آپ کے رب کی	ضرور بھروں گا میں

آپ کے رب نے رحم فرمایا اور اسی لئے انہیں پیدا کیا گیا اور آپ کے رب کی بات پوری ہوگئی کہ بے شک

جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

جَهَنَّمَ	مِنَ الْجِنَّةِ	وَ	النَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	وَ	كُلًّا	نَّقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ اَنْۢبَآءِ
جہنم کو	جنوں سے	اور	انسانوں سے	سب سے	اور	تمام	بیان کرتے ہیں ہم	آپ پر	خبریں

میں ضرور دوزخ کو جنوں اور انسانوں میں سے بھردوں گا۔ اے محبوب ﷺ! اور رسولوں کی خبروں میں سے سب باتیں ہم آپ پر

الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِیْ هٰذِهِ الْحَقُّ

الرُّسُلِ	مَا	نُثَبِّتُ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَجَآءَكَ	فِیْ هٰذِهِ	الْحَقُّ
رسولوں کی	جو	ثابت رکھیں ہم	اس سے	آپ کا دل	اور آئی آپ کے پاس	اس میں	سچی بات

بیان فرماتے ہیں جن سے ہم آپ کے قلب (مبارک) کو مضبوط کرتے ہیں اور اس میں آپ کے پاس حق آ گیا

وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ

وَ	مَوْعِظَةٌ	وَ	ذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِیْنَ	وَ	قُلْ	لِلَّذِیْنَ	لَا یُؤْمِنُوْنَ
اور	نصیحت	اور	یاد دہانی	واسطے مومنوں کے	اور۔	فرما دو	ان کو	جو نہیں ایمان لاتے

اور وعظ و نصیحت ہے ایمان والوں کیلیے۔ اور کافروں سے فرماؤ تم اپنی

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

اعْمَلُوْا	عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنَّا	عٰمِلُوْنَ	وَ	انْتَظِرُوْا	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ
عمل کرو	اپنی جگہ پر	ہم بھی	عمل کرنے والے ہیں	اور	انتظار کرو	ہم بھی	انتظار کرنے والے ہیں

جگہ کام کیے جاؤ ہم اپنا کام کرتے ہیں۔ اور انتظار کرو یقیناً ہم بھی منتظر ہیں۔

وَلِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَیْهِ یُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ

وَ	لِلّٰهِ	غَیْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	اِلَیْهِ	یُرْجَعُ	الْاَمْرُ	كُلُّهٗ
اور	اللہ کے لیے ہے	غیب	آسمانوں کا	اور	زمین کا	اور	اسی کی طرف	لوٹائے جاتے ہیں	کام	سارے

اور آسمانوں اور زمین کی چھپی باتیں اللہ ہی کے پاس ہیں اور اسی کی طرف سب معاملے لوٹائے جاتے ہیں

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَیْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع

ع ۱۰

فَاعْبُدْهُ	وَتَوَكَّلْ	عَلَیْهِ	وَ	مَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ
سو اسی کی عبادت کرو	اور بھروسہ کرو	اسی پر	اور	نہیں	آپ کا رب	بے خبر	اس سے	جو تم کرتے ہو

پس تو اس کی عبادت کرو اور اس پر بھروسہ کرو اور آپ کا رب تمہارے عملوں سے غافل نہیں ہے۔

آیاتہا ۱۱۱ | ۱۲ سُوْرَۃُ یُوْسُفَ مَکِّیَّۃٌ ۵۳ | رکوعاتہا ۱۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	قُرْءٰنًا	عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ
ال ر	یہ	آیتیں ہیں	کتاب	روشن کی	یقیناً ہم نے	اتارا اس کو	قرآن	عربی زبان میں	تا کہ تم

الٓرٰ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ بے شک ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا

تَعْقِلُوْنَ ﴿٢﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ

تَعْقِلُوْنَ	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	اَحْسَنَ	الْقَصَصِ	بِمَآ	اَوْحَيْنَآ
سمجھو	ہم	بیان کرتے ہیں	آپ پر	بہترین	بیان	اسکے ذریعہ جو	وحی کیا ہم نے

تا کہ تم سمجھو۔ ہم آپ کو ایک بہترین قصہ سناتے ہیں اس لئے کہ ہم نے آپ کی طرف یہ قرآن وحی کیا ہے

اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿٣﴾ اِذْ قَالَ

اِلَيْكَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ	وَ	اِنْ	كُنْتَ	مِنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ	اِذْ	قَالَ
آپکی طرف	یہ	قرآن	اور	بیشک	آپ تھے	اس سے پہلے	بے خبر	جب	کہا

اور اس سے پہلے (اے حبیب ﷺ) یقیناً (قصہ کے بارے میں) آپ کی توجہ نہ تھی۔ جب

يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ

يُوْسُفُ	لِاَبِيْهِ	يٰٓاَبَتِ	اِنِّيْ	رَاَيْتُ	اَحَدَ عَشَرَ	كَوْكَبًا	وَّ	الشَّمْسَ
یوسف نے	اپنے باپ سے	اے میرے باپ	بیشک میں	دیکھے	گیارہ	ستارے	اور	سورج

یوسف علیہ السلام نے اپنے باپ سے عرض کیا! اے میرے ابا جان! میں نے گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے

وَ الْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ۝۴ قَالَ یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ رُءْیَاكَ

وَ	الْقَمَرَ	رَاَیْتُهُمْ	لِیْ	سٰجِدِیْنَ	قَالَ	یٰبُنَیَّ	لَا	تَقْصُصْ	رُءْیَاكَ
اور	چاند کو	میں نے ان کو دیکھا	کہ وہ مجھے	سجدہ کرتے ہیں	کہا	اے میرے بیٹے	نہ	بیان کرنا	اپنا خواب

میں نے انہیں اپنے آگے سجدہ کرتے دیکھا ہے۔ (باپ نے) فرمایا اے میرے (پیارے) بیٹے! اپنا خواب

عَلٰۤی اِخْوَتِكَ فَیَكِیْدُوْا لَكَ كَیْدًا ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ

عَلٰۤی اِخْوَتِكَ	فَیَكِیْدُوْا	لَكَ	كَیْدًا	اِنَّ	الشَّیْطٰنَ	لِلْاِنْسَانِ
اپنے بھائیوں سے نہ کہنا	وہ تدبیر کریں گے	تیرے لیے	کوئی تدبیر	بیشک	شیطان	انسان کا

اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا اور نہ وہ تمہارے خلاف کوئی چال چلیں گے بے شک شیطان

عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۝۵ وَ كَذٰلِكَ یَجْتَبِیْكَ رَبُّكَ وَ یُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِیْلِ

عَدُوٌّ	مُّبِیْنٌ	وَ	كَذٰلِكَ	یَجْتَبِیْكَ	رَبُّكَ	وَیُعَلِّمُكَ	مِنْ تَاْوِیْلِ
دشمن ہے	کھلا	اور	اسی طرح	چن لے گا تجھے	تمہارا رب	اور سکھائے گا تجھ کو	انجام نکالنا

آدمی کا کھلا دشمن ہے۔ اور اسی طرح تمہارا رب تمہیں چن لے گا اور تمہیں باتوں کی

الْاَحَادِیْثِ وَ یُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَ عَلٰۤی اٰلِ یَعْقُوْبَ كَمَاۤ اَتَمَّهَا

الْاَحَادِیْثِ	وَ	یُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَیْكَ	وَعَلٰۤی	اٰلِ	یَعْقُوْبَ	كَمَاۤ	اَتَمَّهَا
باتوں کا	اور	پوری کریگا	اپنی نعمت	تجھ پر	اور اوپر	گھرانے	یعقوب کے	جیسا کہ	پورا کیا اس کو

حقیقت تک پہنچنا سکھائے گا اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے گا اور آلِ یعقوب پر جس طرح اس سے پہلے

عَلٰۤی اَبَوَیْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِیْمٌ

عَلٰۤی	اَبَوَیْكَ	مِنْ قَبْلُ	اِبْرٰهِیْمَ	وَ	اِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبَّكَ	عَلِیْمٌ
اوپر	تیرے باپوں کے	اس سے پہلے	ابراہیم	اور	اسحٰق پر	بیشک	تمہارا رب	جاننے والا

اس کو پورا کیا تمہارے دونوں دادا ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام پر بیشک تمہارا رب بہت جاننے والا نہایت

حَکِیْمٌ ﴿۶﴾ لَقَدْ كَانَ فِیْ یُوْسُفَ وَ اِخْوَتِهٖۤ اٰیٰتٌ لِّلسَّآىٕلِیْنَ ﴿۷﴾ اِذْ قَالُوْا

قَالُوْا	اِذْ	لِّلسَّآىٕلِیْنَ	اٰیٰتٌ	وَ اِخْوَتِهٖۤ	فِیْ یُوْسُفَ	كَانَ	لَقَدْ	حَکِیْمٌ
کہا انہوں نے	جب	سوال کرنے والوں کے لیے	نشانیاں	اور اسکے بھائیوں میں	یوسف (علیہ السلام)	ہے	بیشک	حکمت والا ہے

حکمت والا ہے۔ بیشک یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔ جب وہ بولے کہ ضرور

لَیُوْسُفُ وَ اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰۤى اَبِیْنَا مِنَّا وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا

اَبَانَا	اِنَّ	عُصْبَةٌ	نَحْنُ	وَ	مِنَّا	اِلٰۤى اَبِیْنَا	اَحَبُّ	اَخُوْهُ	وَ	لَیُوْسُفُ
ہمارا باپ	بیشک	جماعت ہیں	ہم	اور	ہم سے	ہمارے باپ کو	زیادہ پیارا ہے	اسکا بھائی	اور	یقیناً یوسف

یوسف علیہ السلام اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں اور ہم ایک جماعت ہیں بے شک ہمارے باپ صاف صاف

لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ ﴿۸﴾ اقْتُلُوْا یُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا یَّخْلُ لَكُمْ

لَكُمْ	یَّخْلُ	اَرْضًا	اَوِ اطْرَحُوْهُ	یُوْسُفَ	اقْتُلُوْا	لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ
تمہارے لیے	خالی ہو جائے گا	کسی زمین میں	یا پھینک دو اس کو	یوسف کو	مار ڈالو	صراحۃً انکی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں

ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ یوسف علیہ السلام کو قتل کر دو یا اسے کسی ملک میں پھینک آؤ تو تمہارے باپ کی توجہ صرف

وَجْهُ اَبِیْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِیْنَ ﴿۹﴾ قَالَ قَآىٕلٌ

قَآىٕلٌ	قَالَ	صٰلِحِیْنَ	قَوْمًا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	تَكُوْنُوْا	وَ	اَبِیْكُمْ	وَجْهُ
ایک کہنے والے نے	کہا	نیک	قوم	اس کے بعد	ہو جاؤ	اور	تمہارے باپ کا	چہرہ

تمہارے لئے رہ جائے گی اور اس حرکت کے بعد تم صالح لوگ بن جانا۔ ان میں سے ایک کہنے والا

مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا یُوْسُفَ وَ اَلْقُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ یَلْتَقِطْهُ

یَلْتَقِطْهُ	فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ	وَ اَلْقُوْهُ	یُوْسُفَ	تَقْتُلُوْا	لَا	مِّنْهُمْ
پکڑ لے جائے گا اس کو	اندھے کنویں میں	اور ڈال دو اس کو	یوسف کو	قتل کرو	نہ	ان میں سے

کہنے لگا یوسف علیہ السلام کو قتل مت کرو لیکن اگر کرنا ہی ہے تو اسے کسی ویران اندھے کنویں کی

بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا

بَعْضُ	السَّيَّارَةِ	اِنْ	كُنْتُمْ	فٰعِلِيْنَ	قَالُوْا	يٰۤاَبَانَا	مَا لَكَ	لَا	تَاْمَنَّا
کوئی	قافلہ	اگر	ہوتم	کرنے والے	بولے	اے ہمارے باپ	کیا ہے تجھے	نہیں	امین جانتا ہم کو

تہ میں ڈال دو کوئی قافلہ اسے اٹھا لے جائیگا۔ انہوں نے کہا اے ہمارے باپ! آپ کو کیا ہوا کہ آپ یوسف علیہ السلام

عَلٰى يُوْسُفَ وَ اِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ

عَلٰى	يُوْسُفَ	وَ	اِنَّا	لَهٗ	لَنٰصِحُوْنَ	اَرْسِلْهُ	مَعَنَا	غَدًا	يَّرْتَعْ
اوپر	یوسف کے	اور	یقیناً ہم	اس کے	خیر خواہ ہیں	بھیج اس کو	ہمارے ساتھ	کل	کھائے

کے بارے میں ہم پر مطمئن نہیں حالانکہ ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے (یعنی یوسف علیہ السلام) ہمارے ساتھ بھیج دیجئے کہ وہ

وَيَلْعَبْ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۱۲ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْۤ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ

وَيَلْعَبْ	وَ	اِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ	اِنِّيْ	لَيَحْزُنُنِيْۤ	اَنْ	تَذْهَبُوْا	بِهٖ
اور کھیلے	اور	یقیناً ہم	اس کے لیے	حفاظت کرنے والے ہیں	کہا	بیشک میں	غمناک ہوتا ہوں	اس کہ	لے جاؤ تم	اس کو

پھل کھائے اور کھیلے اور بیشک ہم اسکے محافظ ہیں۔ یعقوب علیہ السلام نے فرمایا بے شک اس کو لے جانا مجھے رنج دے گا

وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝۱۳ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ

وَ	اَخَافُ	اَنْ	يَّاْكُلَهُ	الذِّئْبُ	وَ	اَنْتُمْ	عَنْهُ	غٰفِلُوْنَ	قَالُوْا	لَئِنْ	اَكَلَهُ
اور	میں ڈرتا ہوں	یہ کہ	کھا جائے اس کو	بھیڑیا	اور	تم	اس سے	بے خبر ہو	بولے	اگر	کھا جائے اسکو

اور ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا نہ کھا لے اور تم کو پتا بھی نہ چلے۔ بولے اگر اسے بھیڑیا کھا جائے

الذِّئْبُ وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّاۤ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝۱۴ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ

الذِّئْبُ	وَ	نَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّاۤ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ	فَلَمَّا	ذَهَبُوْا	بِهٖ
بھیڑیا	اور	ہم	جماعت ہیں	بیشک ہم	اس وقت	خسارہ اٹھانے والے ہیں	پھر جب	لے گئے	اس کو

اور ہم ایک جماعت ہیں جب تو ہم نقصان اٹھانے والے ہونگے۔ پھر جب وہ اسے (یوسف علیہ السلام) لے گئے

وَاَجۡمَعُوۡۤا اَنۡ یَّجۡعَلُوۡہُ فِیۡ غَیٰبَتِ الۡجُبِّ ۚ وَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡہِ لَتُنَبِّئَنَّہُمۡ

وَ	اَجۡمَعُوۡۤا	اَنۡ	یَّجۡعَلُوۡہُ	فِیۡ غَیٰبَتِ الۡجُبِّ	وَاَوۡحَیۡنَاۤ	اِلَیۡہِ	لَتُنَبِّئَنَّہُمۡ
اور	اتفاق کیا	یہ کہ	ڈال دیں اس کو	اندھے کنویں میں	اور وحی کی ہم نے	اسکی طرف	ضرور بتائے گا تو ان کو

اور اس بات پر متفق ہو گئے کہ اسے ویران اندھے کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور ہم نے ان (یوسف علیہ السلام) کی طرف وحی کی

بِاَمۡرِہِمۡ ہٰذَا وَ ہُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوۡۤ اَبَاہُمۡ عِشَآءً

بِاَمۡرِہِمۡ	ہٰذَا	وَ	ہُمۡ	لَا	یَشۡعُرُوۡنَ	وَ	جَآءُوۡۤ	اَبَاہُمۡ	عِشَآءً
ان کا کام	یہ	اور	وہ	نہ	جانتے ہونگے	اور	آئے	اپنے باپ کے پاس	رات کو

کہ تم انہیں ان کا یہ کام ضرور بتاؤ گے جب انہیں خیال بھی نہ ہوگا۔ اور وہ عشاء کے وقت اپنے باپ کے پاس

یَّبۡکُوۡنَ ﴿۱۶﴾ؕ قَالُوۡا یٰۤاَبَانَاۤ اِنَّا ذَہَبۡنَا نَسۡتَبِقُ وَ تَرَکۡنَا یُوۡسُفَ عِنۡدَ

یَّبۡکُوۡنَ	قَالُوۡا	یٰۤاَبَانَاۤ	اِنَّا	ذَہَبۡنَا	نَسۡتَبِقُ	وَ	تَرَکۡنَا	یُوۡسُفَ	عِنۡدَ
روتے ہوئے	بولے	اے ہمارے باپ	بیشک ہم	نکل گئے	دوڑ کرتے کرتے	اور	چھوڑا ہم نے	یوسف کو	پاس

روتے ہوئے آئے۔ بولے اے ہمارے باپ! بیشک ہم ایک دوسرے پر سبقت کیلئے دوڑ لگانے لگے اور یوسف علیہ السلام کو اپنے

مَتَاعِنَا فَاَکَلَہُ الذِّئۡبُ ۚ وَمَاۤ اَنۡتَ بِمُؤۡمِنٍ لَّنَا وَلَوۡ کُنَّا صٰدِقِیۡنَ ﴿۱۷﴾

مَتَاعِنَا	فَاَکَلَہُ	الذِّئۡبُ	وَمَا	اَنۡتَ	بِمُؤۡمِنٍ	لَّنَا	وَلَوۡ	کُنَّا	صٰدِقِیۡنَ
اپنے سامان کے	پھر کھا گیا اس کو	بھیڑیا	اور نہیں	آپ	یقین کرنے والے	ہمارا	اگرچہ	ہوں ہم	سچے

سامان کے پاس چھوڑ گئے تو اسے بھیڑیے نے کھا لیا اور آپ ہماری بات کا یقین کرنے والے نہیں اگرچہ ہم سچے ہوں۔

وَجَآءُوۡ عَلٰی قَمِیۡصِہٖ بِدَمٍ کَذِبٍ ؕ قَالَ بَلۡ سَوَّلَتۡ لَکُمۡ اَنۡفُسُکُمۡ

وَ	جَآءُوۡ	عَلٰی قَمِیۡصِہٖ	بِدَمٍ	کَذِبٍ	قَالَ	بَلۡ	سَوَّلَتۡ	لَکُمۡ	اَنۡفُسُکُمۡ
اور	لائے	اس کے کرتے پر	خون	جھوٹا	فرمایا	بلکہ	بنالیا ہے	تمہارے لیے	تمہاری جانوں نے

اور وہ ان کی قمیص پر جھوٹا خون لگا کر لے آئے باپ نے فرمایا (واقعہ یہ نہیں) بلکہ تمہارے دلوں نے تمہارے لئے ایک بات بنائی

اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ وَ اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

اَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِیْلٌ	وَ	اللّٰهُ	الْمُسْتَعَانُ	عَلٰى مَا	تَصِفُوْنَ
ایک کام	پھر صبر	اچھا ہے	اور	اللہ ہی سے	مدد چاہتا ہوں	اس پر جو	تم بیان کرتے ہو

ہے تو اب صبر (ہی) اچھا ہے اور میں اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بات پر جو تم ظاہر کرتے ہو۔

وَجَآءَتْ سَیَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ یٰبُشْرٰى هٰذَا

وَجَآءَتْ	سَیَّارَةٌ	فَاَرْسَلُوْا	وَارِدَهُمْ	فَاَدْلٰى	دَلْوَهٗ	قَالَ	یٰبُشْرٰى	هٰذَا
اور آیا	ایک قافلہ	انہوں نے بھیجا	اپنا پانی لانے والا	تو اس نے ڈالا	اپنا ڈول	کہا	اے خوشخبری	یہ

اور ایک قافلہ آیا تو انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا۔ پھر اُس نے اپنا ڈول لٹکایا تو کہا: مبارک ہو! یہ تو ایک لڑکا ہے۔'' اور انہوں

غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ

غُلٰمٌ	وَاَسَرُّوْهُ	بِضَاعَةً	وَاللّٰهُ	عَلِیْمٌ	بِمَا	یَعْمَلُوْنَ	وَشَرَوْهُ
لڑکا ہے	اور چھپایا انہوں نے اسکو	پونجی بنا کر	اور اللہ	جاننے والا ہے	جو وہ	کرتے ہیں	اور بیچ ڈالا انہوں نے اس کو

نے اسے تجارت کا مال (سمجھ کر) چھپا لیا حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا تھا جو وہ کر رہے تھے۔ اور انہوں نے

بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِیْهِ مِنَ الزّٰهِدِیْنَ ﴿۲۰﴾ ع

بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ	دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ	وَ	كَانُوْا	فِیْهِ	مِنَ الزّٰهِدِیْنَ
کھوٹے داموں	گنتی کے روپوں پر	اور	تھے وہ	اس میں	بے رغبت لوگوں سے

اُسے تھوڑی سی قیمت پر (یعنی) چند درہموں کے عوض بیچ دیا۔ اور وہ اس سے رغبت نہ رکھنے والوں میں سے تھے۔

وَقَالَ الَّذِی اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِیْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى اَنْ

وَ	قَالَ	الَّذِی	اشْتَرٰىهُ	مِنْ مِّصْرَ	لِامْرَاَتِهٖۤ	اَكْرِمِیْ	مَثْوٰىهُ	عَسٰى	اَنْ
اور	کہا	جس نے	خریدا تھا اسے	مصر سے	اپنی بیوی کو	اچھا رکھنا	اسکی رہائش کو	قریب ہے	یہ کہ

اور جس شخص نے مصر میں اسے خریدا اس نے اپنی بیوی سے کہا اسے عزت سے رکھ ممکن ہے

يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ز

يَّنْفَعَنَآ	اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا	وَ	كَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ	فِي الْاَرْضِ
نفع دے ہمیں	یا	بنالیں ہم اسے	بیٹا	اور	اسی طرح	جگہ دی ہم نے	یوسف کو	زمین میں

وہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں اور اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک میں جگہ دی

وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ

وَ	لِنُعَلِّمَهٗ	مِنْ تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	وَ	اللّٰهُ	غَالِبٌ	عَلٰٓى	اَمْرِهٖ	وَ	لٰكِنَّ
اور	تاکہ سکھائیں ہم اسے	انجام	باتوں کا	اور	اللہ	غالب	اوپر	اپنے کام کے	اور	لیکن

اور البتہ اسے واقعات کی تعبیر کرنا سکھایا اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ

اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَلَمَّا	بَلَغَ	اَشُدَّهٗ	اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا	وَّ	عِلْمًا
اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	اور جب	پہنچا	اپنی قوت کو	دیا ہم نے اس کو	حکم	اور	علم

اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے اسے قوت فیصلہ اور علم دیا

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ

وَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	رَاوَدَتْهُ	الَّتِيْ	هُوَ	فِيْ بَيْتِهَا	عَنْ نَّفْسِهٖ
اور	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں ہم	نیکوں کو	اور	لبھایا اس کو	اس عورت نے	کہ وہ	اس کے گھر میں تھا	اسکے نفس سے

اور نیکی کرنے والوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔ اور جس عورت (زلیخا) کے گھر میں وہ تھے وہ اس کے دل کو پھسلانے

وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ

وَ	غَلَّقَتِ	الْاَبْوَابَ	وَ	قَالَتْ	هَيْتَ لَكَ	قَالَ	مَعَاذَ اللّٰهِ	اِنَّهٗ
اور	بند کیے	دروازے	اور	بولی	آجاؤ	فرمایا	اللہ کی پناہ	یقیناً وہ ہے

لگی اور (اس نے) دروازے بند کر دیئے اور کہنے لگی آجاؤ یوسف علیہ السلام نے فرمایا اللہ کی پناہ بے شک وہ (عزیز مصر) میرا پرورش

رَبِّیٓ اَحۡسَنَ مَثۡوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۲۳﴾ وَ لَقَدۡ هَمَّتۡ

هَمَّتۡ	لَقَدۡ	وَ	الظّٰلِمُوۡنَ	یُفۡلِحُ	لَا	اِنَّهٗ	مَثۡوَایَ	اَحۡسَنَ	رَبِّیٓ
ارادہ کیا اس نے	بیشک	اور	ظالم	خلاصی پاتے	نہیں	یقیناً	میرا ٹھکانہ	اچھا بنایا اس نے	میری پرورش کرنیوالا ہے

کرنے والا ہے اس نے میری رہائش کا بہت اچھا اہتمام کیا ہے بے شک ظالم لوگ فلاح نہیں پاتے۔ اور بے شک اس

بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوۡلَاۤ اَنۡ رَّاٰ بُرۡهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصۡرِفَ عَنۡهُ

عَنۡهُ	لِنَصۡرِفَ	كَذٰلِكَ	رَبِّهٖ	بُرۡهَانَ	اَنۡ رَّاٰ	لَوۡلَاۤ	بِهَا	وَهَمَّ	بِهٖ
اس سے	تاکہ پھیریں ہم	اسی طرح	اپنے رب کی	دلیل	کہ دیکھی اس نے	اگر نہ ہوتا	اسکے ساتھ	اور ارادہ کرلیتا	اسکے ساتھ

عورت (زلیخا) نے اس کام کا ارادہ کرلیا اور وہ (بھی) اس کا ارادہ کر لیتے اگر اپنے رب کی پختہ دلیل نہ دیکھ لیتے ہم نے اسی طرح

السُّوۡٓءَ وَالۡفَحۡشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۲۴﴾ وَاسۡتَبَقَا الۡبَابَ

الۡبَابَ	اسۡتَبَقَا	وَ	الۡمُخۡلَصِيۡنَ	مِنۡ عِبَادِنَا	اِنَّهٗ	الۡفَحۡشَآءَ	وَ	السُّوۡٓءَ
دروازہ کی طرف	دوڑے دونوں	اور	مخلص بندوں سے	ہمارے	یقیناً وہ تھا	بے حیائی	اور	برائی

کیا تاکہ ہم ان سے برائی اور بے حیائی کو دور رکھیں بے شک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے ہیں۔ اور دونوں دروازے کی

وَقَدَّتۡ قَمِيۡصَهٗ مِنۡ دُبُرٍ وَّ اَلۡفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الۡبَابِ ؕ قَالَتۡ مَا

مَا	قَالَتۡ	لَدَا الۡبَابِ	سَيِّدَهَا	اَلۡفَيَا	وَّ	مِنۡ دُبُرٍ	قَمِيۡصَهٗ	قَدَّتۡ	وَ
نہیں	بولی	دروازے کے پاس	عورت کے مالک کو	پایا دونوں نے	اور	پیچھے سے	اس کا کرتا	چیر دیا اس نے	اور

طرف دوڑے اور عورت نے اس (یوسف علیہ السلام) کا قمیض پیچھے سے پھاڑ دیا اور دونوں کو عورت کا شوہر دروازے کے

جَزَآءُ مَنۡ اَرَادَ بِاَهۡلِكَ سُوۡٓءًا اِلَّاۤ اَنۡ يُّسۡجَنَ اَوۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۲۵﴾

اَلِيۡمٌ	عَذَابٌ	اَوۡ	يُّسۡجَنَ	اَنۡ	اِلَّاۤ	سُوۡٓءًا	بِاَهۡلِكَ	اَرَادَ	مَنۡ	جَزَآءُ
دردناک	عذاب ہے	یا	قید کیا جائے	یہ کہ	مگر	برائی کا	تیری بیوی سے	جو ارادہ کرے	اس کا	بدلہ

پاس ملا بولی کیا سزا ہے اس کی جس نے تیری بیوی سے برا ارادہ کیا سوائے اس کے کہ اسے قید کیا جائے یا دردناک سزا۔

قَالَ هِیَ رَاوَدَتْنِیْ عَنْ نَّفْسِیْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ

قَالَ	هِیَ	رَاوَدَتْنِیْ	عَنْ نَّفْسِیْ	وَ	شَهِدَ	شَاهِدٌ	مِّنْ اَهْلِهَا	اِنْ	كَانَ
فرمایا	اس نے	لبھایا مجھے	میری جان سے	اور	گواہی دی	ایک گواہ نے	عورت کے گھر والوں میں	اگر	ہے

یوسف علیہ السلام نے کہا! کہ اس نے میرے دل کو پھسلانے کی کوشش کی تھی اور عورت کے گھر والوں میں سے ایک گواہ نے گواہی دی

قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنْ كَانَ

قَمِیْصُهٗ	قُدَّ	مِنْ قُبُلٍ	فَصَدَقَتْ	وَ	هُوَ	مِنَ الْكٰذِبِیْنَ	وَ	اِنْ	كَانَ
ان کا کرتا	چرا	آگے سے	تو وہ سچی ہے	اور	وہ	جھوٹا ہے	اور	اگر	ہے

اگر ان کا قمیض آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور انہوں نے غلط کہا۔ لیکن اگر اس کا

قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا

قَمِیْصُهٗ	قُدَّ	مِنْ دُبُرٍ	فَكَذَبَتْ	وَ	هُوَ	مِنَ الصّٰدِقِیْنَ	فَلَمَّا
اس کا کرتا	چرا ہوا	پیچھے سے	تو وہ جھوٹی ہے	اور	وہ	سچا ہے	پھر جب

قمیض پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو عورت جھوٹ بولتی ہے اور یہ سچے ہیں۔ جب اس نے

رَاٰ قَمِیْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَیْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَیْدَكُنَّ

رَاٰ	قَمِیْصَهٗ	قُدَّ	مِنْ دُبُرٍ	قَالَ	اِنَّهٗ	مِنْ كَیْدِكُنَّ	اِنَّ	كَیْدَكُنَّ
دیکھی	اس کا کرتا	کہ چری ہوئی ہے	پیچھے سے	تو کہا	یہ ہے	تمہارا مکر	بیشک	تمہارے مکر

اس کی قمیض کو پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا تو بولا یہ تم عورتوں کا ایک داؤ ہے بے شک تمہارا

عَظِیْمٌ ﴿۲۸﴾ یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٜ سکتة وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ ۚ صلے

عَظِیْمٌ	یُوْسُفُ	اَعْرِضْ	عَنْ هٰذَا	وَ	اسْتَغْفِرِیْ	لِذَنْۢبِكِ
بہت بڑے ہیں	اے یوسف	جانے دو	اس بات کو	اور	تو معافی مانگ	اپنے گناہ کی

داؤ سخت ہوتا ہے۔ اے یوسف علیہ السلام تم اس بات سے درگزر کرو اور اے عورت تو اپنے گناہ کی

ع ۱۲

اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ۝۲۹ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ

اِنَّكِ	كُنْتِ	مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ	وَ	قَالَ	نِسْوَةٌ	فِي الْمَدِيْنَةِ	امْرَاَتُ
یقیناً تو	تو ہی تھی	گناہ گاروں سے	اور	کہا	عورتوں نے	شہر میں	بیوی

معافی مانگ بیشک تو ہی گنہگار تھی۔ اور شہر میں کچھ عورتوں نے کہا کہ عزیز مصر کی بیوی اپنے نوجوان (غلام)

الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا

الْعَزِيْزِ	تُرَاوِدُ	فَتٰىهَا	عَنْ نَّفْسِهٖ	قَدْ	شَغَفَهَا	حُبًّا	اِنَّا	لَنَرٰىهَا
عزیز کی	لبھاتی ہے	اپنے جوان کو	اسکے نفس سے	بیشک	اسکے دل میں پہنچ گئی	محبت	بیشک ہم	دیکھتی ہیں اسے

کو اس کی جان سے اسے بہلاتی پھسلاتی ہے اس کی محبت نے اسے دیوانہ کر دیا ہے بیشک ہم اسے صریح

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۳۰ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	فَلَمَّا	سَمِعَتْ	بِمَكْرِهِنَّ	اَرْسَلَتْ	اِلَيْهِنَّ
صریح خودرفتہ	پھر جب	سنی اس نے	ان کی چال	تو بھیجا	ان کی طرف

خود رفتہ میں پاتے ہیں۔ تو جب زلیخا نے ان کا چرچا سنا تو ان عورتوں کو بلا بھیجا اور ان کیلئے مسندیں تیار کیں

وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ

وَ	اَعْتَدَتْ	لَهُنَّ	مُتَّكَاً	وَّ	اٰتَتْ	كُلَّ وَاحِدَةٍ	مِّنْهُنَّ	سِكِّيْنًا	وَّ	قَالَتِ
اور	تیار کیں	ان کے لیے	مسندیں	اور	دی	ہر ایک کو	ان میں سے	چھری	اور	کہا

اور ان میں ہر ایک کو ایک چھری دی اور یوسف علیہ السلام سے کہا ان کے سامنے نکل آؤ

اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ

اخْرُجْ	عَلَيْهِنَّ	فَلَمَّا	رَاَيْنَهٗ	اَكْبَرْنَهٗ	وَ	قَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	وَقُلْنَ
نکل آؤ	ان پر	پھر جب	انہوں نے دیکھا اسے	اسکی بڑائی کو	اور	کاٹ لیے انہوں نے	اپنے ہاتھ	اور کہا

جب عورتوں نے یوسف علیہ السلام کو دیکھا اس کی بڑائی بولنے لگیں اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور بولیں

حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قَالَتْ

حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا	هٰذَا	بَشَرًا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	مَلَكٌ	كَرِيْمٌ	قَالَتْ
پاکی ہے	اللہ کو	نہیں	یہ	انسان	نہیں ہے	یہ	مگر	فرشتہ	معزز ہے	کہنے لگی

اللہ پاک ہے یہ تو جنس بشر سے نہیں یہ تو کوئی معزز فرشتہ ہیں۔ زلیخا نے کہا

فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ

فَذٰلِكُنَّ	الَّذِيْ	لُمْتُنَّنِيْ	فِيْهِ	وَ	لَقَدْ	رَاوَدْتُّهٗ	عَنْ نَّفْسِهٖ
تو یہی ہے	وہ جوان	جو ملامت کرتی ہو تم	اس میں	اور	بیشک	میں نے اسے لبھایا	اسکی جان سے

تو یہ ہیں وہ جن پر تم مجھے طعنہ دیتی تھیں اور بے شک میں نے ان کا دل پھسلانا چاہا تو انہوں نے اپنے آپ کو بچایا

فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَلَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا

فَاسْتَعْصَمَ	وَ	لَىِٕنْ	لَّمْ	يَفْعَلْ	مَآ	اٰمُرُهٗ	لَيُسْجَنَنَّ	وَ	لَيَكُوْنًا
تو وہ بچتا رہا	اور	اگر	نہ	کیا اس نے	جو	میں اسے حکم دیتی ہوں	تو ضرور قید کیا جائے گا	اور	ہو جائے گا

اور بے شک اگر وہ یہ کام نہ کریں گے جو میں ان سے کہتی ہوں تو ضرور قید میں پڑیں گے اور ضرور

مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ

مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	السِّجْنُ	اَحَبُّ	اِلَيَّ	مِمَّا	يَدْعُوْنَنِيْٓ	اِلَيْهِ
ذلیل لوگوں سے	عرض کی	اے میرے رب	قید خانہ	زیادہ پیارا ہے	مجھے	اس چیز سے	جو بلاتی ہیں مجھے	اسکی طرف

ذلت اٹھائیں گے۔ یوسف علیہ السلام نے عرض کیا میرے رب! قید خانہ مجھے اس بات سے زیادہ پیارا ہے

وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ

وَ	اِلَّا	تَصْرِفْ	عَنِّيْ	كَيْدَهُنَّ	اَصْبُ	اِلَيْهِنَّ	وَ	اَكُنْ
اور	اگر نہ	پھیرے گا تو	مجھ سے	ان کا مکر	تو میں مائل ہونگا	ان کی طرف	اور	ہو جاؤں گا میں

جس کی طرف یہ مجھے بلاتی ہے اور اگر تو مجھ سے ان کے داؤ کو نہیں ہٹائے گا تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا

مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَیْدَهُنَّؕ اِنَّهٗ هُوَ

مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ	فَاسْتَجَابَ	لَهٗ	رَبُّهٗ	فَصَرَفَ	عَنْهُ	كَیْدَهُنَّ	اِنَّهٗ	هُوَ
جاہلوں میں سے	تو قبول کر لی دعا	اس کے لیے	اس کے رب نے	تو پھیر دیا	اس سے	ان کا مکر	بیشک	وہ

اور جاہلوں میں ہو جاؤں گا۔ پھر اللہ نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان سے اُن کے داؤ کو ہٹا دیا بیشک

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰیٰتِ

السَّمِیْعُ	الْعَلِیْمُ	ثُمَّ	بَدَا لَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَا رَاَوُا	الْاٰیٰتِ
وہی ہے سننے والا	جاننے والا	پھر	ظاہر ہوا ان کے لیے	بعد اس کے کہ	دیکھی انہوں نے	نشانیاں

وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر (یوسف علیہ السلام کی پاکبازی کی) نشانیاں دیکھنے کے بعد (بھی) انہوں نے

لَیَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِیْنٍ ﴿۳۵﴾ؑ وَ دَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَیٰنِؕ

لَیَسْجُنُنَّهٗ	حَتّٰى حِیْنٍ	وَ	دَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَیٰنِ
ضرور قید کریں اسے	ایک وقت تک	اور	داخل ہوئے	اس کے ساتھ	قید خانہ میں	دو نوجوان

یہی مناسب سمجھا کہ ایک مدت تک یوسف علیہ السلام کو قید کر دیں۔ اور ان کے ساتھ دو جوان قید خانے میں داخل ہوئے ان میں

قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَعْصِرُ خَمْرًاۚ وَ قَالَ الْاٰخَرُ

قَالَ	اَحَدُهُمَاۤ	اِنِّیْۤ	اَرٰىنِیْۤ	اَعْصِرُ	خَمْرًا	وَ	قَالَ	الْاٰخَرُ
کہا	ایک نے ان دونوں میں سے	بیشک میں	دیکھتا ہوں اپنے کو	کہ نچوڑتا ہوں	شراب	اور	کہا	دوسرے نے

سے ایک نے کہا میں نے اپنے آپ کو (خواب میں) دیکھا کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں اور دوسرے نے کہا

اِنِّیْۤ اَرٰىنِیْۤ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْهُؕ

اِنِّیْۤ	اَرٰىنِیْۤ	اَحْمِلُ	فَوْقَ	رَاْسِیْ	خُبْزًا	تَاْكُلُ	الطَّیْرُ	مِنْهُ
بیشک میں	دیکھتا ہوں اپنے کو	کہ اٹھائی ہیں میں نے	اوپر	اپنے سر کے	روٹیاں	کھاتے ہیں	پرندے	اس میں سے

میں نے اپنے آپ کو خواب میں دیکھا کہ میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں جن میں سے

نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا

نَبِّئْنَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	اِنَّا	نَرٰىكَ	مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ	قَالَ	لَا
بتاؤ ہم کو	اس کی تعبیر	بیشک ہم	دیکھتے ہیں آپ کو	نیک لوگوں سے	فرمایا	نہیں

پرندے کھا رہے ہیں ہمیں اس کی تعبیر بتایئے بیشک ہم آپ کو اچھے لوگوں میں سے سمجھتے ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا

يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ

يَاْتِيْكُمَا	طَعَامٌ	تُرْزَقٰنِهٖٓ	اِلَّا	نَبَّاْتُكُمَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	قَبْلَ	اَنْ
آئے گا تمہارے پاس	کھانا	جو تمہیں دیا جاتا ہے	مگر	بتادوں گا میں تم دونوں کو	اس کی تعبیر	پہلے	اس سے کہ

جو کھانا تمہیں ملا کرتا ہے وہ تمہارے پاس نہ آنے پائے گا کہ میں اس کی تعبیر اس کے آنے سے

يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ؕ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ

يَّاْتِيَكُمَا	ذٰلِكُمَا	مِمَّا	عَلَّمَنِيْ	رَبِّيْ	اِنِّيْ	تَرَكْتُ	مِلَّةَ	قَوْمٍ
آئے تمہارے پاس	یہ	اس سے ہے	جو سکھایا مجھے	میرے رب نے	بیشک میں نے	چھوڑ دیا ہے میں نے	دین	اس قوم کا

پہلے تمہیں بتا دوں گا یہ ان علموں میں سے ہے جو مجھے میرے رب نے سکھایا ہے بے شک

لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

لَّا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	هُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ
جو ایمان نہیں لاتے	اللہ پر	اور	وہ	آخرت کے	وہ	منکر ہیں

میں نے ان لوگوں کا دین نہ مانا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت سے منکر ہیں۔

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا

وَ	اتَّبَعْتُ	مِلَّةَ	اٰبَآءِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	مَا
اور	میں نے پیروی کی	دین	اپنے باپ دادا	ابراہیم	اور	اسحٰق	اور یعقوب کی	نہیں

اور میں نے اپنے باپ دادا ابراہیم علیہ السلام اور اسحٰق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کا دین اختیار کیا

كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ

كَانَ	لَنَآ	اَنْ	نُّشْرِكَ	بِاللّٰهِ	مِنْ شَیْءٍ	ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ
ہے	ہمارے لیے	یہ کہ	شریک ٹھرائیں ہم	اللہ کے ساتھ	کسی چیز کو	یہ فضل ہے

ہمیں لائق نہیں کہ کسی چیز کو اللہ کا شریک ٹھہرائیں یہ اللہ کا

اللّٰهِ عَلَيْنَا وَ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

اللّٰهِ	عَلَيْنَا	وَ	عَلَى	النَّاسِ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
اللہ کا	ہم پر	اور	اوپر	لوگوں کے	اور	لیکن	اکثر	لوگ

ایک فضل ہے ہم پر اور لوگوں پر مگر اکثر لوگ

لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ

لَا	يَشْكُرُوْنَ	يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ	ءَاَرْبَابٌ	مُّتَفَرِّقُوْنَ
نہیں	شکر کرتے	اے میرے قید خانے کے ساتھیو!	کیا رب	جدا جدا

شکر نہیں کرتے۔ میرے قید خانے کے دو ساتھیو! کیا جدا جدا آقا

خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ

خَيْرٌ	اَمِ	اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ
فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْۤ اَرٰى

اَرٰى	اِنِّيْۤ	يٰبُنَيَّ	قَالَ	السَّعْيَ	مَعَهُ	بَلَغَ	فَلَمَّا	حَلِيْمٍ	بِغُلٰمٍ	فَبَشَّرْنٰهُ
دیکھا ہے	بیشک میں نے	اے میرے بیٹے	کہا	بھاگ دوڑ کو	اسکے ساتھ	پہنچا	تو جب	بردبار	لڑکے کی	تو ہم نے بشارت دی اسے

تو ہم نے انہیں حلم والے لڑکے کی بشارت دی۔ تو جب وہ (صاحبزادے) ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ چلنے پھرنے کی عمر کو پہنچے فرمایا

فِی الْمَنَامِ اَنِّیْۤ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ؗ

فِی الْمَنَامِ	اَنِّیْۤ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ	مَاذَا	تَرٰى	قَالَ	یٰۤاَبَتِ	افْعَلْ	مَا	تُؤْمَرُ
خواب میں	کہ میں	تجھے ذبح کرتا ہوں	تو تو دیکھ	کیا	خیال ہے	بولا	اے میرے باپ	کر	جو	حکم دیا جائے تو

اے میرے بیٹے! بے شک میں نے خواب میں دیکھا کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں تو (اب) تم غور کرو تمہاری کیا رائے ہے (بیٹے نے) عرض کی اے

سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا وَ تَلَّهٗ

سَتَجِدُنِیْۤ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مِنَ الصّٰبِرِیْنَ	فَلَمَّاۤ	اَسْلَمَا	وَ	تَلَّهٗ
جلدی پائیگا مجھے	اگر	چاہے	اللہ	صابروں سے	تو جب	فرمانبردار ہو گئے	اور	لٹایا اسکو

میرے باپ جان! آپ کیجئے وہ کام جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے انشاء اللہ عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔ تو جب ان دونوں

لِلْجَبِیْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَ نَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ

لِلْجَبِیْنِ	وَ	نَادَیْنٰهُ	اَنْ	یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ	قَدْ	صَدَّقْتَ	الرُّءْیَا	اِنَّا	كَذٰلِكَ
پیشانی کے بل	اور	آواز دی ہم نے اسکو	یہ کہ	اے ابراہیم	بیشک	تو نے سچ کر دکھایا	خواب کو	بیشک ہم	اس طرح

نے ہمارے حکم پر گردن جھکا دی اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹایا۔ اور ہم نے ندا فرمائی کہ اے ابراہیم علیہ السلام۔ تو نے خواب سچ کر

نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَ فَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ

نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِیْنُ	وَ	فَدَیْنٰهُ	بِذِبْحٍ
بدلہ دیتے ہیں	نیکوں کو	بیشک	یہ	وہ ہے	امتحان	کھلا	اور	فدیہ ہم نے اسکا دیا	قربانی

دکھایا نیکی کرنے والوں کو ہم اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہی تو کھلی آزمائش تھی۔ اور ہم نے بہت بڑی قربانی ان کے

عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰۤى اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾

عَظِیْمٍ	وَ	تَرَكْنَا	عَلَیْهِ	فِی	الْاٰخِرِیْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	اِبْرٰهِیْمَ
بڑی سے	اور	چھوڑا ہم نے	اس پر	میں	پچھلوں	سلام ہو	اوپر	ابراہیم کے

فدیہ میں دے دی۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان کا ذکر جمیل باقی رکھا۔ سلام ہو ابراہیم پر۔

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٠﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١١﴾

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ	اِنَّهُ	الْمُحْسِنِينَ	نَجْزِي	كَذٰلِكَ
ہمارے مومن بندوں میں سے ہے	بیشک وہ	نیکوں کو	بدلہ دیتے ہیں ہم	ایسا ہی

ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیک لوگوں کو۔ بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہے۔

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِينَ ﴿١١٢﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

عَلٰى	وَ	عَلَيْهِ	وَبٰرَكْنَا	مِّنَ الصّٰلِحِينَ	نَبِيًّا	بِاِسْحٰقَ	بَشَّرْنٰهُ	وَ
اوپر	اور	اسے	اور برکت دی ہم نے	نیک لوگوں میں سے	وہ غیب کی خبریں بتانیوالے نبی	اسحاق کی	خوشخبری دی ہم نے اسکو	اور

اور ہم نے انہیں ایک غیب کی خبریں بتانے والے نبی اسحاق علیہ السلام کی بشارت دی۔ اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام پر بہت

اِسْحٰقَ ۖ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِينٌ ﴿١١٣﴾ ع وَلَقَدْ

لَقَدْ	وَ	مُبِينٌ	لِّنَفْسِهٖ	ظَالِمٌ	وَّ	مُحْسِنٌ	مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا	وَ	اِسْحٰقَ
بیشک	اور	کھلے	اپنی جان کے	کچھ ظالم	اور	کچھ نیک ہیں	ان کی اولاد سے	اور	اسحاق کے

برکتیں فرمائیں اور ان کی اولاد میں سے کچھ نیک لوگ ہیں اور کچھ اپنی جانوں پر کھلا ظلم کرنے والے۔ اور بے شک ہم نے

مَنَنَّا عَلٰى مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿١١٤﴾ ج وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ	قَوْمَهُمَا	وَ	نَجَّيْنٰهُمَا	وَ	هٰرُونَ	وَ	مُوسٰى	عَلٰى	مَنَنَّا
بڑی مصیبت سے	ان کی قوم کو	اور	نجات دی ہم نے انکو	اور	ہارون کے	اور	موسیٰ	اوپر	ہم نے احسان فرمایا

احسان فرمایا موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر۔ اور انہیں اور ان کی قوم کو بڑی تکلیف سے

الْعَظِيمِ ﴿١١٥﴾ ج وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوا هُمُ الْغٰلِبِينَ ﴿١١٦﴾ ج وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ

الْكِتٰبَ	اٰتَيْنٰهُمَا	وَ	الْغٰلِبِينَ	هُمُ	فَكَانُوا	نَصَرْنٰهُمْ	وَ
کتاب	عطا فرمائی ہم نے انکو	اور	غالب	وہی	تو ہوئے	ہم نے انکی مدد کی	اور

نجات بخشی۔ اور ان کی ہم نے مدد فرمائی تو وہی غالب ہوئے۔ اور انہیں روشن

الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي

الْمُسْتَبِيْنَ	وَهَدَيْنٰهُمَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	وَ	تَرَكْنَا	عَلَيْهِمَا	فِي
روشن	اور دکھائی ہم نے انکو	راہ	سیدھی	اور	چھوڑا ہم نے	ان پر	میں

کتاب دی۔ اور سیدھے راستے کی طرف ان کی رہنمائی کی۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان دونوں کا

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
پچھلوں	سلام ہو	اوپر	موسیٰ	اور	ہارون کے	بیشک ہم	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں

ذکرِ خیر چھوڑا۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر سلام ہو۔ بے شک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ

الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهُمَا	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	اِلْيَاسَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
نیکوں کو	بیشک وہ دونوں	ہمارے مومن بندوں میں سے ہیں	اور بیشک	الیاس	پیغمبروں میں سے ہیں

نیکی کرنے والوں کو بے شک وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور الیاس علیہ السلام بھی

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ

اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖ	اَلَا	تَتَّقُوْنَ	اَتَدْعُوْنَ	بَعْلًا	وَ	تَذَرُوْنَ
جب	فرمایا	اپنی قوم کو	کیا نہیں	ڈرتے تم	کیا پکارتے ہو	بعل کو	اور	چھوڑتے ہو

پیغمبروں میں سے تھے۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ کیا بعل (نامی بت) کی عبادت کرتے ہو

اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ

اَحْسَنَ	الْخَالِقِيْنَ	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	وَ	رَبَّ	اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ
بہترین	پیدا کرنیوالے	اللہ کو	رب ہے تمہارا	اور	رب ہے	تمہارے پہلے باپ دادا کا	تو جھٹلایا اسکو

اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑتے ہو۔ اللہ کو جو تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو وہ

فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ

فَاِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ	اللّٰهِ	الْمُخْلَصِیْنَ	وَ	تَرَكْنَا	عَلَیْهِ
تو وہی ہوئے	حاضر کیے گئے	مگر	بندے	اللہ کے	چنے ہوئے	اور	چھوڑا ہم نے	اس پر

ضرور حاضر کر دیے جائیں گے۔ سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندے کے۔ اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں

فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰۤی اِلْ یَاسِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی

فِی	الْاٰخِرِیْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰۤی	اِلْ یَاسِیْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِی
میں	پچھلوں	سلام ہو	اوپر	الیاس کے	بیشک ہم	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں

ان کیلئے اس کی تعریف چھوڑ دی۔ الیاس پر سلام ہو۔ بے شک ہم نیکی کرنے والوں کو اسیطرح

الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۳۳﴾

الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ	وَ	اِنَّ	لُوْطًا	لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ
نیکوں کو	بیشک وہ	ہمارے مومن بندوں سے ہے	اور	بیشک	لوط	پیغمبروں میں سے ہے

جزا دیتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے ہیں۔ اور بے شک لوط علیہ السلام پیغمبروں میں سے ہے

اِذْ نَجَّیْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِی الْغٰبِرِیْنَ ﴿۱۳۵﴾

اِذْ	نَجَّیْنٰهُ	وَ	اَهْلَهٗ	اَجْمَعِیْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِی الْغٰبِرِیْنَ
جب	نجات دی ہم نے اسکو	اور	اسکے گھر والوں کو	سب کو	مگر	ایک بڑھیا	پچھلوں میں

جب کہ ہم نے انہیں اور ان کے سب گھر والوں کو نجات بخشی۔ سوائے پیچھے رہنے والوں

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَیْهِمْ مُّصْبِحِیْنَ ﴿۱۳۷﴾

ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِیْنَ	وَ	اِنَّكُمْ	لَتَمُرُّوْنَ	عَلَیْهِمْ	مُّصْبِحِیْنَ
پھر	ہلاک کیا ہم نے	دوسروں کو	اور	بیشک تم	گزرتے ہو	ان پر	صبح

میں ایک بڑھیا کے۔ پھر دوسروں کو برباد کر دیا۔ اور (اے اہل مکہ) بے شک تم ان (کی بستیوں

وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾

وَ	بِالَّيْلِ	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	وَاِنَّ	يُوْنُسَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
اور	شام	کیا پھر نہیں	عقل رکھتے تم	اور بیشک	یونس	پیغمبروں میں سے ہیں

سے صبح کو گزرتے ہو۔ اور رات کو (بھی) تو کیا تم نہیں سمجھتے؟ اور بے شک یونس علیہ السلام پیغمبروں میں سے ہے۔

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

اِذْ	اَبَقَ	اِلَى	الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ	فَسَاهَمَ	فَكَانَ	مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ
جب	گیا	طرف	کشتی	بھری ہوئی کے	تو قرعہ ڈالا	تو ہو گیا	دھکیلے ہوؤں سے

جب کہ بھری کشتی کی طرف نکل گئے۔ پھر قرعہ ڈلوایا تو وہ مات کھانے والوں میں تھے۔

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

فَالْتَقَمَهُ	الْحُوْتُ	وَ	هُوَ	مُلِيْمٌ	فَلَوْ	لَآ	اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ
تو نگل گئی اسے	مچھلی	اور	وہ تھا	ملامت کیا گیا	پھر اگر	نہ	ہوتا	وہ	تسبیح کرنے والوں سے

پھر مچھلی نے ان کو لقمہ بنا لیا اور اپنے تئیں ملامت کر رہے تھے۔ تو اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے۔

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَ

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ	فَنَبَذْنٰهُ	بِالْعَرَآءِ	وَ
تو ٹھہرتا	اس کے پیٹ میں	دن تک	اٹھائے جائیں	تو ڈال دیا ہم نے اسکو	میدان میں	اور

تو ضرور اس مچھلی کے پیٹ میں رہتے اس دن تک جس میں لوگ اٹھائے جائیں گے۔ پھر ہم نے انہیں چٹیل میدان پر ڈال دیا

هُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى

هُوَ	سَقِيْمٌ	وَ	اَنْۢبَتْنَا	عَلَيْهِ	شَجَرَةً	مِّنْ يَّقْطِيْنٍ	وَ	اَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى
وہ	بیمار تھا	اور	اگایا ہم نے	اس پر	درخت	کدو کا	اور	بھیجا ہم نے اسکو	طرف

اور وہ بیمار تھے۔ اور ہم نے اس پر کدو کا پیڑ اگایا۔ اور اسے ایک لاکھ

مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ

مِائَةِ اَلْفٍ	اَوْ	يَزِيْدُوْنَ	فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ	فَاسْتَفْتِهِمْ
ایک لاکھ کے	یا	وہ زیادہ تھے	تو ایمان لائے	تو ہم نے فائدہ دیا	ایک وقت تک	تو پوچھا ان سے

یا زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا۔ چنانچہ وہ ایمان لے آئے اور ہم نے انہیں ایک وقت تک ساز و سامان دیا۔ تو ان سے پوچھئے

اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ

اَلِرَبِّكَ	الْبَنَاتُ	وَ	لَهُمُ	الْبَنُوْنَ	اَمْ	خَلَقْنَا	الْمَلٰٓئِكَةَ	اِنَاثًا	وَّ	هُمْ
کیا تمہارے رب کیلئے	بیٹیاں ہیں	اور	ان کیلئے	بیٹے	یا	پیدا کیا ہم نے	فرشتوں کو	عورتیں	اور	وہ

کیا تمہارے رب کیلئے بیٹیاں ہیں؟ اور ان کیلئے بیٹے؟ کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا اور وہ

شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ

شٰهِدُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	مِّنْ اِفْكِهِمْ	لَيَقُوْلُوْنَ	وَلَدَ اللّٰهُ	وَ	اِنَّهُمْ
موجود تھے	خبردار	بیشک وہ	اپنے بہتان سے	کہتے ہیں	اولاد ہے اللہ کی	اور	بیشک وہ

اس وقت حاضر تھے؟ سنتے ہو بے شک وہ اپنے بہتان سے کہتے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے اور بیشک

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ

لَكٰذِبُوْنَ	اَصْطَفَى	الْبَنَاتِ	عَلَى	الْبَنِيْنَ	مَا لَكُمْ	كَيْفَ
جھوٹے ہیں	کیا پسند کیا اس نے	بیٹوں کو	اوپر	بیٹوں کے	کیا ہے تم کو	کیسے

ضرور وہ جھوٹے ہیں۔ کیا اس نے بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیوں کو چن لیا ہے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے

تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ

تَحْكُمُوْنَ	اَفَلَا	تَذَكَّرُوْنَ	اَمْ	لَكُمْ	سُلْطٰنٌ	مُّبِيْنٌ	فَاْتُوْا	بِكِتٰبِكُمْ
حکم کرتے ہو	کیا نہیں	نصیحت پکڑتے	یا	تمہارے پاس	سند ہے	کھلی	تو لاؤ	اپنی کتاب

تم کس طرح کا فیصلہ کرتے ہو؟ تو کیا تم فکر سے کام نہیں لیتے؟ کیا تمہارے پاس کوئی روشن دلیل ہے؟ تو اپنی کتاب

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ وَلَقَدْ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَ	جَعَلُوْا	بَيْنَهٗ	وَبَيْنَ	الْجِنَّةِ	نَسَبًا	وَ	لَقَدْ
اگر	ہو تم	سچے	اور	بنایا انہوں نے	اسکے درمیان	اور درمیان	جنوں کے	رشتہ	اور	بیشک

لاؤ اگر سچے ہو۔ اور اس میں اور جنوں میں رشتہ ٹھہرایا اور بے شک جنوں کو معلوم ہے

عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿۱۵۹﴾

عَلِمَتِ	الْجِنَّةُ	اِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ
جان لیا	جنوں نے	کہ وہ	حاضر کیے جائینگے	پاک ہے	اللہ	اس سے جو	بیان کرتے ہیں

کہ وہ ضرور حاضر کیے جائیں گے۔ پاک ہے اللہ ان باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۰﴾ فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ﴿۱۶۱﴾ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ

اِلَّا	عِبَادَ	اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	فَاِنَّكُمْ	وَ	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مَآ	اَنْتُمْ	عَلَيْهِ
مگر	بندے	اللہ کے	چنے ہوئے	تو تم	اور	جو کچھ	تم پوجا کرتے ہو	نہیں	تم	اس کو

سوائے اس کے چنے ہوئے بندوں کے۔ ۔تو بے شک تم اور جن کی (اللہ کے سوا) تم عبادت کرتے ہو۔ اللہ کے خلاف تم کسی

بِفٰتِنِينَ ﴿۱۶۲﴾ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ

بِفٰتِنِيْنَ	اِلَّا	مَنْ	هُوَ	صَالِ	الْجَحِيْمِ	وَ	مَا	مِنَّآ	اِلَّا	لَهٗ	مَقَامٌ
گمراہ کرنیوالے	مگر	اسے کہ	وہ	داخل ہونے والا ہے	جہنم میں	اور	نہیں	کوئی ہم سے	مگر	اس کیلئے	مقام ہے

کو گمراہ کرنے والے نہیں۔ مگر اسے جو بھڑکتی ہوئی آگ میں جانے والا ہے۔ اور فرشتے کہتے ہیں ہم میں ہر ایک کا ایک مقام

مَعْلُومٌ ﴿۱۶۴﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّونَ ﴿۱۶۵﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ ﴿۱۶۶﴾ وَإِنْ

مَعْلُوْمٌ	وَ	اِنَّا	لَنَحْنُ	الصَّآفُّوْنَ	وَ	اِنَّا	لَنَحْنُ	الْمُسَبِّحُوْنَ	وَ	اِنْ
مقرر	اور	بیشک	ہم	صف باندھے ہیں	اور	بیشک	ہم	تسبیح کرنیوالے ہیں	اور	بیشک

معلوم ہے۔ اور ہم صف باندھے ہوئے ہیں۔ اور ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔ اور یقیناً

كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٦٧﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٦٨﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ

كَانُوْا	لَيَقُوْلُوْنَ	لَوْ	اَنَّ	عِنْدَنَا	ذِكْرًا	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ	لَكُنَّا	عِبَادَ	اللّٰهِ
تھے	کہتے	اگر	بیشک	ہمارے پاس ہوتا	ذکر	پہلوں کے	تو ہوتے ہم	بندے	اللہ کے

وہ (دورِ جاہلیت میں) ضرور کہا کرتے تھے۔ اگر ہمارے پاس پہلے لوگوں کی کوئی نصیحت ہوتی۔ تو ضرور ہم اللہ کے چنے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٩﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا

الْمُخْلَصِيْنَ	فَكَفَرُوْا	بِهٖ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	وَ	لَقَدْ	سَبَقَتْ	كَلِمَتُنَا
چنے ہوئے	تو کفر کیا انہوں نے	اسکے ساتھ	تو جلدی	جانیں گے	اور	بیشک	گذر چکی	ہماری بات

ہوئے بندے ہوتے۔ تو اس کے منکر ہوئے تو عنقریب جان لیں گے۔ اور ہماری بات اپنے بھیجے ہوئے بندوں

لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧١﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿١٧٢﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ

لِعِبَادِنَا	الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّهُمْ	لَهُمُ	الْمَنْصُوْرُوْنَ	وَاِنَّ	جُنْدَنَا	لَهُمُ
واسطے بندوں کے	بھیجے ہوئے	بیشک وہ	وہی ہیں	مدد دیے گئے	اور بیشک	ہمارا لشکر	وہی ہیں

کیلئے پہلے ہی طے پا چکی ہے۔ بے شک انہی کو مدد دی جائے گی۔ اور بیشک ہمارا ہی لشکر ضرور

الْغٰلِبُوْنَ ﴿١٧٣﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ

الْغٰلِبُوْنَ	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	وَّاَبْصِرْهُمْ	فَسَوْفَ
غالب	تو منہ پھیر	ان سے	ایک	وقت تک	اور دیکھو ان کو	تو جلدی

غلبہ پانے والا ہے۔ تو ایک وقت معین تک آپ ان سے اپنی توجہ پھیر لیں۔ اور انہیں دیکھتے رہو کہ عنقریب

يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ

يُبْصِرُوْنَ	اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ	فَاِذَا	نَزَلَ	بِسَاحَتِهِمْ
دیکھیں گے	کیا ہمارے عذاب کی	جلدی کرتے ہیں وہ	تو جب	اترے گا	اسکے میدان میں

وہ دیکھیں گے۔ تو کیا ہمارے عذاب کی جلدی کرتے ہیں۔ ہاں جب وہ ان کے آنگن میں اتر آئے گا تو ڈرائے

فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ

فَسَآءَ	صَبَاحُ	الْمُنْذَرِيْنَ	وَ	تَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	وَ	اَبْصِرْ
تو بری ہوئی	صبح	ڈرائے ہوؤں کی	اور	منہ پھیر لو	ان سے	ایک	وقت تک	اور	دیکھ

ہوئے لوگوں کی وہ صبح کتنی بری ہوگی۔ آپ ان سے تھوڑی مدت تک توجہ ہٹائے رکھئے۔ اور (انہیں) دیکھتے رہیں تو

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

فَسَوْفَ	يُبْصِرُوْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّكَ	رَبِّ	الْعِزَّةِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ
جلدی	دیکھیں گے وہ بھی	پاک ہے	تمہارا رب	رب	عزت والا	اس سے جو	بیان کرتے ہیں

عنقریب وہ (بھی) (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔ پاک ہے آپ کا رب عزت والا ہر اس عیب سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

وَسَلٰمٌ	عَلَى	الْمُرْسَلِيْنَ	وَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اور سلام ہو	اوپر	پیغمبروں کے	اور	سب خوبیاں	اللہ کو ہے جو	رب ہے	سب جہانوں کا

اور سلام ہے پیغمبروں پر۔ اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہان کا رب ہے۔

اٰیاتہا ۸۸ | (۳۸) سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ (۳۸) | رکوعاتہا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾ كَمْ

صٓ	وَ	الْقُرْاٰنِ	ذِى الذِّكْرِ	بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِىْ عِزَّةٍ	وَ	شِقَاقٍ	كَمْ
صٓ	قسم ہے	قرآن	نصیحت والے کی	بلکہ	وہ جو	کافر ہیں	عزت میں	اور	بدبختی کے ہیں	کتنے

قسم ہے اس نصیحت کرنے والے قرآن کی۔ بلکہ کافر سخت تکبر اور (ہمارے نبی ﷺ کی) مخالفت وعداوت میں (مبتلا) ہیں۔

اَھْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝٣

اَھْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنْ قَرْنٍ	فَنَادَوْا	وَّلَاتَ	حِيْنَ	مَنَاصٍ
ہلاک کیے ہم نے	ان سے پہلے	سنگتیں	تو انہوں نے پکارا	اور نہ تھا	وقت	بچاؤ کا

ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر ڈالا پھر انہوں نے آہ فریاد کی مگر وہ خلاصی کا وقت نہ تھا۔

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۡ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ

وَ	عَجِبُوْٓا	اَنْ	جَآءَهُمْ	مُّنْذِرٌ	مِّنْهُمْ	وَقَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا	سٰحِرٌ
اور	تعجب کیا انہوں نے	یہ کہ	آیا ان کے پاس	ڈرانے والا	ان میں سے	تو کہا	کافروں نے	یہ	جادوگر ہے

اور وہ حیران ہوتے ہیں کہ ان کے پاس انہی میں سے ایک ڈرانے والا آ گیا ہے اور کافر کہتے ہیں یہ جادوگر اور

كَذَّابٌ ۝٤ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝٥

كَذَّابٌ	اَجَعَلَ	الْاٰلِهَةَ	اِلٰهًا	وَّاحِدًا	اِنَّ	هٰذَا	لَشَيْءٌ	عُجَابٌ
جھوٹا	کیا بنایا اس نے	سب خداؤں کا	خدا	ایک ہی	بیشک	یہ	بات ہے	عجیب

بڑا جھوٹا ہے۔ کیا اس نے بہت سے معبودوں کو ایک ہی معبود بنا دیا؟ بے شک یہ تو بڑی ہی عجیب بات ہے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ

وَانْطَلَقَ	الْمَلَاُ	مِنْهُمْ	اَنِ	امْشُوْا	وَ	اصْبِرُوْا	عَلٰٓى	اٰلِهَتِكُمْ	اِنَّ	هٰذَا	لَشَيْءٌ
اور چلے	سردار	ان میں سے	یہ کہ	چلو	اور	صبر کرو	اوپر	اپنے خداؤں کے	بیشک	یہ	چیز

اور (رسول کے پاس سے) ان کے سردار چلے (یہ کہتے ہوئے اپنے ساتھیوں کو) کہ تم بھی چلو اور اپنے معبودوں پر برقرار رہو بے شک یہ ایسی بات

يُّرَادُ ۝٦ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝٧

يُّرَادُ	مَا	سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِي الْمِلَّةِ	الْاٰخِرَةِ	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	اخْتِلَاقٌ
مطلب کی ہے	نہیں	سنا ہم نے	یہ	ملت میں	پچھلی کے	نہیں	یہ	مگر	من گھڑت

ہے جس میں کوئی مطلب ضرور ہے۔ یہ تو ہم نے آخری ملت (نصرانیت) میں بھی نہیں سنی یہ تو کچھ نہیں مگر من گھڑت بات ہے۔

ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا

ءَاُنْزِلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	مِنْۢ بَيْنِنَا	بَلْ	هُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْ ذِكْرِيْ	بَلْ	لَّمَّا
کیا اتارا گیا	ان پر	قرآن	ہم سب میں سے	بلکہ	وہ	شک میں ہیں	میری یاد سے	بلکہ	نہیں

کیا ہم سب میں سے اسی پر یہ ذکر (یعنی قرآن) اتارا گیا ہے بلکہ وہ میرے ذکر کی نسبت شک میں (گرفتار) ہیں بلکہ انہوں نے

يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝۸ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَاۗىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ

يَذُوْقُوْا	عَذَابِ	اَمْ	عِنْدَهُمْ	خَزَاۗىِٕنُ	رَحْمَةِ	رَبِّكَ	الْعَزِيْزِ
چکھا انہوں نے	میرا عذاب	کیا	انکے پاس	خزانے ہیں	رحمت	تمہارے رب	عزت والے

ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا۔ یا کیا ان کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں جو غالب اور بہت

الْوَهَّابِ ۝۹ۚ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا

الْوَهَّابِ	اَمْ	لَهُمْ	مُّلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	فَلْيَرْتَقُوْا
عطا کرنے والے کے	کیا	ان کیلئے	بادشاہی ہے	آسمانوں	اور زمین کی	اور جو	انکے درمیان ہے	تو چڑھ جائیں

عطا کرنے والا ہے؟ یا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان پر ان کی بادشاہت ہے؟ تب تو انہیں رسیاں باندھ

فِي الْاَسْبَابِ ۝۱۰ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۝۱۱ كَذَّبَتْ

فِي الْاَسْبَابِ	جُنْدٌ	مَّا	هُنَالِكَ	مَهْزُوْمٌ	مِّنَ الْاَحْزَابِ	كَذَّبَتْ
رسیوں سے	لشکر ہے	یہ	اس جگہ	شکست دیا گیا	لشکروں سے	جھٹلایا

کر اوپر چڑھ جانا چاہیے۔ (یہ) (کافر کے) لشکروں میں سے حقیر لشکر ہے اسی جگہ شکست خوردہ ہونے والا۔ ان سے پہلے

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۝۱۲ۙ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ

قَبْلَهُمْ	قَوْمُ	نُوْحٍ	وَّ	عَادٌ	وَّ	فِرْعَوْنُ	ذُو الْاَوْتَادِ	وَ	ثَمُوْدُ	وَقَوْمُ	لُوْطٍ
ان سے پہلے	قوم	نوح نے	اور	عاد نے	اور	فرعون	میخوں والے نے	اور	ثمود	اور قوم	لوط

جھٹلا چکے ہیں نوح علیہ السلام کے (منکر) لوگ اور عاد اور میخوں والا فرعون۔ اور ثمود اور لوط

وَّاَصۡحٰبُ لۡـئَیۡکَةِ ؕ اُولٰٓئِکَ الۡاَحۡزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنۡ کُلٌّ اِلَّا کَذَّبَ الرُّسُلَ

الرُّسُلَ	کَذَّبَ	اِلَّا	کُلٌّ	اِنۡ	الۡاَحۡزَابُ	اُولٰٓئِکَ	اَصۡحٰبُ لۡـئَیۡکَةِ	وَ
رسولوں کو	جھٹلایا	مگر	ہر ایک	بیشک نہیں	لشکر تھے	یہ وہ	بن والوں نے	اور

کی قوم اور ایکہ والے یہ ہیں وہ گروہ۔ ان میں کوئی ایسا نہیں جس نے رسولوں کو نہ جھٹلایا ہو تو ان پر میرا

فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ع وَمَا یَنۡظُرُ هٰۤـؤُلَآءِ اِلَّا صَیۡحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا

لَهَا	مَّا	وَّاحِدَةً	صَیۡحَةً	اِلَّا	هٰۤـؤُلَآءِ	یَنۡظُرُ	مَا	وَ	عِقَابِ	فَحَقَّ
اس کیلئے	نہیں	ایک کا	چنگھاڑ	مگر	یہ لوگ	انتظار کرتے	نہیں	اور	میرا عذاب	تو حق ہوا

عذاب نازل ہو کر رہا۔ اور یہ لوگ تو صرف ایک سخت چنگھاڑ کا انتظار کر رہے ہیں جس میں کوئی

مِنۡ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوۡا رَبَّنَا عَجِّلۡ لَّنَا قِطَّنَا قَبۡلَ یَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿۱۶﴾

الۡحِسَابِ	یَوۡمِ	قَبۡلَ	قِطَّنَا	لَّنَا	عَجِّلۡ	رَبَّنَا	قَالُوۡا	وَ	مِنۡ فَوَاقٍ
حساب سے	دن	پہلے	ہمارا حصہ	ہمارے لیے	جلدی کر	اے ہمارے رب	بولے	اور	کوئی دیر

وقفہ نہیں ہوگا۔ اور کہتے ہیں ہمارے رب! ہمارا حصہ روزِ حساب سے پہلے ہی ہمیں جلدی سے دے دے۔

اِصۡبِرۡ عَلٰی مَا یَقُوۡلُوۡنَ وَاذۡکُرۡ عَبۡدَنَا دَاوٗدَ ذَا الۡاَیۡدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾

اَوَّابٌ	اِنَّهٗۤ	ذَا الۡاَیۡدِ	دَاوٗدَ	عَبۡدَنَا	وَاذۡکُرۡ	یَقُوۡلُوۡنَ	مَا	عَلٰی	اِصۡبِرۡ
بہت رجوع کرنے والا	بیشک تھا	جو طاقت والا تھا	داؤد کو	بندے ہمارے	اور یاد کرو	کہتے ہیں	اسکے جو	اوپر	صبر کرو

آپ صبر کیجئے ان کی (بیہودہ) باتوں پر اور یاد کیجئے ہمارے طاقتور بندے داؤد علیہ السلام کو بے شک وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والے ہیں۔

اِنَّا سَخَّرۡنَا الۡجِبَالَ مَعَهٗ یُسَبِّحۡنَ بِالۡعَشِیِّ وَالۡاِشۡرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّیۡرَ

وَالطَّیۡرَ	الۡاِشۡرَاقِ	وَ	بِالۡعَشِیِّ	یُسَبِّحۡنَ	مَعَهٗ	الۡجِبَالَ	سَخَّرۡنَا	اِنَّا
اور پرندے	پہلے پہر	اور	پچھلے پہر	وہ تسبیح کرتے	اسکے ساتھ	پہاڑ	مسخر کیے	بیشک ہم نے

بیشک ہم نے پہاڑوں کو ان کے ساتھ تابع کر دیا وہ تسبیح کرتے تھے شام کو اور سورج طلوع ہوتے (وقت)۔ اور پرندے جمع کیے

مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ

مَحْشُوْرَةً	كُلٌّ	لَّهٗ	اَوَّابٌ	وَ	شَدَدْنَا	مُلْكَهٗ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْحِكْمَةَ	وَ	فَصْلَ
اکٹھے کیے ہوئے	ہر ایک	اسکے	تابع تھا	اور	مضبوط کی ہم نے	اس کی سلطنت	اور دی ہم نے اسکو	حکمت	اور	فیصلہ

ہوئے سب اس کے فرمانبردار تھے۔ اور ہم نے ان کی سلطنت کو مضبوط کیا اور انہیں حکمت اور قول

الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ

الْخِطَابِ	وَ	هَلْ	اَتٰىكَ	نَبَؤُا	الْخَصْمِ	اِذْ	تَسَوَّرُوا	الْمِحْرَابَ	اِذْ
قول	اور	کیا	آئی تمہارے پاس	بات	جھگڑنے والوں کی	جب	وہ دیوار کود کر آئے	محراب میں	جب

فیصل عطا کیا۔ اور کیا آپ کو دعویٰ کرنے والوں کی خبر پہنچی ہے؟ جب وہ دیوار پھاند کر عبادت خانے میں داخل ہوئے۔ جب

دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا

دَخَلُوْا	عَلٰى	دَاوٗدَ	فَفَزِعَ	مِنْهُمْ	قَالُوْا	لَا	تَخَفْ	خَصْمٰنِ	بَغٰى	بَعْضُنَا
داخل ہوئے	اوپر	داؤد کے	تو گھبرایا	ان سے	بولے	نہ	ڈر	ہم دو فریق ہیں	زیادتی کی	ہم میں سے بعض نے

وہ داؤد علیہ السلام کے پاس پہنچے تو وہ ان کی وجہ سے گھبرا گئے وہ بولے ڈرو مت ہم دو مدعی ہیں ہم میں سے

عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ

عَلٰى	بَعْضٍ	فَاحْكُمْ	بَيْنَنَا	بِالْحَقِّ	وَ	لَا	تُشْطِطْ	وَاهْدِنَآ	اِلٰى	سَوَآءِ
اوپر	بعض کے	تو فیصلہ کرو	ہمارے درمیان	حق سے	اور	نہ	زیادتی کرو	اور دکھاؤ ہم کو	طرف	سیدھی

ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے اب آپ ہمارے درمیان حق پر فیصلہ فرما دیں اور حد سے تجاوز نہ کرنا اور ہمیں

الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۣ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ

الصِّرَاطِ	اِنَّ	هٰذَآ	اَخِيْ	لَهٗ	تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ	نَعْجَةً	وَّلِيَ
راہ کے	بیشک	یہ	میرا بھائی ہے	اس کی	ننانوے	دنبیاں ہیں	اور میری

درست راہ دکھانا۔ بے شک یہ میرا بھائی ہے اس کی ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دنبی

نَعۡجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۟ فَقَالَ اَكۡفِلۡنِيۡهَا وَعَزَّنِىۡ فِى الۡخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدۡ ظَلَمَكَ

نَعۡجَةٌ وَّاحِدَةٌ	فَقَالَ	اَكۡفِلۡنِيۡهَا	وَعَزَّنِىۡ	فِى الۡخِطَابِ	قَالَ	لَقَدۡ	ظَلَمَكَ
ایک دنبی ہے	تو بولا	یہ بھی مجھے دیدے	اور غالب آیا مجھ پر	بات میں	فرمایا	بیشک	ظلم کیا تجھ پر

تو اس نے کہا وہ (بھی) مجھے دے دے اور گفتگو میں بھی مجھے دبا لیتا ہے۔ داؤد علیہ السلام نے فرمایا بے شک اس نے تجھ پر

بِسُؤَالِ نَعۡجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ الۡخُلَطَآءِ لَيَبۡغِىۡ

بِسُؤَالِ	نَعۡجَتِكَ	اِلٰى	نِعَاجِهٖ	وَ	اِنَّ	كَثِيۡرًا	مِّنَ الۡخُلَطَآءِ	لَيَبۡغِىۡ
مانگ کر	تیری دنبی	طرف	اپنی دنبیوں کے	اور	بیشک	بہت سے	ساجھی والے	سرکشی کرتے ہیں

زیادتی کی اپنی دنبیوں میں ملانے کیلئے تیری دنبی مانگ کر اور بے شک اکثر شریک ایک دوسرے پر ضرور زیادتی کرتے ہیں

بَعۡضُهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيۡلٌ

بَعۡضُهُمۡ	عَلٰى	بَعۡضٍ	اِلَّا	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَقَلِيۡلٌ
ان کے بعض	اوپر	بعض کے	مگر	وہ جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	اور تھوڑے ہیں

مگر جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے اور وہ بہت تھوڑے ہیں اور (اسی وقت) داؤد علیہ السلام نے گمان کیا کہ ہم نے

مَّا هُمۡ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسۡتَغۡفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ﴿۲۴﴾ السجدۃ

مَّا هُمۡ	وَظَنَّ	دَاوٗدُ	اَنَّمَا	فَتَنّٰهُ	فَاسۡتَغۡفَرَ	رَبَّهٗ	وَخَرَّ	رَاكِعًا	وَّاَنَابَ
وہ	اور گمان کیا	داؤد نے	کہ بیشک	آزمایا ہم نے اسکو	تو بخشش مانگی	اپنے رب سے	اور گر پڑا	سجدے میں	اور رجوع کیا

ان کی آزمائش کی تو (فوراً) انہوں نے اپنے رب سے مغفرت طلب کی اور سجدے میں گر گئے اور (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔

فَغَفَرۡنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾ يٰدَاوٗدُ اِنَّا

فَغَفَرۡنَا	لَهٗ	ذٰلِكَ	وَ	اِنَّ	لَهٗ	عِنۡدَنَا	لَزُلۡفٰى	وَحُسۡنَ	مَاٰبٍ	يٰدَاوٗدُ	اِنَّا
تو ہم نے بخش دیا	اس کو	یہ	اور	بیشک	اس کیلئے	پاس ہمارے	یقیناً قرب ہے	اور اچھی	جگہ	اے داؤد	بیشک

تو ہم نے اسے معاف فرمایا اور بے شک اس کیلئے ہماری بارگاہ میں ضرور قرب اور اچھا ٹھکانہ ہے۔ اے داؤد علیہ السلام!

جَعَلْنٰكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ

جَعَلْنٰكَ	خَلِيفَةً	فِي الْأَرْضِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَ	النَّاسِ	بِالْحَقِّ	وَ	لَا	تَتَّبِعِ
بنایا ہم نے تجھ کو	خلیفہ	زمین میں	تو فیصلہ کر	درمیان	لوگوں کے	انصاف سے	اور	نہ	پیروی کر

بے شک ہم نے تمہیں زمین میں نائب کیا تم لوگوں میں سچا حکم کیا کرو اور

الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَضِلُّونَ عَنْ سَبِيلِ

الْهَوٰى	فَيُضِلَّكَ	عَنْ سَبِيلِ	اللّٰهِ	إِنَّ	الَّذِينَ	يَضِلُّونَ	عَنْ سَبِيلِ
خواہش کی	تو وہ گمراہ کردے گی تجھ کو	راہ	خدا سے	بیشک	وہ جو	گمراہ ہوتے ہیں	راہ سے

خواہش کے پیچھے نہ جانا کہ تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دے گی بیشک وہ جو اللہ کی راہ سے بہکتے ہیں

اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

ع

اللّٰهِ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيدٌ	بِمَا	نَسُوا	يَوْمَ	الْحِسَابِ	وَ	مَا	خَلَقْنَا	السَّمَآءَ
خدا کے	ان کیلئے	عذاب ہے	سخت	بدلہ اسکا کہ	وہ بھولے	دن	حساب کا	اور	نہیں	پیدا کیا ہم نے	آسمان

ان کیلئے سخت عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ حساب کے دن کو بھول بیٹھے ہیں۔ اور ہم نے آسمان

وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ

وَ	الْأَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا	بَاطِلًا	ذٰلِكَ	ظَنُّ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	فَوَيْلٌ	لِلَّذِينَ
اور	زمین کو	اور	جو	انکے درمیان ہے	بیکار	یہ	گمان ہے	ان کا جو	کافر ہیں	تو خرابی ہے	ان کو جو

اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بیکار نہیں بنایا یہ کافروں کا خیال ہے اور

كَفَرُوا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

كَفَرُوا	مِنَ النَّارِ	أَمْ	نَجْعَلُ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
کافر ہیں	آگ سے	کیا	بنائیں گے ہم	ان کو جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے

کافروں کیلئے آگ کی خرابی ہے۔ کیا ہم ان کو جو ایمان لاتے اور اچھے کام کرتے ہیں زمین میں فساد مچانے

كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتٰبٌ

كَالْمُفْسِدِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	نَجْعَلُ	الْمُتَّقِيْنَ	كَالْفُجَّارِ	كِتٰبٌ
فساد کرنیوالوں کی طرح	زمین میں	کیا	بنائیں گے ہم	پرہیزگاروں کو	شریروں کی طرح	یہ کتاب ہے

والوں کی طرح کر دیں گے یا پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح کر دیں گے؟ (یہ قرآن) برکت والی کتاب ہے

اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾ وَوَهَبْنَا

اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	مُبٰرَكٌ	لِّيَدَّبَّرُوْٓا	اٰيٰتِهٖ	وَلِيَتَذَكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ	وَوَهَبْنَا
اتارا ہم نے اسکو	آپ کی طرف	برکت والی	تاکہ غور کریں	اسکی آیتوں پر	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے	اور عطا فرمایا ہم نے

جو ہم نے آپ ﷺ کی طرف نازل فرمائی تاکہ وہ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ عقل مند لوگ نصیحت قبول کریں۔ اور ہم

لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

لِدَاوٗدَ	سُلَيْمٰنَ	نِعْمَ	الْعَبْدُ	اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ	اِذْ	عُرِضَ	عَلَيْهِ	بِالْعَشِيِّ
داؤد کو	سلیمان	اچھا	بندہ ہے	بیشک وہ ہے	رجوع کرنیوالا	جبکہ	پیش کیے گئے	اس پر	پچھلے پہر

نے داؤد علیہ السلام کو سلیمان علیہ السلام عطا فرمائے وہ کیا ہی اچھے بندے ہیں بے شک وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والے ہیں۔ جب شام کے

الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ

الصّٰفِنٰتُ	الْجِيَادُ	فَقَالَ	اِنِّيْٓ	اَحْبَبْتُ	حُبَّ	الْخَيْرِ	عَنْ ذِكْرِ	رَبِّيْ
تین پاؤں پر کھڑے	اچھے گھوڑے	تو کہا	بیشک میں نے	پسند کیے	اچھے	گھوڑے	یاد	اپنے رب کی سے

وقت ان کے سامنے تیز رو عمدہ گھوڑے پیش کیے گئے۔ تو سلیمان علیہ السلام نے فرمایا مجھے ان گھوڑوں کی محبت پسند آئی ہے اپنے

حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ

حَتّٰى	تَوَارَتْ	بِالْحِجَابِ	رُدُّوْهَا	عَلَيَّ	فَطَفِقَ	مَسْحًا	بِالسُّوْقِ
یہاں تک کہ	چھپ گئے	پردے میں	واپس بلاؤ اس کو	مجھ پر	تو شروع ہوا	چھونا	پنڈلی

رب کی یاد کیلئے پھر انہیں چلانے کا حکم دیا یہاں تک کہ نگاہ سے پردے میں چھپ گئے۔ انہیں میرے پاس واپس لاؤ اور وہ ان کی

وَالۡاَعۡنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدۡ فَتَنَّا سُلَیۡمٰنَ وَاَلۡقَیۡنَا عَلٰی کُرۡسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ

وَ	الۡاَعۡنَاقِ	وَ	لَقَدۡ	فَتَنَّا	سُلَیۡمٰنَ	وَ	اَلۡقَیۡنَا	عَلٰی	کُرۡسِیِّهٖ	جَسَدًا	ثُمَّ
اور	گردن کو	اور	بیشک	ہم نے آزمایا	سلیمان کو	اور	ڈال دیا	اوپر	اس کی کرسی کے	ایک جسم	پھر

پنڈلیوں اور گردنوں کو ملنے لگے۔ اور ہم نے سلیمان ؑ کو آزمایا اور اس کے تخت پر ایک جسم ڈال دیا پھر اس نے خدا

اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَهَبۡ لِیۡ مُلۡکًا لَّا یَنۡۢبَغِیۡ لِاَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِیۡ

اَنَابَ	قَالَ	رَبِّ	اغۡفِرۡ لِیۡ	وَهَبۡ	لِیۡ	مُلۡکًا	لَّا	یَنۡۢبَغِیۡ	لِاَحَدٍ	مِّنۡۢ بَعۡدِیۡ
رجوع لایا	عرض کی	اے میرے رب	بخش دے مجھ کو	اور عطا کر	مجھ کو	ایسی بادشاہی	نہ	لائق ہو	کسی کیلئے	میرے بعد

کی طرف رجوع کیا۔ عرض کی اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھے ایسی بادشاہی عطا فرما کہ میرے بعد کسی کیلئے لائق نہ ہو

اِنَّکَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرۡنَا لَهُ الرِّیۡحَ تَجۡرِیۡ بِاَمۡرِهٖ رُخَآءً

اِنَّکَ	اَنۡتَ	الۡوَهَّابُ	فَسَخَّرۡنَا	لَهُ	الرِّیۡحَ	تَجۡرِیۡ	بِاَمۡرِهٖ	رُخَآءً
بیشک تو	تو ہی ہے	عطا کرنے والا	تو تابع کیا ہم نے	اس کے	ہوا کو	وہ چلتی تھی	اسکے حکم سے	نرم نرم

بے شک تو ہی بہت دینے والا ہے۔ تو ہم نے ان کیلئے ہوا کو مسخر کر دیا وہ ان کے حسب فرمان نرمی سے چلتی تھی جہاں

حَیۡثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّیٰطِیۡنَ کُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِیۡنَ

حَیۡثُ	اَصَابَ	وَ	الشَّیٰطِیۡنَ	کُلَّ	بَنَّآءٍ	وَ	غَوَّاصٍ	وَّاٰخَرِیۡنَ
جہاں	وہ چاہتا	اور	دیو	ہر ایک	معمار	اور	غوطہ خور	اور دوسرے جو

وہ ارادہ فرماتے تھے۔ اور شیاطین ان کے بس میں کر دیئے ہر طرح کے معمار اور غوطہ خور۔ اور دوسرے جو بیڑیوں

مُقَرَّنِیۡنَ فِی الۡاَصۡفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامۡنُنۡ اَوۡ اَمۡسِکۡ بِغَیۡرِ

مُقَرَّنِیۡنَ	فِی الۡاَصۡفَادِ	هٰذَا	عَطَآؤُنَا	فَامۡنُنۡ	اَوۡ	اَمۡسِکۡ	بِغَیۡرِ
جکڑے ہوئے	زنجیروں میں	یہ ہے	عطا ہماری	تو دے کسی کو	یا	نہ دے	بغیر

میں جکڑے ہوئے تھے۔ یہ ہے ہماری عطا اب احسان کرو یا روک لو

حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ

حِسَابٍ	وَ	اِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَ	حُسْنَ	مَاٰبٍ	وَ	اذْكُرْ	عَبْدَنَآ
حساب کے	اور	بیشک	اس کیلئے ہے	ہمارے پاس	قرب	اور	اچھا	ٹھکانا	اور	یاد کرو	ہمارے بندے

کوئی حساب نہیں۔ اور یقیناً اس کے لیے ہمارے ہاں قرب ہے اور بہتر انجام۔ اور یاد کیجئے ہمارے بندے ایوب علیہ السلام کو

اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾

اَيُّوْبَ	اِذْ	نَادٰى	رَبَّهٗ	اَنِّىْ	مَسَّنِىَ	الشَّيْطٰنُ	بِنُصْبٍ	وَّ	عَذَابٍ
ایوب کو	جبکہ	پکارا اس نے	اپنے رب کو	بیشک	چھوا مجھے	شیطان نے	تکلیف	اور	ایذا لگا دی مجھے

جب انہوں نے اپنے رب سے فریاد کی کہ شیطان نے مجھے بڑی اذیت اور سخت تکلیف پہنچائی ہے۔

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ

اُرْكُضْ	بِرِجْلِكَ	هٰذَا	مُغْتَسَلٌ	بَارِدٌ	وَّ	شَرَابٌ	وَوَهَبْنَا	لَهٗ	اَهْلَهٗ
مار زمین پر	اپنا پاؤں	یہ	چشمہ ہے نہانے کا	ٹھنڈا	اور	پینے کا	اور عطا کیا ہم نے	اسکو	اسکے گھر والے

(ہم نے حکم دیا) زمین پر اپنا پاؤں مارو یہ ٹھنڈا چشمہ ہے نہانے اور پینے کیلئے۔ اور ہم نے اسے اس کے گھر والے اور ان کے

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ

وَ	مِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَذِكْرٰى	لِاُولِى الْاَلْبَابِ	وَ	خُذْ	بِيَدِكَ
اور	مثل ان کی	انکے ساتھ	یہ رحمت ہے	ہماری طرف سے	اور نصیحت ہے	عقلمندوں کے لیے	اور	پکڑ	اپنے ہاتھ میں

برابر اور عطا فرما دیئے اپنی طرف سے رحمت کے طور پر اور عقل والوں کیلئے نصیحت کے طور پر۔ اور فرمایا کہ اپنے ہاتھ

ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ

ضِغْثًا	فَاضْرِبْ	بِّهٖ	وَلَا	تَحْنَثْ	اِنَّا	وَجَدْنٰهُ	صَابِرًا	نِعْمَ	الْعَبْدُ	اِنَّهٗ
جھاڑو	تو مار	اس کو	اور نہ	قسم توڑ	بیشک ہم نے	پایا اس کو	صبر کرنے والا	اچھا	بندہ ہے	بیشک تھا وہ

میں ایک جھاڑو لے کر اس سے مار اور قسم نہ توڑ بیشک ہم نے اسے صابر پایا کیا خوب اچھا بندہ بیشک وہ بہت

اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ

اَوَّابٌ	وَ	اذْكُرْ	عِبٰدَنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	اُولِي الْاَيْدِيْ
بڑا رجوع کرنے والا	اور	یاد کرو	ہمارے بندوں	ابراہیم	اور	اسحاق	اور یعقوب کو	قدرت والے

رجوع کرنے والے تھے۔ اور ہمارے اصحاب بصیرت اور قوت والے بندوں ابراہیم علیہ السلام، اسحاق علیہ السلام اور

وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا

وَ	الْاَبْصَارِ	اِنَّآ	اَخْلَصْنٰهُمْ	بِخَالِصَةٍ	ذِكْرَى	الدَّارِ	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا
اور	علم والوں کو	بیشک	ہم نے انکو امتیاز بخشا	کھری بات سے	وہ ہے یاد	اس گھر کی	اور	بیشک وہ	ہمارے نزدیک

یعقوب علیہ السلام کا ذکر کیجئے۔ ہم نے انہیں اس گھر کی یاد کیلئے خاص کر لیا تھا۔ اور بے شک وہ (سب) ہماری بارگاہ میں

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ	الْاَخْيَارِ	وَ	اذْكُرْ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ	الْيَسَعَ	وَذَا الْكِفْلِ
برگزیدہ اور	پسندیدہ لوگوں سے ہیں	اور	یاد کرو	اسمٰعیل	اور	الیسع	اور ذوالکفل کو

ضرور برگزیدہ پسندیدہ بندوں میں سے ہیں۔ اور یاد کیجئے اسماعیل علیہ السلام اور الیسع علیہ السلام اور ذوالکفل علیہ السلام کو اور (یہ) سب

وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ هٰذَا ذِكْرٌ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾

وَكُلٌّ	مِّنَ الْاَخْيَارِ	هٰذَا	ذِكْرٌ	وَ	اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	لَحُسْنَ	مَاٰبٍ
اور یہ سب	پسندیدہ لوگ تھے	یہ	نصیحت ہے	اور	بیشک	پرہیزگاروں کیلئے	اچھا	ٹھکانہ ہے

پسندیدہ لوگوں میں سے ہیں۔ یہ نصیحت ہے اور بے شک پرہیزگاروں کا ٹھکانا بہت ہی بھلا ہے۔

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا

جَنّٰتِ	عَدْنٍ	مُّفَتَّحَةً	لَّهُمُ	الْاَبْوَابُ	مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا
باغ	ہمیشہ رہنے کے	کھلے ہونگے	ان کیلئے	دروازے	تکیہ لگائے ہونگے	اس میں	مانگیں گے	اس میں

رہنے کے باغ ان کیلئے سب دروازے کھلے ہوئے ہوں گے۔ وہ وہاں تکیے لگائے اس میں

بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾

أَتْرَابٌ	الطَّرْفِ	قَاصِرَاتُ	وَعِندَهُمْ	شَرَابٍ	وَّ	كَثِيرَةٍ	بِفَاكِهَةٍ
ہم عمر بیویاں	نگاہ والی	نیچی	اور پاس انکے ہوں گی	شربت	اور	بہت	پھل

بہت سے میوے اور مشروب طلب کریں گے۔ اور ان کے پاس نیچی نظروں والی (باحیا) ہم عمر عورتیں ہوں گی۔

هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾

مِن نَّفَادٍ	لَهُ	مَا	لَرِزْقُنَا	هَٰذَا	إِنَّ	الْحِسَابِ	لِيَوْمِ	تُوعَدُونَ	مَا	هَٰذَا
ختم ہونا	اس کو	نہیں ہے	ہماری روزی ہے	یہ	بیشک	حساب کا	دن	وعدہ دیے جاتے تھے	جو	یہ ہے

(ایمان والو!) یہ ہیں وہ نعمتیں جن کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے روز حساب کیلئے۔ بے شک یہ ضرور ہمارا رزق ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ ﴿٥٥﴾ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ

فَبِئْسَ	يَصْلَوْنَهَا	جَهَنَّمَ	مَآبٍ	لَشَرَّ	لِلطَّاغِينَ	إِنَّ	وَ	هَٰذَا
تو برا ہے	داخل ہوں گے اس میں	جہنم	ٹھکانہ ہے	برا	سرکشوں کا	بیشک	اور	یہ ہے

ان کیلئے تو یہ ہے اور بے شک سرکشوں کا بُرا ٹھکانا۔ جہنم کہ اس میں جائیں گے تو کیا ہی بُرا

الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾ وَآخَرُ مِن شَكْلِهِ

مِن شَكْلِهِ	آخَرُ	وَّ	وَغَسَّاقٌ	حَمِيمٌ	فَلْيَذُوقُوهُ	هَٰذَا	الْمِهَادُ
اس کی شکل سے	اور بھی	اور	اور پیپ	کھولتا پانی	چکھو اس کو	یہ ہے	بچھونا

بچھونا ہے۔ ہاں یہی اب وہ اس کا مزا چکھیں کھولتا ہوا پانی ہے اور پیپ ہے۔ اور اسی شکل میں طرح طرح

أَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾ هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ صَالُو

صَالُوا	إِنَّهُمْ	بِهِمْ	مَرْحَبًا	لَا	مَّعَكُمْ	مُّقْتَحِمٌ	فَوْجٌ	هَٰذَا	أَزْوَاجٌ
ملنے والے ہیں	بیشک وہ	ان کو	مبارک ہو	نہ	تمہارے ساتھ	داخل ہونے والی	فوج ہے	یہ	ملتی جلتی

کی چیزیں۔ (جہنمی اپنے ساتھیوں کو آتے ہوئے دیکھ کر آپس میں کہیں گے) یہ ایک (اور) فوج تمہارے ساتھ (جہنم میں) گھستی چلی آرہی ہے

النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا فَبِئْسَ

النَّارِ	قَالُوْا	بَلْ	اَنْتُمْ	لَا	مَرْحَبًا	بِكُمْ	اَنْتُمْ	قَدَّمْتُمُوْهُ	لَنَا	فَبِئْسَ
آگ کو	کہیں گے	بلکہ	تم ہی ہو	نہ	مبارک ہو	تم کو	تم نے	آگے بھیجا	ہمارے لیے	تو برا ہے

ان کو کوئی خوش آمدید نہیں بے شک وہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ (آنے والے) کہیں گے بلکہ تم ہی ہو کہ تمہیں کوئی خوش آمدید نہیں یہ (عذاب)

الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾

الْقَرَارُ	قَالُوْا	رَبَّنَا	مَنْ	قَدَّمَ	لَنَا	هٰذَا	فَزِدْهُ	عَذَابًا	ضِعْفًا	فِي النَّارِ
ٹھکانہ	بولے	اے ہمارے رب	جس نے	آگے بھیجا	ہمارے لیے	یہ	تو زیادہ دے اسکو	عذاب	دگنا	آگ میں

ہمارے آگے تم ہی لائے تو (یہ) کیا ہی بری قرارگاہ ہے۔ وہ بولے اے ہمارے رب! جو یہ مصیبت ہمارے آگے لایا اسے آگ میں دگنا عذاب بڑھا دے۔

وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ

وَ	قَالُوْا	مَا لَنَا	لَا	نَرٰى	رِجَالًا	كُنَّا	نَعُدُّهُمْ	مِّنَ الْاَشْرَارِ	اَتَّخَذْنٰهُمْ
اور	بولے	کیا ہوا ہمیں کہ	نہیں	دیکھتے ہم	ان آدمیوں کو کہ	ہم	گنتے تھے ان کو	شریر لوگوں سے	کیا بنایا ہم نے انکو

اور بولے ہمیں کیا ہوا ہم ان مردوں کو نہیں دیکھتے جنہیں برا سمجھتے تھے۔ کیا ان سے ہمارا مذاق

سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾ ع

سِخْرِيًّا	اَمْ	زَاغَتْ	عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَحَقٌّ	تَخَاصُمُ	اَهْلِ النَّارِ
ٹھٹھا	یا	پھر گئیں	ان سے	آنکھیں	بیشک	یہ	حق ہے	جھگڑنا	دوزخ والوں کا

ہی تھا یا ان سے آنکھیں پھر گئی ہیں؟ دوزخ والوں کی یہ تکرار یقیناً سچ ہے۔

قُلْ اِنَّمَا اَنَا مُنْذِرٌ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ

قُلْ	اِنَّمَا	اَنَا	مُنْذِرٌ	وَّمَا	مِنْ اِلٰهٍ	اِلَّا	اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	رَبُّ
فرمادیں	صرف	میں	ڈرسنانے والا ہوں	اور نہیں	کوئی معبود	مگر	اللہ	اکیلا	زبردست	رب ہے

فرمادیجئے میں تو صرف ڈرسنانے والا ہوں اور کوئی معبود نہیں بجز اللہ کے جو ایک ہے سب پر غالب۔ پروردگار

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَمَا	بَیْنَهُمَا	الْعَزِیْزُ	الْغَفَّارُ	قُلْ	هُوَ	نَبَؤٌا
آسمانوں کا	اور	زمین کا	اور کچھ	انکے درمیان ہے	غالب	بخشنے والا	فرماؤ	وہ	خبر ہے

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بڑی عزت والا بہت بخشنے والا ہے۔ فرما دیجئے وہ

عَظِیْمٌ ﴿٦٧﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾ مَا كَانَ لِیَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى

عَظِیْمٌ	اَنْتُمْ	عَنْهُ	مُعْرِضُوْنَ	مَا	كَانَ	لِیَ	مِنْ	عِلْمٍ	بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى
بہت بڑی	تم	اس سے	منہ پھیرتے ہو	نہیں	ہے	مجھے	کوئی	علم	عالم بالا کا

بڑی خبر ہے۔ تم اس سے منہ پھیرے ہوئے ہو۔ مجھے تو عالم بالا کی جماعت (ملائکہ) کی کوئی خبر نہ تھی جب وہ (تخلیق آدم

اِذْ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اِنْ یُّوْحٰٓى اِلَیَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿٧٠﴾ اِذْ

اِذْ	یَخْتَصِمُوْنَ	اِنْ	یُّوْحٰٓى	اِلَیَّ	اِلَّآ	اَنَّمَآ	اَنَا	نَذِیْرٌ	مُّبِیْنٌ	اِذْ
جب	جھگڑتے تھے	نہیں	وحی کی جاتی	میری طرف	مگر	یہ کہ	میں	ڈرانے والا ہوں	روشن	جب

کے بارے میں) جھگڑ رہے تھے۔ مجھے تو صرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ میں فقط ایک صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ جب

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِیْنٍ ﴿٧١﴾ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ

قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّیْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ طِیْنٍ	فَاِذَا	سَوَّیْتُهٗ
فرمایا	تمہارے رب نے	فرشتوں کو	بیشک میں	پیدا کرنے والا ہوں	آدمی	مٹی سے	پھر جب	میں درست کرلوں اسے

آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا، بے شک میں مٹی سے بشر بنانے والا ہوں۔ تو جب میں اسے درست کرلوں

وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿٧٢﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ

وَ	نَفَخْتُ	فِیْهِ	مِنْ رُّوْحِیْ	فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِیْنَ	فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ
اور	پھونک دوں	اس میں	اپنی روح	تو گر پڑو	اسکے کیلئے	سجدہ کرتے	تو سجدہ کیا	فرشتوں نے

اور اس میں اپنی طرف کی (خاص) روح پھونک دوں تو تم اس کیلئے سجدہ کرتے ہوئے گر جانا۔ پس تمام فرشتے بحکم رب

كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿٧٤﴾ قَالَ

كُلُّهُمْ	أَجْمَعُونَ	إِلَّا	إِبْلِيسَ	اسْتَكْبَرَ	وَ	كَانَ	مِنَ الْكَافِرِينَ	قَالَ
ان سب نے	اکٹھے سب نے	مگر	ابلیس نے	تکبر کیا	اور	وہ تھا	کافروں سے	فرمایا

العالمین سجدے میں گر پڑے۔ مگر ابلیس اس نے تکبر کیا اور کافروں میں ہو گیا۔ اس نے

يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ

يَا إِبْلِيسُ	مَا	مَنَعَكَ	أَنْ	تَسْجُدَ	لِمَا	خَلَقْتُ	بِيَدَيَّ	أَسْتَكْبَرْتَ	أَمْ
اے ابلیس	کس نے	روکا تجھ کو	یہ کہ	تو سجدہ کرے	اس کو کہ	پیدا کیا میں نے	اپنے ہاتھ سے	کیا تو نے تکبر کیا	یا

فرمایا ابلیس! تجھے کس چیز نے اسے سجدہ کرنے سے روکا جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا؟ کیا تو نے تکبر کیا یا تو عالی

كُنْتَ مِنَ الْعَالِينَ ﴿٧٥﴾ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِنْهُ خَلَقْتَنِي مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ

كُنْتَ	مِنَ الْعَالِينَ	قَالَ	أَنَا	خَيْرٌ	مِنْهُ	خَلَقْتَنِي	مِنْ نَارٍ	وَ	خَلَقْتَهُ
ہے تو	سرکش لوگوں میں سے	بولا	میں	بہتر ہوں	اس سے	پیدا کیا تو نے مجھے	آگ سے	اور	پیدا کیا اسکو

مرتبہ والوں میں سے ہے؟ اس نے کہا میں اس سے بہتر ہوں، مجھے تو نے آگ سے بنایا اور اسے

مِنْ طِينٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ﴿٧٧﴾ وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِي

مِنْ طِينٍ	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا	فَإِنَّكَ	رَجِيمٌ	وَ	إِنَّ	عَلَيْكَ	لَعْنَتِي
مٹی سے	فرمایا	نکل جا	اس سے	بیشک تو	مردود ہے	اور	بیشک	تجھ پر	میری لعنت ہے

مٹی سے بنایا۔ فرمایا تو اس (جنت) سے نکل جا کہ بے شک تو مردود ہو گیا۔ اور بے شک تجھ پر میری لعنت ہے

إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ﴿٧٨﴾ قَالَ رَبِّ فَأَنْظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿٧٩﴾ قَالَ فَإِنَّكَ

إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ	قَالَ	رَبِّ	فَأَنْظِرْنِي	إِلَىٰ يَوْمِ	يُبْعَثُونَ	قَالَ	فَإِنَّكَ
قیامت کے دن تک	بولا	اے میرے رب	مہلت دے مجھ کو	دن تک	اٹھنے کے	فرمایا	بیشک تو

قیامت کے دن تک۔ کہنے لگا اے میرے رب! مجھے قیامت کے دن تک کی مہلت عنایت کیجئے۔ رب نے ارشاد فرمایا جا تجھے

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ	اِلٰى يَوْمِ	الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ	قَالَ	فَبِعِزَّتِكَ	لَاُغْوِيَنَّهُمْ
مہلت والوں سے ہے	دن تک	وقت مقرر کے	بولا	تیری عزت کی قسم	میں انکو گمراہ کرونگا

مہلت دیدی جاتی ہے۔ اس روز تک جس کا ایک وقت مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس نے کہا تیرے غلبہ کی قسم! میں ان

اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾ قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ

اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِيْنَ	قَالَ	فَالْحَقُّ	وَ	الْحَقَّ
سب کو	مگر	تیرے بندے	ان میں سے	چنے ہوئے	فرمایا	سچی بات سن	اور	سچ ہی

سب کو بہکاؤں گا۔ مگر جو ان میں تیرے برگزیدہ بندے ہیں۔ فرمایا تو حق یہ ہے اور میں حق

اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾

اَقُوْلُ	لَاَمْلَئَنَّ	جَهَنَّمَ	مِنْكَ	وَ	مِمَّنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	اَجْمَعِيْنَ
میں کہتا ہوں	میں ضرور بھردونگا	جہنم کو	تجھ سے	اور	ان سے جو	پیروی کریں تیری	ان میں سے	سب سے

ہی فرماتا ہوں۔ کہ میں ضرور جہنم کو تجھ سے اور ان تمام لوگوں سے بھردوں گا جنھوں نے ان میں سے تیری پیروی کی ہے۔

قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾ اِنْ

قُلْ	مَآ	اَسْئَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ	اَجْرٍ	وَ	مَآ	اَنَا	مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ	اِنْ
فرماؤ	نہیں	مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی	اجرت	اور	نہیں	میں	بناوٹ والوں میں سے	نہیں

فرما دیجئے میں اس قرآن پر تم سے کچھ اجر نہیں مانگتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں۔ یہ تو

هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾

هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَ	لَتَعْلَمُنَّ	نَبَاَهٗ	بَعْدَ	حِيْنٍ
وہ	مگر	نصیحت	جہانوں کیلئے	اور	ضرور جانوگے تم	اس کی خبر	بعد	ایک وقت کے

جہان والوں کیلئے ایک نصیحت ہے۔ اور ایک وقت کے بعد تم ضرور اس کی خبر جان لو گے۔

آیاتها ۷۵ ﴿۳۹ سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ ۵۹﴾ رکوعاتها ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ	اِنَّآ	اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ
اتارنا ہے	کتاب کا	اللہ کی طرف سے	عزت والے	حکمت والے	بیشک	ہم نے اتارا	آپ کی طرف	کتاب کو

اس کتاب کا نزول عزت و حکمت والے اللہ کی طرف سے ہے۔ بے شک ہم نے آپ کی طرف یہ کتاب حق کے ساتھ نازل فرما

بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝۲ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ

بِالْحَقِّ	فَاعْبُدِ	اللّٰهَ	مُخْلِصًا	لَهُ	الدِّيْنَ	اَلَا	لِلّٰهِ	الدِّيْنُ	الْخَالِصُ
حق کے ساتھ	سو عبادت کرو	اللہ کی	خالص کرتا ہوا	اس کیلئے	دین	خبردار	اللہ کیلئے ہے	دین	خالص

دی ہے تو اللہ کی عبادت کرو اس کیلئے طاعت بندگی کو خالص رکھتے ہوئے۔ سنو! خالص اطاعت اللہ ہی کا حق ہے مگر جن لوگوں

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ

وَ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءَ	مَا	نَعْبُدُهُمْ	اِلَّا	لِيُقَرِّبُوْنَآ	اِلَى اللّٰهِ
اور	وہ جنہوں نے	بنا لیے	اس کے سوا	کارساز	نہیں	عبادت کرتے ہم انکی	مگر	تاکہ قریب کریں ہم کو	اللہ کی طرف

نے اس کے سوا رفیق بنا رکھے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو ان کی عبادت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں

زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۬ؕ اِنَّ اللّٰهَ

زُلْفٰى	اِنَّ	اللّٰهَ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فِيْ مَا	هُمْ	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ
نزدیک	بیشک	اللہ	فیصلہ کرے گا	انکے درمیان	اس چیز میں کہ	وہ	اس میں	اختلاف کر رہے ہیں	بیشک	اللہ

اللہ کے قریب کر دیں اللہ ہی ان کے درمیان ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں فیصلہ کرے گا

وقف لازم

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى

لَا يَهْدِيْ	مَنْ هُوَ	كٰذِبٌ	كَفَّارٌ	لَوْ اَرَادَ	اللّٰهُ	اَنْ	يَّتَّخِذَ	وَلَدًا	لَّاصْطَفٰى
نہیں ہدایت دیتا	اس کو جو کہ وہ	جھوٹا	ناشکرا ہو	اگر ارادہ کرے	اللہ	یہ کہ	بنائے	اولاد	تو چن لیتا

بے شک اللہ کسی جھوٹے ناشکرے کو راہ ہدایت نہیں دکھاتا۔ اگر اللہ کسی کو بیٹا بنانا چاہتا تو اس میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے جسے

مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ سُبْحٰنَهٗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۴ خَلَقَ

مِمَّا	يَخْلُقُ	مَا	يَشَآءُ	سُبْحٰنَهٗ	هُوَ	اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	خَلَقَ
اس سے جو	پیدا کرتا ہے	جو	چاہے	پاک ہے	وہ	اللہ	اکیلا ہے	زبردست	پیدا کیا اس نے

چاہتا چن لیتا وہ پاک ہے (اولاد سے) وہی اللہ ہے اکیلا اور طاقت والا۔ اس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	يُكَوِّرُ	الَّيْلَ	عَلَى النَّهَارِ	وَ	يُكَوِّرُ	النَّهَارَ
آسمانوں کو	اور	زمین کو	حق کے ساتھ	لپیٹتا ہے	رات کو	دن پر	اور	لپیٹتا ہے	دن کو

آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا وہ لپیٹتا ہے رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر

عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى اَلَا هُوَ

عَلَى الَّيْلِ	وَ	سَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	اَلَا	هُوَ
رات پر	اور	مسخر کیا	سورج	اور چاند کو	ہر ایک	چلتا ہے	مدت	مقرر تک	خبردار	وہ ہے

اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کر رکھا ہے جاری ہے مقرر کی ہوئی مدت تک خبردار وہی بڑی

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝۵ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا

الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ	ثُمَّ	جَعَلَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا
عزت والا	بخشنے والا	پیدا کیا تم کو	ایک جان سے	پھر	بنایا	اس سے	اسکی بیوی کو

عزت والا بہت بخشنے والا ہے۔ اس نے تم سب کو ایک جان سے پیدا فرمایا پھر اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور (اپنی قدرت

وانزل لكم من الانعام ثمنية ازواج ؕ يخلقكم في بطون امهتكم

وَ	اَنْزَلَ	لَكُمْ	مِنَ الْاَنْعَامِ	ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ	يَخْلُقُكُمْ	فِيْ بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ
اور	اتارے	تمہارے لیے	چارپائے	آٹھ	جوڑے	پیدا کرتا ہے تم کو	پیٹوں میں	اپنی ماؤں کے

ے) تمہارے لئے چوپایوں میں سے آٹھ نر و مادہ اُتارے وہ تمہیں بناتا ہے تمہاری ماؤں کے پیٹ میں ایک پیدائش کے بعد

خلقا من بعد خلق في ظلمت ثلث ؕ ذلكم الله ربكم له الملك ؕ

خَلْقًا	مِنْۢ بَعْدِ	خَلْقٍ	فِيْ ظُلُمٰتٍ	ثَلٰثٍ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ	الْمُلْكُ
پیدائش	بعد	پیدائش کے	اندھیریوں میں	تین	یہ ہے	اللہ	تمہارا رب	اسی کی	بادشاہت

دوسری پیدائش (اس کو تین تاریکیوں کے پردے میں عمل فرماتا ہے) یہ ہے (عظمت والا) اللہ تمہارا رب اسی کی سلطنت ہے

لا اله الا هو ۚ فانى تصرفون ﴿۶﴾ ان تكفروا فان الله غني عنكم قف

لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ	اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنْكُمْ
نہیں	کوئی معبود	مگر	وہ	تو کہاں	پھیرے جاتے ہو	اگر	تم کفر کرو	تو بیشک	اللہ	بے نیاز ہے	تم سے

اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں (حق سے) پھیرے جا رہے ہو۔ اگر تم ناشکری کرو تو بے شک اللہ بے نیاز ہے تم سے اور

ولا يرضى لعباده الكفر ۚ وان تشكروا يرضه لكم ؕ ولا تزر وازرة وزر

وَ	لَا	يَرْضٰى	لِعِبَادِهِ	الْكُفْرَ	وَاِنْ	تَشْكُرُوْا	يَرْضَهُ	لَكُمْ	وَلَا	تَزِرُ	وَازِرَةٌ
اور	نہیں	پسند کرتا	اپنے بندوں کیلئے	کفر کو	اور اگر	تم شکر کرو	تو پسند کرتا ہے	تمہارے لیے	اور نہیں	بوجھ اٹھائے گا	کوئی بوجھ اٹھانے والا

اپنے بندوں کی ناشکری اسے پسند نہیں اور اگر شکر کرو تو اسے تمہارے لئے پسند فرماتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والی

اخرى ؕ ثم الى ربكم مرجعكم فينبئكم بما كنتم تعملون ؕ انه

وِّزْرَ	اُخْرٰى	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّهٗ
بوجھ	دوسرے کا	پھر	طرف	اپنے رب کی ہے	تمہارا لوٹنا	تو بتائے گا تم کو	جو	تھے تم	عمل کرتے	بیشک وہ

جان دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گی پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے تو وہ تمہیں بتا دے گا جو تم کرتے تھے

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ

عَلِيْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	وَ	اِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	ضُرٌّ	دَعَا	رَبَّهٗ	مُنِيْبًا	اِلَيْهِ	ثُمَّ
جاننے والا ہے	دلوں کی باتیں	اور	جب	پہنچتی ہے	انسان کو	تکلیف تو	پکارتا ہے	اپنے رب کو	رجوع کرتا ہوا	اسکی طرف	پھر

بے شک وہ دلوں کی بات جانتا ہے۔ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اسی کی طرف رجوع کرتے ہوئے

اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ

اِذَا	خَوَّلَهٗ	نِعْمَةً	مِّنْهُ	نَسِيَ	مَا	كَانَ	يَدْعُوْٓا	اِلَيْهِ	مِنْ قَبْلُ
جب	دیتا ہے اس کو	نعمت	اپنی طرف سے	بھول جاتا ہے	جو	تھا	پکارتا	طرف اسکی	پہلے سے

پکارتا ہے پھر جب (اللہ) اسے اپنی جانب سے کوئی نعمت بخش دیتا ہے تو وہ اس (تکلیف) کو بھول جاتا ہے جس کے لیے وہ پہلے

ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَاَمَّا

فَاَمَّا	خَافِيَةٌ	مِنْكُمْ	تَخْفٰى	لَا	تُعْرَضُوْنَ	يَوْمَئِذٍ	ثَمٰنِيَةٌ
پھر	کوئی چھپنے والی	تم سے	چھپے گی	نہیں	پیش کیے جاؤ گے تم	اس دن	آٹھ فرشتے

اوپر اٹھائیں گے۔ اس دن تم سب (اپنے رب کے حضور) پیش کیے جاؤ گے تم میں سے کوئی چھپنے والا چھپ نہ سکے گا۔ تو وہ جسے

مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّىْ

اِنِّىْ	كِتٰبِيَهْ	اقْرَءُوْا	هَآؤُمُ	فَيَقُوْلُ	بِيَمِيْنِهٖ	كِتٰبَهٗ	اُوْتِیَ	مَنْ
بیشک میں نے	میری کتاب	پڑھو	آؤ	تو کہے گا	داہنے ہاتھ میں	اپنا نامۂ اعمال	دیا گیا	جو کوئی

اس کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا کہے گا لو میرا نامۂ اعمال پڑھو۔ مجھے یقین تھا

ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾

رَّاضِيَةٍ	فِىْ عِيْشَةٍ	فَهُوَ	حِسَابِيَهْ	مُلٰقٍ	اَنِّىْ	ظَنَنْتُ
خوش	عیش میں	تو وہ ہوگا	اپنے حساب کو	ملنے والا ہوں	بیشک میں	یقین کیا

کہ میں اپنے حساب کو پہنچوں گا۔ سو وہ پسندیدہ زندگی بسر کرے گا۔ ایک

فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًا بِمَآ

بِمَآ	هَنِيْٓـئًا	اشْرَبُوْا	وَ	كُلُوْا	دَانِيَةٌ	قُطُوْفُهَا	عَالِيَةٍ	فِىْ جَنَّةٍ
بدلے اس کے جو	رچتا	پیو	اور	کھاؤ	جھکے ہوں گے	اس کے خوشے	بلند	باغ میں

عالی شان باغ میں۔ جس کے (پھلوں کے) خوشے جھکے ہوئے ہونگے۔ کھاؤ اور پیو خوب مزے سے (اپنے) ان

اَسْلَفْتُمْ فِى الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ

بِشِمَالِهٖ	كِتٰبَهٗ	اُوْتِیَ	مَنْ	اَمَّا	وَ	فِى الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ	اَسْلَفْتُمْ
بائیں ہاتھ میں	اپنی کتاب	دیا گیا	جو	وہ	اور	گزشتہ دنوں میں	آگے بھیجا تم نے

(کاموں) کے بدلے جو گزرے ہوئے دنوں میں تم نے آگے بھیجے (تھے)۔ اور وہ جسے اس کا اپنا نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں دیا

فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿٢٥﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿٢٦﴾

فَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	لَمْ	اُوْتَ	كِتٰبِيَهْ	وَلَمْ	اَدْرِ	مَا	حِسَابِيَهْ
تو کہے گا	ہائے افسوس	نہ	دیا جاتا میں	اپنا نوشتہ	اور نہ	جانتا میں	کیا ہے	میرا حساب

جائیگا کہے گا ہائے کسی طرح مجھے اپنا اعمال نامہ نہ دیا جاتا۔ اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے۔

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿٢٧﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾ هَلَكَ عَنِّيْ

يٰلَيْتَهَا	كَانَتِ	الْقَاضِيَةَ	مَآ	اَغْنٰى	عَنِّيْ	مَالِيَهْ	هَلَكَ	عَنِّيْ
ہائے افسوس	ہوتی موت	فیصلہ کرنے والی	نہ	کام آیا	میرے	میرا مال	ہلاک ہوگیا	مجھ سے

اے کاش! یہ خاتمے کا وقت ہوتا۔ میرا مال میرے کام نہیں آیا۔ میری حجت (اور ساری قوت)

سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ

سُلْطٰنِيَهْ	خُذُوْهُ	فَغُلُّوْهُ	ثُمَّ	الْجَحِيْمَ	صَلُّوْهُ	ثُمَّ
میرا اختیار	پکڑو اس کو	پھر طوق پہناؤ اس کو	پھر	جہنم میں	دھکیلو اس کو	پھر

بے کار گئی۔ (حکم ہوگا) اسے پکڑو اور اس کے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر اُسے بھڑکتی آگ میں دھکیل دو۔ پھر

فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ

فِيْ سِلْسِلَةٍ	ذَرْعُهَا	سَبْعُوْنَ	ذِرَاعًا	فَاسْلُكُوْهُ	اِنَّهٗ	كَانَ
زنجیر میں	جس کا ناپ	ستر	ہاتھ ہے	پرودو اس کو	بیشک وہ	تھا

ایسی زنجیر میں جس کی لمبائی ستر ہاتھ ہے اسے جکڑ دو۔ وہ خدائے عظیم

لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٤﴾

لَا	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	الْعَظِيْمِ	وَ	لَا	يَحُضُّ	عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ
نہ	ایمان لاتا	اللہ پر	عظمت والے	اور	نہ	رغبت دلاتا	اوپر	کھانے	مسکین کے

پر ایمان نہیں رکھتا تھا۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا تھا۔

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿۳۵﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿۳۶﴾

فَلَيْسَ	لَهُ	الْيَوْمَ	هٰهُنَا	حَمِيْمٌ	وَّ	لَا	طَعَامٌ	اِلَّا	مِنْ	غِسْلِيْنٍ
تونہیں	اس کیلئے	آج	اس جگہ	کوئی دوست	اور	نہ	کوئی کھانا	مگر	کچھ	دوزخیوں کی پیپ

تو آج یہاں اس کا کوئی دوست نہیں۔ اور نہ کوئی کھانا ہے بجز (دوزخیوں کے زخموں کی) پیپ کے۔

لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَمَا

لَّا	يَاْكُلُهٗ	اِلَّا	الْخَاطِئُوْنَ	فَلَاۤ اُقْسِمُ	بِمَا	تُبْصِرُوْنَ	وَ	مَا
نہ	کھائیں گے اس کو	مگر	خطاکار لوگ	میں قسم اٹھاتا ہوں	جو کچھ	تم دیکھتے ہو	اور	جو کچھ

اسے خطاکاروں کے سوا کوئی نہ کھائے گا۔ تو مجھے قسم ان چیزوں کی جنہیں تم دیکھتے ہو۔ اور جنہیں تم

لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۴۰﴾ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ

لَا تُبْصِرُوْنَ	اِنَّهٗ	لَقَوْلُ	رَسُوْلٍ	كَرِيْمٍ	وَّ	مَا	هُوَ	بِقَوْلِ	شَاعِرٍ
نہیں دیکھتے	بیشک وہ	بات ہے	رسول	محترم کی	اور	نہیں	وہ	بات	شاعر کی

نہیں دیکھتے۔ بے شک یہ ایک معزز رسول کا قول ہے۔ اور وہ کسی شاعر کا قول نہیں تم بہت

قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

قَلِيْلًا	مَّا	تُؤْمِنُوْنَ	وَ	لَا	بِقَوْلِ	كَاهِنٍ	قَلِيْلًا	مَّا	تَذَكَّرُوْنَ
تھوڑا ہے	جو	تم ایمان لاتے ہو	اور	نہیں ہے	بات	کاہن کی	تھوڑا ہے	جو	نصیحت لیتے ہو

کم ایمان لاتے ہو (جو درحقیقت ایمان نہیں)۔ اور نہ وہ کسی کاہن کا قول ہے تم بہت ہی کم سمجھتے ہو۔

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾

تَنْزِيْلٌ	مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ	وَلَوْ	تَقَوَّلَ	عَلَيْنَا	بَعْضَ	الْاَقَاوِيْلِ
اتارا گیا ہے	سارے جہانوں کے رب کی طرف سے	اور اگر	بنا لیتا	ہم پر	بعض	باتیں

اس نے نازل فرمایا ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ اور اگر وہ ہم پر ایک بات بھی بنا کر کہتے۔

لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْیَمِیْنِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِیْنَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنْكُمْ

مِنْكُمْ	فَمَا	الْوَتِیْنَ	مِنْهُ	لَقَطَعْنَا	ثُمَّ	بِالْیَمِیْنِ	مِنْهُ	لَاَخَذْنَا
تم میں سے	تو نہ ہوتا	رگ دل	اس کی	ہم کاٹ دیتے	پھر	قوت سے	اس کو	تو پکڑ لیتے ہم

تو ہم اسے دائیں ہاتھ سے پکڑ لیتے۔ پھر اس کی دل کی رگ کاٹ دیتے۔ پھر تم میں سے

مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِیْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنَّا

وَاِنَّا	لِّلْمُتَّقِیْنَ	لَتَذْكِرَةٌ	اِنَّهٗ	وَ	حٰجِزِیْنَ	عَنْهُ	مِّنْ اَحَدٍ
اور بیشک ہم	پرہیزگاروں کیلئے	نصیحت ہے	بیشک یہ	اور	بچانے والا	اس کو	کوئی بھی

کوئی بھی انہیں بچانے والا نہ ہوتا۔ اور بے شک یہ (قرآن) پرہیزگاروں کیلئے نصیحت ہے۔ اور ضرور

لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِیْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ﴿۵۰﴾

الْكٰفِرِیْنَ	عَلَى	لَحَسْرَةٌ	اِنَّهٗ	وَ	مُّكَذِّبِیْنَ	مِنْكُمْ	اَنَّ	لَنَعْلَمُ
کافروں کے	اوپر	حسرت ہے	بیشک وہ	اور	جھٹلانیوالے ہیں	تم میں سے کچھ	یہ کہ	ضرور جانتے ہیں

ہم جانتے ہیں کہ تم میں کچھ جھٹلانے والے ہیں۔ اور بے شک وہ کافروں پر (موجب) حسرت ہے۔

وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْیَقِیْنِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ﴿۵۲﴾ ع

الْعَظِیْمِ	رَبِّكَ	بِاسْمِ	فَسَبِّحْ	الْیَقِیْنِ	لَحَقُّ	اِنَّهٗ	وَ
بڑے	اپنے رب کی	نام	سو تسبیح کرو	یقینی	حق ہے	بیشک وہ	اور

اور یہ یقینی سچائی ہے۔ پس آپ ﷺ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کرتے رہیں۔

آیاتھا ۴۴ — ۷۰ سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ ۷۹ — رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿١﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿٢﴾ مِّنَ اللّٰهِ

سَاَلَ	سَآئِلٌ	بِعَذَابٍ	وَّاقِعٍ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	لَيْسَ	لَهٗ	دَافِعٌ	مِّنَ اللّٰهِ
سوال کیا	ایک سوال کرنیوالے نے	عذاب کا	واقع ہونیوالے	کافروں کیلئے	نہیں کوئی	اس کو	روکنے والا	اللہ کی طرف سے

ایک سائل (نضر بن حرث) نے ایسا عذاب طلب کیا ہے جو واقع ہونے والا ہے۔ جو کافروں پر ہونے والا ہے اس کا کوئی ٹالنے والا نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی

ذِى الْمَعَارِجِ ﴿٣﴾ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ

ذِى الْمَعَارِجِ	تَعْرُجُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَالرُّوْحُ	اِلَيْهِ	فِيْ يَوْمٍ	كَانَ	مِقْدَارُهٗ
بلندیوں والے	چڑھتے ہیں	فرشتے	اور روح	اسکی طرف	دن میں	ہے	اندازہ اس کا

طرف سے جو عروج کے زینوں والا ہے۔ فرشتے اور روح ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار

خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿٤﴾ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ﴿٥﴾ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ

خَمْسِيْنَ	اَلْفَ	سَنَةٍ	فَاصْبِرْ	صَبْرًا	جَمِيْلًا	اِنَّهُمْ	يَرَوْنَهٗ
پچاس	ہزار	سال	تو صبر کرو	صبر	اچھا	بیشک وہ	دیکھتے ہیں اسکو

سال کی ہوتی ہے اس کی طرف چڑھتے ہیں۔ تو (اے حبیب ﷺ!) آپ (کافروں کی باتوں پر) صبر جمیل فرمائیں۔ بے شک وہ

بَعِيْدًا ﴿٦﴾ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ﴿٧﴾ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ﴿٨﴾ وَتَكُوْنُ

بَعِيْدًا	وَّ	نَرٰىهُ	قَرِيْبًا	يَوْمَ	تَكُوْنُ	السَّمَآءُ	كَالْمُهْلِ	وَ	تَكُوْنُ
دور	اور	ہم دیکھتے ہیں اسکو	قریب	جس دن	ہوگا	آسمان	جیسے گلی ہوئی چاندی	اور	ہوجائینگے

اسے دور سمجھ رہے ہیں۔ اور ہم اسے نزدیک دیکھ رہے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلی ہوئی چاندی کی طرح ہوگا۔ اور پہاڑ دھنی ہوئی

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ﴿٩﴾ وَلَا يَسْئَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ﴿١٠﴾ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ يَوَدُّ

الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	وَ	لَا	يَسْئَلُ	حَمِيْمٌ	حَمِيْمًا	يُبَصَّرُوْنَهُمْ	يَوَدُّ
پہاڑ	مانند اون کے	اور	نہ	پوچھے گا	کوئی دوست	کسی دوست کو	وہ دیکھتے ہوں گے ان کو	پسند کرے گا

رنگین اون کی طرح ہوں گے۔ اور کوئی دوست کسی دوست کو نہ پوچھے گا۔ (حالانکہ) وہ (سب) انہیں دکھا دیئے جائیں گے مجرم

الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ۞۱۱ وَصَاحِبَتِهِ

الْمُجْرِمُ	لَوْ	يَفْتَدِي	مِنْ عَذَابِ	يَوْمِئِذٍ	بِبَنِيهِ	وَصَاحِبَتِهِ
مجرم	کاش کہ	فدیہ دے	عذاب	اس دن کے بدلے	ساتھ اپنے بیٹے کے	اور اپنی بیوی کے

تمنا کرے گا کاش اس دن کے عذاب سے رہائی کے بدلے میں اپنے بیٹوں کو دے دے ۔ اور اپنی بیوی

وَأَخِيهِ ۞۱۲ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ ۞۱۳ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ

وَ	أَخِيهِ	وَفَصِيلَتِهِ	الَّتِي	تُؤْوِيهِ	وَ	مَنْ	فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	ثُمَّ
اور	اپنے بھائی کے	اور اپنی برادری کے	وہ جو	اسکو جگہ دیتی تھی	اور	جو	زمین میں ہے	سب کچھ	پھر

اور اپنے بھائی کو۔ اور اپنا کنبہ جس میں اس کی جگہ ہے۔ اور جتنے زمین میں ہیں سب کچھ دیدے پھر یہ بدلہ دینا اسے

يُنْجِيهِ ۞۱۴ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظَىٰ ۞۱۵ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ۞۱۶ تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ

يُنْجِيهِ	كَلَّا	إِنَّهَا	لَظَىٰ	نَزَّاعَةً	لِلشَّوَىٰ	تَدْعُوا	مَنْ	أَدْبَرَ
نجات دے دے فدیہ اسکو	ہرگز نہیں	بیشک وہ	بھڑکتی آگ ہے	کھینچ دینے والی	چہرے کو	بلائے گی	جس نے	پیٹھ پھیری

بچالے گا ہرگز نہیں۔ ہرگز نہیں وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔ کھال کھینچنے والی۔ بلائے گی اس کو جس نے (حق سے) پیٹھ پھیری

وَتَوَلَّىٰ ۞۱۷ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ۞۱۸ إِنَّ الْإِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوعًا ۞۱۹ إِذَا

وَ	تَوَلَّىٰ	وَ	جَمَعَ	فَأَوْعَىٰ	إِنَّ	الْإِنْسَانَ	خُلِقَ	هَلُوعًا	إِذَا
اور	منہ پھیرا	اور	جمع کیا	اور جوڑ کر حفاظت رکھا	بیشک	انسان	پیدا کیا گیا ہے	بے صبرا	جب

اور (اس سے) روگردانی کی۔ اور (اس نے مال) جمع کیا پھر اسے روک رکھا۔ بے شک آدمی بڑا بے صبرا حریص بنایا گیا ہے۔ جب

مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۞۲۰ وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعًا ۞۲۱ إِلَّا

مَسَّهُ	الشَّرُّ	جَزُوعًا	وَإِذَا	مَسَّهُ	الْخَيْرُ	مَنُوعًا	إِلَّا
پہنچتی ہے اسکو	برائی	تو گھبرانیوالا ہے	اور جب	پہنچتی ہے اس کو	بھلائی	تو روکنے والا ہے	مگر

اسے برائی پہنچے تو سخت گھبرانے والا ہے۔ اور جب اسے بھلائی ملتی ہے تو (بخل) روک لیتا ہے۔ سوائے

الْمُصَلِّيْنَ ۝۲۲ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝۲۳ وَالَّذِيْنَ

الْمُصَلِّيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى	صَلَاتِهِمْ	دَآئِمُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ
نمازی ہیں	کہ جو	وہ	اوپر	اپنی نمازوں کے	ہمیشگی کرتے ہیں	اور	وہ کہ

نمازیوں کے۔ جو اپنی نماز پر ہمیشگی اختیار کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝۲۴ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝۲۵ وَالَّذِيْنَ

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ	حَقٌّ	مَّعْلُوْمٌ	لِّلسَّآئِلِ	وَ	الْمَحْرُوْمِ	وَ	الَّذِيْنَ
اپنے مالوں میں	حق ہے	مقرر	واسطے مانگنے والے کے	اور	نہ مانگنے والے کے	اور	وہ جو

مال میں (ایک) مقرر حق ہے۔ اس کے لیے جو مانگے اور محروم کے لیے۔ اور وہ جو

يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝۲۶ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ

يُصَدِّقُوْنَ	بِيَوْمِ	الدِّيْنِ	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	مِّنْ	عَذَابِ	رَبِّهِمْ
تصدیق کرتے ہیں	دن	قیامت کی	اور	وہ کہ	وہ	ہروقت	عذاب	اپنے رب کے

روز جزا کو سچ جانتے ہیں۔ اور وہ جو اپنے رب کے عذاب سے

مُّشْفِقُوْنَ ۝۲۷ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝۲۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ

مُّشْفِقُوْنَ	اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّهِمْ	غَيْرُ	مَاْمُوْنٍ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ
ڈرتے ہیں	بیشک	عذاب	ان کے رب کا	نہیں ہے	نڈر ہونے کی چیز	اور وہ کہ	وہ

سہمے رہتے ہیں۔ بے شک ان کے رب کے عذاب سے بے خوف نہیں ہوا جاسکتا۔ اور وہ جو اپنی

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۲۹ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ

لِفُرُوْجِهِمْ	حٰفِظُوْنَ	اِلَّا	عَلٰٓى	اَزْوَاجِهِمْ	اَوْ	مَا	مَلَكَتْ
اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرتے ہیں	مگر	اوپر	اپنی بیویوں کے	یا	جس کے	مالک ہوئے

شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ بجز اپنی بیویوں یا اپنی مملوکہ کنیزوں

اَیۡمَانُهُمۡ فَاِنَّهُمۡ غَیۡرُ مَلُوۡمِیۡنَ ﴿۳۰﴾ فَمَنِ ابۡتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

اَیۡمَانُهُمۡ	فَاِنَّهُمۡ	غَیۡرُ	مَلُوۡمِیۡنَ	فَمَنِ	ابۡتَغٰی	وَرَآءَ	ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ
انکے دائیں ہاتھ	تو وہ	نہیں ہیں	ملامت کیے گئے	تو جو	چاہے	سوا	اس کے	تو یہی

تو بے شک (اس میں) ان پر کچھ ملامت نہیں۔ تو جو ان دو کے سوا اور چاہے وہی

هُمُ الۡعٰدُوۡنَ ﴿۳۱﴾ وَالَّذِیۡنَ هُمۡ لِاَمٰنٰتِهِمۡ وَعَهۡدِهِمۡ رٰعُوۡنَ ﴿۳۲﴾

هُمُ	الۡعٰدُوۡنَ	وَ	الَّذِیۡنَ	هُمۡ	لِاَمٰنٰتِهِمۡ	وَ	عَهۡدِهِمۡ	رٰعُوۡنَ
وہ ہیں	حد سے بڑھنے والے	اور	وہ	کہ وہ	اپنی امانتوں کی	اور	عہد اپنے کی	حفاظت کرتے ہیں

حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کے حفاظت کرتے ہیں۔

وَالَّذِیۡنَ هُمۡ بِشَهٰدٰتِهِمۡ قَآئِمُوۡنَ ﴿۳۳﴾ وَالَّذِیۡنَ هُمۡ عَلٰی صَلَاتِهِمۡ

وَ	الَّذِیۡنَ	هُمۡ	بِشَهٰدٰتِهِمۡ	قَآئِمُوۡنَ	وَالَّذِیۡنَ	هُمۡ	عَلٰی	صَلَاتِهِمۡ
اور	وہ جو کہ	وہ	اپنی گواہی پر	قائم ہیں	اور وہ جو کہ	وہ	اوپر	اپنی نمازوں کے

اور وہ جو اپنی گواہیوں پر قائم رہتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی نماز کی

یُحَافِظُوۡنَ ﴿۳۴﴾ اُولٰٓئِكَ فِیۡ جَنّٰتٍ مُّكۡرَمُوۡنَ ﴿۳۵﴾ فَمَالِ الَّذِیۡنَ

ع ۱ ۲۵ ۷

یُحَافِظُوۡنَ	اُولٰٓئِكَ	فِیۡ جَنّٰتٍ	مُّكۡرَمُوۡنَ	فَمَالِ	الَّذِیۡنَ
حفاظت کرتے ہیں	یہی لوگ ہیں	باغوں میں	عزت کیے جائیں گے	تو کیا ہے	ان لوگوں کو جو

حفاظت کرتے ہیں۔ یہ لوگ ہیں جن کا جنتوں میں اعزاز (واکرام) کیا جائے گا۔ تو ان کے منکرین کو کیا ہوا

كَفَرُوۡا قِبَلَكَ مُهۡطِعِیۡنَ ﴿۳۶﴾ عَنِ الۡیَمِیۡنِ وَعَنِ الشِّمَالِ

كَفَرُوۡا	قِبَلَكَ	مُهۡطِعِیۡنَ	عَنِ الۡیَمِیۡنِ	وَ	عَنِ الشِّمَالِ
کافر ہیں	تمہاری طرف	دوڑتے آرہے ہیں	دائیں	اور	بائیں سے

کہ آپ کی طرف دوڑے چلے آتے ہیں۔ داہنے اور بائیں گروہ

عِزِيْنَ ﴿٣٧﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿٣٨﴾ لا

عِزِيْنَ	اَيَطْمَعُ	كُلُّ	امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	اَنْ	يُّدْخَلَ	جَنَّةَ	نَعِيْمٍ
گروہ در گروہ	کیا امید رکھتا ہے	ہر	آدمی	ان میں سے	یہ کہ	داخل کیا جائے گا	باغ	نعمت والے میں

کے گروہ۔ کیا ان میں ہر شخص یہ طمع کرتا ہے کہ نعمتوں والی جنت میں داخل کیا جائے۔

كَلَّا ۖ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ

كَلَّا	اِنَّا	خَلَقْنٰهُمْ	مِّمَّا	يَعْلَمُوْنَ	فَلَآ اُقْسِمُ	بِرَبِّ	الْمَشٰرِقِ
ہرگز نہیں	بیشک ہم نے	پیدا کیا ہے ان کو	اس چیز سے جو	جانتے ہیں	میں قسم اٹھاتا ہوں	رب	مشرقوں کے

ہرگز نہیں ہم نے انہیں اس چیز سے بنایا ہے جسے وہ جانتے ہیں۔ مگر نہیں میں مشرقوں اور مغربوں کے رب کی

وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿٤٠﴾ لا عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا

وَ	الْمَغٰرِبِ	اِنَّا	لَقٰدِرُوْنَ	عَلٰٓى	اَنْ	نُّبَدِّلَ	خَيْرًا	مِّنْهُمْ	وَ	مَا
اور	مغربوں کی	بیشک	قادر ہیں	اوپر	اسکے کہ	بدل دیں ہم	بہتر	ان سے	اور	نہیں

قسم کھاتا ہوں کہ ہم اس پر قادر ہیں۔ اس پر کہ ان کے بدلے ان سے بہتر لوگ لے

نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٤١﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى

نَحْنُ	بِمَسْبُوْقِيْنَ	فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَ	يَلْعَبُوْا	حَتّٰى
ہم	عاجز	تو چھوڑ دو ان کو	کہ مشغول ہوں	اور	کھیلیں	یہاں تک کہ

آئیں اور ہم عاجز نہیں ہیں۔ تو (اے حبیب ﷺ!) انہیں چھوڑ دیجئے کہ وہ اپنی بیہودہ باتوں اور کھیل تماشے میں پڑے رہیں

يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٤٢﴾ لا يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ

يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ	يَوْمَ	يَخْرُجُوْنَ	مِنَ الْاَجْدَاثِ
ملیں	اپنے دن	ایسے کو کہ	وعدہ دیے جاتے ہیں	جس دن	نکلیں گے	قبروں سے

یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے آملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ جس دن قبروں سے نکلیں گے جھپٹتے ہوئے

سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَاشِعَةً

سِرَاعًا	كَاَنَّهُمْ	اِلٰى	نُصُبٍ	يُّوْفِضُوْنَ	خَاشِعَةً
جھپٹتے ہوئے	گویا کہ وہ	طرف	نشانوں کی	لپک رہے ہیں	جھکی ہوں گی

گویا وہ بتوں کی طرف لپک رہے ہیں۔ آنکھیں نیچی کئے

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ ع

اَبْصَارُهُمْ	تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	ذٰلِكَ	الْيَوْمُ	الَّذِيْ	كَانُوْا	يُوْعَدُوْنَ
آنکھیں ان کی	ڈھانپے گی ان کو	ذلت	یہ	دن	وہ ہے کہ	تھے وہ	وعدہ دیے جاتے

ہوئے ان پر ذلت سوار ہوگی یہ ہے ان کا وہ دن جس کا ان سے وعدہ تھا۔

آیاتھا ۲۸ ۷۱ سُوْرَةُ نُوْحٍ مَكِّيَّةٌ ۷۱ رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

اِنَّآ	اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِهٖٓ	اَنْ	اَنْذِرْ	قَوْمَكَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
بیشک	ہم نے بھیجا	نوح کو	طرف	اسکی قوم کے	یہ کہ	ڈرا	اپنی قوم کو	پہلے اس سے کہ	یہ کہ

بے شک ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ ان کو ڈرائیں اس سے پہلے کہ ان پر

يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲﴾ اَنِ

يَّاْتِيَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْ	لَكُمْ	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَنِ
آئے انکے پاس	عذاب	دردناک	فرمایا	اے میری قوم	بیشک میں	تمہارے لیے	ڈرانیوالا ہوں	صاف صاف	یہ کہ

دردناک عذاب آئے۔ انہوں نے فرمایا اے میری قوم! میں تمہارے لئے واضح ڈر سنانے والا ہوں۔ کہ

اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اتَّقُوْهُ وَ اَطِيْعُوْنِ ۝۳ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ	يَغْفِرْ لَكُمْ	اَطِيْعُوْنِ	وَ	وَاتَّقُوْهُ	اللّٰهَ	اُعْبُدُوا
تمہارے گناہ	بخشے گا تم کو	میرا حکم مانو	اور	اور اس سے ڈرو	اللہ کی	عبادت کرو

اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ وہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور تمہیں

وَ يُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ

لَا يُؤَخَّرُ	جَآءَ	اِذَا	اللّٰهِ	اَجَلَ	اِنَّ	مُّسَمًّى	اَجَلٍ	اِلٰٓى	يُؤَخِّرْكُمْ	وَ
تو نہیں مہلت دی جاتی	آجاتا ہے	جب	اللہ کا	وعدہ	بیشک	مقرر کے	مدت	طرف	مہلت دے گا تم کو	اور

ایک مقررہ مدت تک مہلت دے گا بے شک اللہ کی مقرر کی ہوئی مدت جب آجاتی ہے تو مہلت نہیں

لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَيْلًا وَّ نَهَارًا ۝۵ فَلَمْ

فَلَمْ	نَهَارًا	وَ	لَيْلًا	قَوْمِیْ	دَعَوْتُ	اِنِّیْ	رَبِّ	قَالَ	تَعْلَمُوْنَ	كُنْتُمْ	لَوْ
تو نہ	دن	اور	رات	اپنی قوم کو	بلایا	بیشک میں نے	اے میرے رب	عرض کی نوح نے	جانو	تم	کاش

دی جاتی۔ کاش تم جانتے۔ (نوح علیہ السلام نے) عرض کی اے میرے رب! بے شک میں نے اپنے (منکر) لوگوں کو رات دن (حق کی) دعوت دی۔ تو

يَزِدْهُمْ دُعَآءِیْۤ اِلَّا فِرَارًا ۝۶ وَ اِنِّیْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْۤا

جَعَلُوْۤا	لَهُمْ	لِتَغْفِرَ	دَعَوْتُهُمْ	كُلَّمَا	اِنِّیْ	وَ	فِرَارًا	اِلَّا	دُعَآءِیْ	يَزِدْهُمْ
دے لیں انہوں نے	ان کو	تاکہ تو بخشے	ان کو بلایا	جب بھی	بیشک میں نے	اور	بھاگنا	مگر	میرے بلانے نے	زیادہ کیا ان کو

میری دعوت حق نے ان کیلئے بھاگنے کے سوا کچھ زیادہ نہ کیا۔ اور میں نے جب بھی انہیں بلایا تاکہ تو ان کو بخشے لیکن

اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَ اسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَ اَصَرُّوْا وَ اسْتَكْبَرُوا

اسْتَكْبَرُوا	وَ	اَصَرُّوْا	وَ	ثِيَابَهُمْ	اسْتَغْشَوْا	وَ	فِیْۤ اٰذَانِهِمْ	اَصَابِعَهُمْ
تکبر کیا	اور	ضد کی	اور	انہوں نے اپنے کپڑے	ڈھانپ لیے	اور	اپنے کانوں میں	اپنی انگلیاں

انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور اپنے کپڑے اوڑھ لئے اور ہٹ دھرمی کی

وقف لازم

اِسْتِكْبَارًا ۚ ﴿٧﴾ ثُمَّ اِنِّىْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿٨﴾ ثُمَّ اِنِّىْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ

اِسْتِكْبَارًا	ثُمَّ	اِنِّىْ	دَعَوْتُهُمْ	جِهَارًا	ثُمَّ	اِنِّىْٓ	اَعْلَنْتُ	لَهُمْ
بڑا تکبر	پھر	میں نے	ان کو بلایا	علانیہ	پھر	میں نے	اعلان کیا	ان کیلئے

اور بڑا غرور کیا۔ پھر میں نے انہیں بلند آواز سے دعوت دی۔ پھر ان سے اعلانیہ بھی کہا

وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ﴿٩﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

وَ	اَسْرَرْتُ	لَهُمْ	اِسْرَارًا	فَقُلْتُ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ
اور	خفیہ کہا	ان کو	خفیہ کہنا	تو میں نے کہا	بخشش مانگو	اپنے رب سے	بیشک وہ	ہے

اور پوشیدہ طور پر بھی بات کی۔ ہاں میں نے کہا اپنے رب سے بخشش مانگو کہ وہ بڑا ہی

غَفَّارًا ﴿١٠﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿١١﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ

غَفَّارًا	يُّرْسِلِ	السَّمَآءَ	عَلَيْكُمْ	مِّدْرَارًا	وَّيُمْدِدْكُمْ	بِاَمْوَالٍ
بخشنے والا	بھیجے گا	آسمان سے	تم پر	شرائے کا مینہ	اور مدد کرے گا تمہاری	مال سے

بخشنے والا ہے۔ وہ تم پر آسمان سے زور دار بارش بھیجے گا۔ اور تمہاری مدد فرمائے گا مال

وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿١٢﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ

وَّ	بَنِيْنَ	وَ	يَجْعَلْ	لَّكُمْ	جَنّٰتٍ	وَّيَجْعَلْ	لَّكُمْ	اَنْهٰرًا	مَا	لَكُمْ	لَا	تَرْجُوْنَ
اور	بیٹوں سے	اور	بنائے گا	تمہارے لیے	باغات	اور بنائے گا	تمہارے لیے	نہریں	کیا ہے	تم کو	کہ نہیں	امید رکھتے تم

اور بیٹوں سے اور (بارش سے) تمہارے لئے باغ اگائے گا اور تمہارے لئے نہریں بنا دے گا۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی

لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿١٣﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿١٤﴾ اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ

لِلّٰهِ	وَقَارًا	وَ	قَدْ	خَلَقَكُمْ	اَطْوَارًا	اَلَمْ	تَرَوْا	كَيْفَ	خَلَقَ	اللّٰهُ
اللہ سے	عزت کی	اور	بیشک	پیدا کیا تم کو	کئی مرحلوں سے	کیا نہیں	دیکھا تم نے	کیسے	پیدا کیے	اللہ نے

عظمت کی اعتقاد اور معرفت نہیں رکھتے۔ حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح سے بنایا۔ کیا تم نے غور نہیں کیا کہ اللہ نے کس طرح

سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَّ جَعَلَ الۡقَمَرَ فِیۡهِنَّ نُوۡرًا وَّ جَعَلَ

جَعَلَ	وَ	نُوۡرًا	فِیۡهِنَّ	الۡقَمَرَ	جَعَلَ	وَ	طِبَاقًا	سَمٰوٰتٍ	سَبۡعَ
بنایا	اور	روشن	ان میں	چاند کو	بنایا	اور	نیچے اوپر	آسمان	سات

سات آسمان طبقوں میں بنائے۔ اور آسمان دنیا میں چاند کو نور بنایا اور

الشَّمۡسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنۡۢبَتَكُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ

ثُمَّ	نَبَاتًا	مِّنَ الۡاَرۡضِ	اَنۡۢبَتَكُمۡ	اللّٰهُ	وَ	سِرَاجًا	الشَّمۡسَ
پھر	اگانا	زمین سے	اگایا تم کو	اللہ نے	اور	چراغ	سورج کو

سورج کو چراغ بنایا؟ اور اللہ نے تمہیں زمین سے ایک طرح کی روئیدگی کے ساتھ اُگایا۔ پھر

یُعِیۡدُكُمۡ فِیۡهَا وَیُخۡرِجُكُمۡ اِخۡرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ

الۡاَرۡضَ	لَكُمُ	جَعَلَ	اللّٰهُ	وَ	اِخۡرَاجًا	یُخۡرِجُكُمۡ	وَ	فِیۡهَا	یُعِیۡدُكُمۡ
زمین کو	تمہارے لیے	بنایا	اللہ نے	اور	نکالنا	نکالے گا تم کو	اور	اس میں	لوٹائے گا تم کو

تمہیں زمین میں لوٹائے گا اور (دوبارہ اس سے) تمہیں نکالے گا۔ اور اللہ نے تمہارے لئے زمین

بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسۡلُكُوۡا مِنۡهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ قَالَ نُوۡحٌ رَّبِّ اِنَّهُمۡ

ع ۱

اِنَّهُمۡ	رَّبِّ	نُوۡحٌ	قَالَ	سُبُلًا فِجَاجًا	مِنۡهَا	لِّتَسۡلُكُوۡا	بِسَاطًا
بیشک انہوں نے	اے میرے رب	نوح نے	عرض کی	وسیع راستوں میں	اس کے	تاکہ تم چلو	بچھونا

کو بچھونا بنایا۔ تاکہ اس کے وسیع راستوں پر چلو۔ نوح علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! انہوں نے میرا کہنا

عَصَوۡنِیۡ وَاتَّبَعُوۡا مَنۡ لَّمۡ یَزِدۡهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوۡا

مَكَرُوۡا	وَ	خَسَارًا	اِلَّا	وَلَدُهٗۤ	وَ	مَالُهٗ	یَزِدۡهُ	لَّمۡ	مَنۡ	اتَّبَعُوۡا	وَ	عَصَوۡنِیۡ
مکر کیا انہوں نے	اور	خسارہ	مگر	اولاد اس کی نے	اور	اسکے مال نے	زیادہ کیا اسکو	نہ	اس کی کہ	پیروی کی	اور	نافرمانی کی میری

نہیں مانا اور ان کے پیچھے چلتے ہیں جن کے مال اور اولاد نے صرف ان کا نقصان بڑھایا ہے۔ اور بہت بڑا

مَكْرًا كُبَّارًا ﴿٢٢﴾ وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا

مَكْرًا	كُبَّارًا	وَ	قَالُوْا	لَا	تَذَرُنَّ	اٰلِهَتَكُمْ	وَ	لَا	تَذَرُنَّ	وَدًّا	وَّ	لَا	سُوَاعًا
مکر	بہت بڑا	اور	بولے کافر	نہ	چھوڑنا	اپنے معبودوں کو	اور	نہ	چھوڑنا	ودکو	اور	نہ	سواع کو

فریب کرتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا کہ ہرگز نہ چھوڑنا اپنے معبودوں کو اور ہرگز نہ چھوڑنا وَدّ اور سُواع

وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿٢٣﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ

وَّ	لَا	يَغُوْثَ	وَيَعُوْقَ	وَ	نَسْرًا	وَ	قَدْ	اَضَلُّوْا	كَثِيْرًا	وَ	لَا	تَزِدِ	الظّٰلِمِيْنَ
اور	نہ	یغوث کو	اورنہ یعوق کو	اور	نہ نسرکو	اور	بیشک	گمراہ کیا انہوں نے	بہتوں کو	اور	نہ	زیادہ کر	ظالموں کی

اور یغوث اور یعوق اور نسر (نامی بتوں) کو۔ اور یقیناً انہوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کر دیا اور (اے میرے رب!) تو (بھی)

اِلَّا ضَلٰلًا ﴿٢٤﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا

اِلَّا	ضَلٰلًا	مِمَّا	خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ	اُغْرِقُوْا	فَاُدْخِلُوْا	نَارًا	فَلَمْ	يَجِدُوْا
مگر	گمراہی	اپنے	گناہوں سے	غرق کیے گئے	تو داخل کیے گئے	آگ میں	تو نہ	پایا انہوں نے

ظالموں کو سوائے گمراہی کے کسی چیز کا اضافہ نہ کرنا۔ اپنی خطاؤں کی وجہ سے ڈبوئے گئے پھر آگ میں داخل کیے گئے تو انہوں نے

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿٢٥﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ

لَهُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اَنْصَارًا	وَ	قَالَ	نُوْحٌ	رَّبِّ	لَا	تَذَرْ	عَلَى	الْاَرْضِ
اپنے لیے	سوائے	اللہ کے	کوئی مددگار	اور	عرض کی	نوح نے	اے میرے رب	نہ	چھوڑ	اوپر	زمین کے

اللہ کے مقابل اپنا کوئی مددگار نہ پایا۔ اور نوح علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب زمین پر کافروں میں سے

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿٢٦﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ	دَيَّارًا	اِنَّكَ	اِنْ	تَذَرْهُمْ	يُضِلُّوْا	عِبَادَكَ
کوئی کافر	بسنے والا	بیشک تو	اگر	تو چھوڑے گا ان کو	گمراہ کریں گے	تیرے بندوں کو

کوئی بسنے والا نہ چھوڑ۔ اگر تو انہیں چھوڑے گا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے

وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ

وَ	لَا	يَلِدُوْٓا	اِلَّا	فَاجِرًا	كَفَّارًا	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيَّ	وَ	لِمَنْ	دَخَلَ
اور	نہ	جنیں گے	مگر	بدکار	ناشکر	اے میرے رب	بخش دے مجھ کو	اور میرے ماں باپ کو	اور	اس کو جو	داخل ہوا

اور صرف بدکار اور ناشکرے ہی پیدا کریں گے۔ اے میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو اور اسے جو میرے گھر میں بطور

بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع

النصف ع ۸

بَيْتِيَ	مُؤْمِنًا	وَّ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَ	لَا	تَزِدِ	الظّٰلِمِيْنَ	اِلَّا	تَبَارًا
میرے گھر میں	ایمان کی حالت میں	اور	مومن مردوں کو	اور	مومن عورتوں کو	اور	نہ	زیادہ کر	ظالموں کی	مگر	تباہی

مؤمن داخل ہو اور مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو بخش دے اور ظالموں کی صرف تباہی میں اضافہ کر۔

ایاتہا ۲۸ | ۷۲ سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ ۴۰ | رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا

قُلْ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	اَنَّهُ	اسْتَمَعَ	نَفَرٌ	مِّنَ الْجِنِّ	فَقَالُوْٓا	اِنَّا	سَمِعْنَا	قُرْاٰنًا
فرمادو	وحی کی گئی	میری طرف	یہ کہ	سنا	ایک جماعت نے	جنوں سے	تو بولے	بیشک ہم نے	سنا	قرآن

آپ فرمادیں: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (میری تلاوت کو) غور سے سنا تو (جا کر اپنی قوم سے) کہنے لگے: بیشک ہم نے

عَجَبًا ﴿۱﴾ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ

عَجَبًا	يَّهْدِيْٓ	اِلَى	الرُّشْدِ	فَاٰمَنَّا	بِهٖ	وَلَنْ	نُّشْرِكَ	بِرَبِّنَآ
عجیب	ہدایت دیتا ہے	طرف	بھلائی کی	تو ایمان لائے ہم	اس پر	اور ہرگز نہ	شریک ٹھہرائیں گے ہم	اپنے رب کے ساتھ

ایک عجیب قرآن سنا ہے۔ کہ بھلائی کی راہ بتاتا ہے تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم ہرگز کسی کو اپنے رب کا

اَحَدًا ۝۲ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝۳

اَحَدًا	وَ	اَنَّهٗ	تَعٰلٰى	جَدُّ	رَبِّنَا	مَا	اتَّخَذَ	صَاحِبَةً	وَ	لَا	وَلَدًا
ایک کو	اور	یہ کہ	بلند ہے	شان	ہمارے رب کی	نہیں	پکڑی اس نے	بیوی	اور	نہ	اولاد

شریک نہیں کریں گے۔ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بڑی بلند ہے جس نے کسی کو بیوی نہیں بنایا اور نہ بیٹا۔

وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝۴ وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ

وَ	اَنَّهٗ	كَانَ يَقُوْلُ	سَفِيْهُنَا	عَلَى	اللّٰهِ	شَطَطًا	وَ	اَنَّا	ظَنَنَّاۤ	اَنْ	لَّنْ
اور	یہ کہ	کہتا تھا	ہمارا بے وقوف	اوپر	اللہ کے	زیادتی کی باتیں	اور	یقیناً	ہمارا خیال تھا	یہ کہ	ہرگز نہیں

اور یہ کہ ہم میں احمق ہی اللہ کے خلاف بڑھ بڑھ کر باتیں کیا کرتا ہے۔ اور یہ کہ ہم گمان کرتے تھے کہ انسان

تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝۵ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ

تَقُوْلَ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	وَ	اَنَّهٗ	كَانَ	رِجَالٌ	مِّنَ الْاِنْسِ
کہیں گے	انسان	اور جن	اوپر	اللہ کے	جھوٹ	اور	یہ کہ	تھے	کچھ مرد	انسانوں سے

اور جن اللہ پر ہرگز جھوٹ نہ باندھیں گے۔ اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ مرد، جنوں کے کچھ مردوں

يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝۶ وَّاَنَّهُمْ

يَعُوْذُوْنَ	بِرِجَالٍ	مِّنَ الْجِنِّ	فَزَادُوْهُمْ	رَهَقًا	وَّاَنَّهُمْ
پناہ لیتے	کچھ مردوں کی	جنوں سے	تو زیادہ ہو گئے وہ	تکبر میں	اور یہ کہ انہوں نے

کی پناہ لیتے تھے تو انہوں نے ان (جنوں) کی سرکشی کو بڑھا دیا اور یہ کہ

ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۝۷ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ

ظَنُّوْا	كَمَا	ظَنَنْتُمْ	اَنْ	لَّنْ	يَّبْعَثَ	اللّٰهُ	اَحَدًا	وَّاَنَّا	لَمَسْنَا	السَّمَآءَ
گمان کیا	جیسے	گمان کیا تم نے	یہ کہ	ہرگز نہ	بھیجے گا	اللہ	کسی ایک کو	اور یہ کہ	چھوا ہم نے	آسمان کو

انہوں نے گمان کیا جیسا تمہیں گمان ہے کہ اللہ ہرگز کوئی رسول نہیں بھیجے گا۔ اور یہ کہ ہم نے آسمان کا جائزہ لیا

فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ﴿۸﴾ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا

فَوَجَدْنٰهَا	مُلِئَتْ	حَرَسًا شَدِيْدًا	وَّشُهُبًا	وَ	اَنَّا	كُنَّا نَقْعُدُ	مِنْهَا
تو پایا ہم نے اسکو	بھرا ہوا	سخت پہریداروں سے	اور چنگاریوں سے	اور	یہ کہ	ہم بیٹھا کرتے تھے	اس میں

تو ہم نے اسے مضبوط پہرے داروں اور شہابوں سے بھرا ہوا پایا۔ اور یہ کہ ہم بعض ٹھکانوں میں سننے کیلئے

مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾

مَقَاعِدَ	لِلسَّمْعِ	فَمَنْ	يَّسْتَمِعِ	الْاٰنَ	يَجِدْ لَهٗ	شِهَابًا	رَّصَدًا
موقعوں پر	سننے کیلئے	تو جو	سنتا ہے	اب	پاتا ہے	اپنے لیے شعلہ	تاک میں لگا ہوا

بیٹھا کرتے تھے لیکن جو اب سننا چاہے گا وہ اپنے لیے تاک میں لگا ہوا شہاب پاتا ہے۔

وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْۤ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ

وَ	اَنَّا	لَا	نَدْرِيْ	اَشَرٌّ	اُرِيْدَ	بِمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	اَرَادَ	بِهِمْ	رَبُّهُمْ
اور	یہ کہ	نہیں	جانتے ہم	کیا برائی کا	ارادہ کیا گیا ہے	ان سے جو	زمین میں ہیں	یا	ارادہ کیا	انکے متعلق	انکے رب نے

اور یہ کہ ہم نہیں جانتے کہ آیا زمین والوں کیلئے برائی چاہی گئی ہے یا ان کا رب ان کیلئے

رَشَدًا ۙ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ

رَشَدًا	وَ	اَنَّا	مِنَّا	الصّٰلِحُوْنَ	وَ	مِنَّا	دُوْنَ ذٰلِكَ	كُنَّا	طَرَآئِقَ
بھلائی کا	اور	یہ کہ	ہم میں سے کچھ	نیک ہیں	اور	ہم میں سے کچھ	دوسری طرح کے ہیں	ہم	راہوں

بھلائی چاہتا ہے۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ نیک ہیں اور کچھ اس کے سوا ہم کئی راہوں میں

قِدَدًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ

قِدَدًا	وَ	اَنَّا	ظَنَنَّاۤ	اَنْ	لَّنْ	نُّعْجِزَ	اللّٰهَ	فِي الْاَرْضِ	وَلَنْ
مختلف بٹے ہیں	اور	یہ کہ	ہم نے خیال کیا	یہ کہ	ہرگز نہیں	عاجز کر سکیں گے ہم	اللہ کو	زمین میں	اور ہرگز نہ

متفرق ہیں۔ اور یہ کہ ہم نے یقین کرلیا کہ ہرگز ہم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے زمین میں (رہ کر) اور نہ ہم اسے عاجز کر سکتے ہیں

نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّ اَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰۤى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ

نُّعْجِزَهٗ	هَرَبًا	وَّ	اَنَّا	لَمَّا	سَمِعْنَا	الْهُدٰۤى	اٰمَنَّا	بِهٖ	فَمَنْ	یُّؤْمِنْۢ	بِرَبِّهٖ
عاجز کرسکیں گے ہم اسکو	بھاگ کر	اور	یہ کہ	جب	سنی ہم نے	ہدایت	ایمان لائے ہم	ساتھ اسکے	تو جو	ایمان لائے گا	اپنے رب کے

(زمین سے) بھاگ کر۔ اور یہ کہ ہم نے جب ہدایت سنی اس پر ایمان لائے تو جو اپنے رب پر ایمان لائے

فَلَا یَخَافُ بَخْسًا وَّ لَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَ مِنَّا

فَلَا	یَخَافُ	بَخْسًا	وَّلَا	رَهَقًا	وَّ	اَنَّا	مِنَّا	الْمُسْلِمُوْنَ	وَ	مِنَّا
تو نہ	ڈرے گا	نقصان سے	اور نہ	زیادتی سے	اور	یہ کہ	ہم میں سے کچھ	مسلمان ہیں	اور	کچھ ہم میں سے

اسے نہ کسی کمی کا خوف اور نہ زیادتی کا۔ اور یہ کہ ہم کچھ مسلمان ہیں

الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓىِٕكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَ اَمَّا

الْقٰسِطُوْنَ	فَمَنْ	اَسْلَمَ	فَاُولٰٓىِٕكَ	تَحَرَّوْا	رَشَدًا	وَ	اَمَّا
ظالم ہیں	تو جو	فرمانبردار ہوا	تو یہی ہیں جنہوں نے	قصد کیا	بھلائی کا	اور	رہے

اور کچھ ظالم تو جو اسلام لائے انہوں نے بھلائی طلب کی۔ اور وہ جو

الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى

الْقٰسِطُوْنَ	فَكَانُوْا	لِجَهَنَّمَ	حَطَبًا	وَّ	اَنْ	لَّوِ	اسْتَقَامُوْا	عَلَى
ظالم	تو ہوں گے وہ	جہنم کا	ایندھن	اور	یہ کہ	اگر	سیدھے رہتے	اوپر

غلط کار ہیں وہ جہنم کا ایندھن ہیں۔ اور یہ کہ (مجھے وحی کی گئی ہے) اگر وہ راہ

الطَّرِیْقَةِ لَاَسْقَیْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِیْهِ ؕ وَ مَنْ یُّعْرِضْ

الطَّرِیْقَةِ	لَاَسْقَیْنٰهُمْ	مَّآءً	غَدَقًا	لِّنَفْتِنَهُمْ	فِیْهِ	وَمَنْ	یُّعْرِضْ
رستے کے	تو ہم ضرور پلاتے انکو	پانی	وافر	تاکہ انکی آزمائش کریں	اس میں	اور جو	منہ پھیرے

پر قائم رہتے تو ہم انہیں پانی سے سیراب کر دیتے۔ تاکہ اس میں ہم ان کی آزمائش فرمائیں

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا

عَنْ ذِكْرِ	رَبِّهٖ	يَسْلُكْهُ	عَذَابًا	صَعَدًا	وَّاَنَّ	الْمَسٰجِدَ	لِلّٰهِ	فَلَا
یاد سے	اپنے رب کی	چلائے گا اسکو	عذاب	چڑھتے میں	اور یہ کہ	مسجدیں	اللہ کی ہیں	تو نہ

اور جو اپنے رب کی یاد سے منہ موڑے وہ اسے نہایت سخت عذاب میں داخل کرے گا۔ اور یہ کہ (سب) مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو

تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا

تَدْعُوْا	مَعَ	اللّٰهِ	اَحَدًا	وَّ	اَنَّهٗ	لَمَّا	قَامَ	عَبْدُ	اللّٰهِ	يَدْعُوْهُ	كَادُوْا
بندگی کرو	ساتھ	اللہ کے	کسی کی	اور	یہ کہ	جب	کھڑا ہوا	بندہ	اللہ کا	عبادت کرنا اسکی	قریب تھا

اللہ کے ساتھ کسی کی عبادت نہ کرو۔ اور یہ کہ جب اللہ کے بندے (محمد ﷺ) اس کی عبادت کرنے کھڑے ہوئے تو وہ ان پر

يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ ع قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ

يَكُوْنُوْنَ	عَلَيْهِ	لِبَدًا	قُلْ	اِنَّمَآ	اَدْعُوْا	رَبِّيْ	وَ	لَآ	اُشْرِكُ	بِهٖٓ
کہ ہوتے وہ	اس پر	ٹھٹھ کے ٹھٹھ	آپ فرمائیں	اسکے سوا نہیں کہ	میں عبادت کرتا ہوں	اپنے رب کی	اور	نہیں	شریک ٹھہراتا میں	اسکے ساتھ

ہجوم در ہجوم جمع ہوگئے۔ فرمادیجئے میں تو اپنے رب ہی کی بندگی کرتا ہوں اور کسی کو اس کا شریک نہیں

اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ

اَحَدًا	قُلْ	اِنِّيْ	لَآ	اَمْلِكُ	لَكُمْ	ضَرًّا	وَّ	لَا	رَشَدًا	قُلْ	اِنِّيْ	لَنْ
کسی ایک کو	آپ فرمائیں	بیشک میں	نہیں	میں اختیار رکھتا	تمہارے لیے	تکلیف کا	اور	نہ	بھلائی کا	آپ فرمائیں	بیشک میں	ہرگز نہیں

ٹھہراتا۔ فرمادیجئے میں تمہارے لئے کسی نقصان یا بھلائی کا اختیار نہیں رکھتا۔ آپ فرمادیں کہ نہ مجھے

يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا

يُّجِيْرَنِيْ	مِنَ اللّٰهِ	اَحَدٌ	وَّ	لَنْ	اَجِدَ	مِنْ دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا	اِلَّا	بَلٰغًا
پناہ دے گا مجھ کو	اللہ سے	کوئی بھی	اور	ہرگز نہ	پاؤں گا میں	اس کے سوا	کوئی جائے پناہ	مگر	پہنچانا

ہرگز کوئی اللہ کے (امر کے خلاف) عذاب سے پناہ دے سکتا ہے اور نہ ہی میں قطعاً اس کے سوا کوئی جائے پناہ پاتا ہوں۔ لیکن اللہ

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ

مِنَ اللّٰهِ	وَ	رِسٰلٰتِهٖ	وَ	مَنْ	يَّعْصِ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ	لَهٗ	نَارَ	جَهَنَّمَ
اللہ کی طرف سے	اور	اسکی رسالتیں	اور	جو	نافرمانی کرے گا	اللہ	اور	اسکے رسول کی	تو بیشک	اس کیلئے	آگ ہے	جہنم کی

طرف سے پہنچانا اوراس کے پیغاموں (کی امانت) کوادا کرنا (میرا ذمہ ہے) اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے تو بے شک اس کیلئے جہنم کی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ (۲۳) حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	حَتّٰٓى	اِذَا	رَاَوْا	مَا	يُوْعَدُوْنَ	فَسَيَعْلَمُوْنَ
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ تک	یہاں تک کہ	جب	دیکھیں گے	جو	وعدہ دیئے جاتے ہیں	توجلدی جان لیں گے

آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا (۲۴) قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا

مَنْ	اَضْعَفُ	نَاصِرًا	وَّ	اَقَلُّ	عَدَدًا	قُلْ	اِنْ	اَدْرِيْ	اَقَرِيْبٌ	مَّا
کون	کمزور ہے	مددگاروں سے	اور	کون کم ہے	گنتی میں	آپ فرمائیں	نہیں	جانتا میں	کہ آیا نزدیک ہے	جو کچھ

تواب وہ جان لیں گے کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور عدد کے اعتبار سے کم تر ہیں۔ فرما دیجئے میں نہیں جانتا آیا نزدیک ہے وہ جس کا تمہیں

تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا (۲۵) عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى

تُوْعَدُوْنَ	اَمْ	يَجْعَلُ	لَهٗ	رَبِّيْٓ	اَمَدًا	عٰلِمُ	الْغَيْبِ	فَلَا	يُظْهِرُ	عَلٰى
تم وعدہ دیئے جاتے ہو	یا	کرے گا	اس کیلئے	میرا رب	کچھ وقفہ	جاننے والا ہے	غیب کا	تو نہیں	مطلع کرتا	اوپر

وعدہ دیا جاتا ہے یا میرا رب اسے کچھ وقفہ دیگا۔ غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی (عام شخص)

غَيْبِهٖٓ اَحَدًا (۲۶) اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

غَيْبِهٖٓ	اَحَدًا	اِلَّا	مَنِ	ارْتَضٰى	مِنْ رَّسُوْلٍ	فَاِنَّهٗ	يَسْلُكُ	مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ
اپنے غیب پے	کسی کو	مگر	جسے	پسند کرے	رسولوں میں سے	تو بیشک وہ	چلاتا ہے	اس کے آگے

کو مسلط نہیں کرتا۔ سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے (انہی کو مطلع علی الغیب کرتا ہے کیونکہ یہ خاصۂ نبوت اور معجزۂ رسالت ہے)، تو بیشک وہ اس

وَ مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ

رِسٰلٰتِ	اَبْلَغُوْا	قَدْ	اَنْ	لِّيَعْلَمَ	رَصَدًا	مِنْ خَلْفِهٖ	وَ
پیغامات	پہنچائے انہوں نے	بیشک	یہ کہ	تا کہ دیکھے	محافظ	اس کے پیچھے	اور

(رسول ﷺ) کے آگے اور پیچھے (علم غیب کی حفاظت کیلئے) نگہبان مقرر فرما دیتا ہے۔ تا کہ جان لے کہ انہوں نے اپنے رب کے

رَبِّهِمْ وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَ اَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

عَدَدًا	شَیْءٍ	كُلَّ	وَ اَحْصٰى	لَدَيْهِمْ	بِمَا	اَحَاطَ	وَ	رَبِّهِمْ
گنتی میں	چیز کو	ہر	اور گن رکھا اس نے	ان کے پاس ہے	جو	گھیر لیا اس نے	اور	اپنے رب کے

پیغامات پہنچا دیئے ہیں اور اس نے ان کے احوال کا احاطہ کر رکھا ہے اور اس نے ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے۔

آیاتها ۲۰ | ۷۳ سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ ۳ | رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

مِنْهُ	اَوِانْقُصْ	نِّصْفَهٗ	قَلِيْلًا	اِلَّا	الَّيْلَ	قُمِ	الْمُزَّمِّلُ	يٰۤاَيُّهَا
اس سے	یا کم کر لو	آدھی رات	تھوڑی	مگر	رات کو	قیام فرمایا کرو	جھرمٹ مارنیوالے	اے

اے چادر کی جھرمٹ مارنے والے حبیب ﷺ۔ آپ رات کو (نماز میں) قیام فرمایا کریں مگر تھوڑی دیر (کیلئے)۔ اس کا نصف یا

قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَيْكَ

عَلَيْكَ	سَنُلْقِیْ	اِنَّا	تَرْتِيْلًا	الْقُرْاٰنَ	رَتِّلِ	وَ	عَلَيْهِ	اَوْ زِدْ	قَلِيْلًا
آپ پر	جلدی ڈالیں گے	بیشک ہم	آہستہ آہستہ	قرآن	ٹھہر ٹھہر کر پڑھو	اور	اس پر	یا زیادہ کرو	تھوڑا سا

اس سے تھوڑا کم کر لیں۔ یا اس پر کچھ زیادہ کر لیں اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ بے شک ہم عنقریب آپ پر بھاری کلام نازل

قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ

قَوْلًا	ثَقِيْلًا	اِنَّ	نَاشِئَةَ	الَّيْلِ	هِيَ	اَشَدُّ	وَطْاً	وَّ	اَقْوَمُ	قِيْلًا	اِنَّ
بات	بھاری	بیشک	جاگنا	رات کا	وہ	بہت سخت ہے	دباؤ میں	اور	بہت سیدھا ہے	بات میں	بیشک

فرمائیں گے۔ یقیناً رات کا اٹھنا (نفس پر) قوی دباؤ ڈالتا ہے اور اس وقت بات بہت سیدھی نکلتی ہے۔ بیشک

لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ

لَكَ	فِي	النَّهَارِ	سَبْحًا	طَوِيْلًا	وَاذْكُرِ	اسْمَ	رَبِّكَ	وَ	تَبَتَّلْ	اِلَيْهِ
آپ کیلئے	میں	دن	کام ہیں	بہت زیادہ	اور یاد کرو	نام	اپنے رب کا	اور	الگ ہو جاؤ	اسکی طرف

آپ کے لیے دن بہت مصروفیت ہوتی ہے۔ اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہیں اور سب سے ٹوٹ کر

تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

تَبْتِيْلًا	رَبُّ	الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	فَاتَّخِذْهُ	وَكِيْلًا
الگ ہونا	وہ رب ہے	پورب کا	اور	پچھم کا	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	تو پکڑیے اسی کو	کارساز

اسی کے ہو رہیں۔ وہ مشرق و مغرب کا رب ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں پس اسے آپ کارساز بنا لیں۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ

وَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا	يَقُوْلُوْنَ	وَاهْجُرْهُمْ	هَجْرًا	جَمِيْلًا	وَ	ذَرْنِيْ
اور صبر کریں	اوپر	اسکے جو کچھ	کہتے ہیں	اور چھوڑ دیں ان کو	چھوڑنا	اچھا	اور	چھوڑ دیں مجھ کو

اور جو کچھ وہ کہتے ہیں اس پر صبر کریں اور خوبصورتی سے ان سے الگ ہو جائیں۔ اور مجھ پر چھوڑ دیجئے

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا

وَ	الْمُكَذِّبِيْنَ	اُولِي النَّعْمَةِ	وَمَهِّلْهُمْ	قَلِيْلًا	اِنَّ	لَدَيْنَآ	اَنْكَالًا
اور	جھٹلانے والے	دولتمندوں کو	اور مہلت دیں انکو	تھوڑی	بیشک	ہمارے پاس	بیڑیاں ہیں

ان جھٹلانے والے (سرمایہ پرست) مالداروں کو اور انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیجئے۔ بے شک ہمارے پاس ہیں (ان کیلئے)

وَّ جَحِيۡمًا ﴿۱۲﴾ وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿۱۳﴾ يَوۡمَ تَرۡجُفُ

تَرۡجُفُ	يَوۡمَ	اَلِيۡمًا	عَذَابًا	وَّ	ذَا غُصَّةٍ	طَعَامًا	وَّ	جَحِيۡمًا	وَّ
تھر تھرائے گی	جس دن	دردناک	عذاب	اور	گلے میں اٹک جانیوالا	کھانا	اور	بھڑکتی آگ	اور

بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی ہوئی آگ۔ اور گلے میں اٹک جانے والا کھانا اور دردناک عذاب۔ جس دن تھرتھرائیں گے

الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ وَ كَانَتِ الۡجِبَالُ كَثِيۡبًا مَّهِيۡلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ

اَرۡسَلۡنَاۤ	اِنَّاۤ	مَّهِيۡلًا	كَثِيۡبًا	الۡجِبَالُ	كَانَتِ	وَ	وَ الۡجِبَالُ	الۡاَرۡضُ
بھیجا	بیشک ہم نے	بہتے	ریت کے ٹیلے	پہاڑ	ہوجائیں گے	اور	اور پہاڑ	زمین

زمین اور پہاڑ اور پہاڑ ریت کا بہتا ہوا ٹیلا ہوجائیں گے۔ ہم نے تمہاری

اِلَيۡكُمۡ رَسُوۡلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا ﴿۱۵﴾

رَسُوۡلًا	فِرۡعَوۡنَ	اِلٰى	اَرۡسَلۡنَاۤ	كَمَاۤ	عَلَيۡكُمۡ	شَاهِدًا	رَسُوۡلًا	اِلَيۡكُمۡ
رسول	فرعون کی	طرف	بھیجا ہم نے	جیسے	تم پر	جو حاضر و ناظر ہے	رسول	تمہاری طرف

طرف ایک رسول ﷺ تم پر گواہ بنا کر بھیجا ہے

فَعَصٰى فِرۡعَوۡنُ الرَّسُوۡلَ فَاَخَذۡنٰهُ اَخۡذًا وَّبِيۡلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيۡفَ

فَكَيۡفَ	وَّبِيۡلًا	اَخۡذًا	فَاَخَذۡنٰهُ	الرَّسُوۡلَ	فِرۡعَوۡنُ	فَعَصٰى
تو کیسے	بڑا سخت	پکڑنا	تو پکڑا ہم نے اس کو	اس رسول کی	فرعون نے	تو نافرمانی کی

جسطرح ہم نے فرعون کیطرف رسول بھیجا تھا۔ مگر فرعون نے رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے اسے بڑی سختی میں پکڑ لیا۔ پھر کیسے

تَتَّقُوۡنَ اِنۡ كَفَرۡتُمۡ يَوۡمًا يَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِيۡبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ

مُنۡفَطِرٌ	السَّمَآءُ	شِيۡبًا	الۡوِلۡدَانَ	يَّجۡعَلُ	يَوۡمًا	كَفَرۡتُمۡ	اِنۡ	تَتَّقُوۡنَ
پھٹنے والا ہے	آسمان	بوڑھا	بچوں کو	بنادے گا	اس دن کہ	تم کفر کرو گے	اگر	بچو گے تم

بچو گے اگر تم انکار کرو اس دن کا جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔ آسمان اس (کی شدت) سے پھٹ جائے

بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

بِهٖ	كَانَ	وَعْدُهٗ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ	هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ	فَمَنْ	شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى
اس سے	ہے	وعدہ اس کا	پورا ہونیوالا	بیشک	یہ	نصیحت ہے	تو جو	چاہے	پکڑے	طرف

اللہ کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ بے شک یہ نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے رب کی طرف جانے کا

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ

رَبِّهٖ	سَبِيْلًا	اِنَّ	رَبَّكَ	يَعْلَمُ	اَنَّكَ	تَقُوْمُ	اَدْنٰى	مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ
اپنے رب کی	رستہ	بیشک	تمہارا رب	جانتا ہے	کہ تم	قیام کرتے ہو	کچھ کم	دو تہائی رات

راستہ اختیار کر لے۔ بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم قیام کرتے ہو کبھی دو تہائی رات کے قریب

وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ

وَ	نِصْفَهٗ	وَ	ثُلُثَهٗ	وَ	طَآئِفَةٌ	مِّنَ الَّذِيْنَ	مَعَكَ	وَاللّٰهُ	يُقَدِّرُ	الَّيْلَ
اور	آدھی رات	اور	تہائی رات	اور	ایک جماعت	ان میں جو	تمہارے ساتھ ہیں	اور اللہ	اندازہ فرماتا ہے	رات کا

کبھی آدھی رات کبھی تہائی اور ایک جماعت تمہارے ساتھ والی اور اللہ رات

وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

وَ	النَّهَارَ	عَلِمَ	اَنْ	لَّنْ	تُحْصُوْهُ	فَتَابَ	عَلَيْكُمْ	فَاقْرَءُوْا	مَا	تَيَسَّرَ
اور	دن کا	جانتا ہے	یہ کہ	ہرگز نہیں	شمار کر سکو گے اس کو	تو پھر آیا	تم پر	تو پڑھو	جو	آسان ہو

اور دن کا اندازہ فرماتا ہے اسے معلوم ہے کہ اے مسلمانو! تم سے رات کا شمار نہ ہو سکے گا تو اس نے

مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ

مِنَ الْقُرْاٰنِ	عَلِمَ	اَنْ	سَيَكُوْنُ	مِنْكُمْ	مَّرْضٰى	وَ	اٰخَرُوْنَ
قرآن میں سے	اسے معلوم ہے	یہ کہ	عنقریب ہوں گے	تم میں سے بعض	بیمار	اور	کچھ اور

اپنی رحمت سے تم پر رجوع فرمایا اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اُتنا پڑھو اسے معلوم ہے

يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ

يَضْرِبُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	يَبْتَغُوْنَ	مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ	وَاٰخَرُوْنَ
جو چلیں گے	زمین میں	چاہتے ہوں گے	فضل اللہ کا	اور کچھ اور

کہ عنقریب کچھ تم میں سے بیمار ہوں گے اور کچھ زمین میں سفر کریں گے اللہ کا فضل تلاش کرنے

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا

يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَاقْرَءُوْا	مَا	تَيَسَّرَ	مِنْهُ	وَ	اَقِيْمُوا
لڑیں گے	اللہ کی راہ میں	تو پڑھو	جو	آسان ہو	اس سے	اور	قائم کرو

اور کچھ اللہ کی راہ میں لڑتے ہوں گے تو جتنا قرآن میسر ہو پڑھو اور

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا

الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَ	اَقْرِضُوا	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا	وَ	مَا
نماز کو	اور دو	زکوٰۃ	اور	قرض دو	اللہ کو	قرض	اچھا	اور	جو کچھ

نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو قرض حسنہ دو اور اپنے لئے

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا

تُقَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ	مِّنْ خَيْرٍ	تَجِدُوْهُ	عِنْدَ اللّٰهِ	هُوَ	خَيْرًا
آگے بھیجو گے	اپنی جانوں کیلئے	بھلائی سے	اس کو پاؤ گے	اللہ کے پاس	وہ	بہتر ہے

جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس بہتر

وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ ع

وَّ	اَعْظَمَ	اَجْرًا	وَاسْتَغْفِرُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور	بڑا ہے	ثواب میں	اور بخشش مانگو	اللہ سے	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان ہے

اور بڑے ثواب کی پاؤ گے اور اللہ سے بخشش مانگو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

آیاتھا ۵۶ — ۷۴ سُوْرَۃُ الْمُدَّثِّرِ مَکِّیَّۃٌ ۴ — رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿۲﴾ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿۳﴾ وَ ثِیَابَكَ

یٰۤاَیُّهَا	الْمُدَّثِّرُ	قُمْ	فَاَنْذِرْ	وَ	رَبَّكَ	فَكَبِّرْ	وَ ثِیَابَكَ
اے	بالا پوش اوڑھنے والے	کھڑے ہو جاؤ	پھر ڈر سناؤ	اور	اپنے رب کی	بڑائی بیان کرو	اور اپنے کپڑے

اے بالا پوش اوڑھنے والے حبیب کبریا ﷺ اٹھیں اور (لوگوں کو اللہ کا) ڈر سنائیں۔ اور اپنے رب کی بڑائی بیان فرمائیں۔ اور اپنی پوشاک کو (پہلے کی

فَطَهِّرْ ﴿۴﴾ وَ الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿۵﴾ وَ لَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿۶﴾ وَ لِرَبِّكَ

فَطَهِّرْ	وَ الرُّجْزَ	فَاهْجُرْ	وَ	لَا	تَمْنُنْ	تَسْتَكْثِرُ	وَ	لِرَبِّكَ
پاک رکھو	اور بتوں کی پلیدی کو	دور رکھو	اور	نہ	احسان کرو	زیادہ لینے کیلئے	اور	اپنے رب کیلئے

طرح ہمیشہ) صاف رکھیں۔ اور (پہلے کی طرح) بتوں کو چھوڑے رہیے۔ اور (اس غرض سے کسی پر) احسان نہ کریں کہ اس سے زیادہ کے طالب ہوں۔ اور

فَاصْبِرْ ﴿۷﴾ فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ ﴿۸﴾ فَذٰلِكَ یَوْمَىٕذٍ یَّوْمٌ عَسِیْرٌ ﴿۹﴾

فَاصْبِرْ	فَاِذَا	نُقِرَ	فِی النَّاقُوْرِ	فَذٰلِكَ	یَوْمَىٕذٍ	یَّوْمٌ	عَسِیْرٌ
صبر کرو	پھر جب	پھونکا جائے گا	صور میں	تو یہ	دن ہو گا	دن	مشکل

آپ اپنے رب کیلئے صبر کیا کریں۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا۔ تو وہ دن بڑا مشکل دن ہو گا۔

عَلَى الْكٰفِرِیْنَ غَیْرُ یَسِیْرٍ ﴿۱۰﴾ ذَرْنِیْ وَ مَنْ خَلَقْتُ وَحِیْدًا ﴿۱۱﴾

عَلَى	الْكٰفِرِیْنَ	غَیْرُ	یَسِیْرٍ	ذَرْنِیْ	وَ	مَنْ	خَلَقْتُ	وَحِیْدًا
اوپر	کافروں کے	نہیں ہو گا	آسان	چھوڑ دیں مجھ کو	اور	اس کو جسے	میں نے پیدا کیا	اکیلا

کافروں پر آسان نہیں ہو گا۔ آپ اسے مجھ پر چھوڑ دیں جسے میں نے اکیلا (بے سروسامان) پیدا کیا۔

وَّ جَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ﴿۱۲﴾ وَّ بَنِیْنَ شُهُوْدًا ﴿۱۳﴾ وَّ مَهَّدْتُّ لَهٗ

وَّجَعَلْتُ	لَهٗ	مَالًا	مَّمْدُوْدًا	وَّ	بَنِیْنَ	شُهُوْدًا	وَّمَهَّدْتُّ	لَهٗ
اور بنایا میں نے	اس کیلئے	مال	وسیع	اور	بیٹے	حاضر	اور تیاری کی میں نے	اس کیلئے

اور میں نے اسے بہت وسیع مال مہیا کیا تھا۔ اور (اس کے سامنے) حاضر رہنے والے بیٹے (دیئے) تھے۔ اور میں نے اسے (سامان عیش و

تَمْهِیْدًا ﴿۱۴﴾ ثُمَّ یَطْمَعُ اَنْ اَزِیْدَ ﴿۱۵﴾ كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰیٰتِنَا عَنِیْدًا ﴿۱۶﴾

تَمْهِیْدًا	ثُمَّ	یَطْمَعُ	اَنْ	اَزِیْدَ	كَلَّا	اِنَّهٗ	كَانَ	لِاٰیٰتِنَا	عَنِیْدًا
پوری تیاری	پھر	امید رکھتا ہے	یہ کہ	میں زیادہ دوں	ہرگز نہیں	بیشک وہ	تھا	ہماری آیتوں سے	عناد رکھنے والا

عشرت میں) خوب وسعت دی تھی۔ پھر بھی وہ خواہش کرتا ہے کہ میں اسے اور دوں۔ ہرگز نہیں وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے۔

سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿۱۷﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَ قَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَیْفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ

سَاُرْهِقُهٗ	صَعُوْدًا	اِنَّهٗ	فَكَّرَ	وَ	قَدَّرَ	فَقُتِلَ	كَیْفَ	قَدَّرَ	ثُمَّ
جلدی چڑھاؤں گا میں اسکو	صعود پر	بیشک اس نے	سوچا	اور	اندازہ [illegible]	پھر مارا جائے	کس طرح	اندازہ کیا	پھر

عنقریب میں اسے (آگ کے پہاڑ) صعود پر چڑھاؤں گا۔ بیشک اس نے سوچ و بچار کی اور (دل میں) ایک تجویز مقرر کرلی۔ بس اس پر (اللہ کی) مار (یعنی

قُتِلَ كَیْفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَ بَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ

قُتِلَ	كَیْفَ	قَدَّرَ	ثُمَّ	نَظَرَ	ثُمَّ	عَبَسَ	وَ	بَسَرَ	ثُمَّ	اَدْبَرَ
مارا جائے	کس طرح	اس نے اندازہ کیا	پھر	دیکھا	پھر	تیوری چڑھائی	اور	منہ بنایا	پھر	پیٹھ پھیری

لعنت) ہو اس نے کیسی تجویز کی۔ اس پر پھر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو اس نے کیسی تجویز کی۔ پھر اس نے (اپنی تجویز پر دوبارہ) غور کیا۔ پھر تیوری چڑھائی اور

وَ اسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ یُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ

وَاسْتَكْبَرَ	فَقَالَ	اِنْ	هٰذَاۤ	اِلَّا	سِحْرٌ	یُّؤْثَرُ	اِنْ	هٰذَاۤ	اِلَّا	قَوْلُ
اور تکبر کیا	پھر کہا	نہیں	یہ	مگر	جادو	پہلوں سے سیکھا ہوا	نہیں	یہ	مگر	بات

منہ بنایا۔ پھر (اس نے حق سے) پیٹھ پھیری اور تکبر کیا۔ پھر کہا یہ (قرآن) تو وہی جادو ہے جو پہلے سے نقل ہوتا چلا آتا ہے۔ یہ

الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِیْهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِیْ

تُبْقِیْ	لَا	سَقَرُ	مَا	اَدْرٰىكَ	وَمَآ	سَقَرَ	سَاُصْلِیْهِ	الْبَشَرِ
باقی رکھے گی وہ	نہیں	دوزخ	کیا ہے	جانے تو	اور کیا	دوزخ میں	جلدی داخل کروں گا میں اسکو	آدمی کی

انسان کے کلام کے سوا کچھ نہیں۔ میں عنقریب اسے دوزخ میں جھونک دوں گا۔ اور (اے مخاطب) تجھے کیا معلوم سقر کیا ہے؟ وہ نہ

وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَیْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلْنَآ

جَعَلْنَآ	مَا	وَ	تِسْعَةَ عَشَرَ	عَلَیْهَا	لِلْبَشَرِ	لَوَّاحَةٌ	تَذَرُ	لَا	وَ
بنائے ہم نے	نہیں	اور	انیس فرشتے	اس پر ہیں	چمڑا	اتار لیتا ہے	چھوڑے گی وہ	نہیں	اور

کچھ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے۔ آدمی کو جھلس دینے والی۔ اس پر انیس (فرشتے) مقرر ہیں۔ اور ہم نے

اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ

لِلَّذِیْنَ	فِتْنَةً	اِلَّا	عِدَّتَهُمْ	جَعَلْنَا	مَا	وَ	مَلٰٓئِكَةً	اِلَّا	اَصْحٰبَ النَّارِ
ان کیلئے جو	آزمائش	مگر	ان کی گنتی	بنائی ہم نے	نہیں	اور	فرشتے	مگر	دوزخ کے داروغے

دوزخ کے داروغہ صرف فرشتے ہی مقرر کیے اور ہم نے ان کی یہ گنتی نہ رکھی مگر

